ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 ہفتہ 09 محرم الحرام 1447ھ 05 جولائی 2025ء صفحات 08 شمارہ 01
رجسٹرڈ BC-m-1 قیمت 30 روپے PTCL 081-2827345, 081-2827344 Email: mashriqqta2008@gmail.com

افغانستان سے دراندازی کی کوشش ناکام، بھارتی حمایت یافتہ 30 دہشتگرد ہلاک

بھارتی اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد

یکم اور 2 جولائی کی درمیانی رات بھارتی اسپانسرڈ خوارج کی نقل و حرکت کا پتا چلا، جس کے بعد فورسز نے مؤثر کارروائی کی اور حسن خیل سے فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کی دراندازی کی کوشش کو ناکام بنایا

سیکیورٹی فورسز نے غیر معمولی پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ علاقے کو تباہی سے بچالیا، افغان عبوری حکومت پاکستان کے خلاف اپنی سرزمین غیر ملکی پراکسیز کے ہاتھوں استعمال ہونے سے روکے، آئی ایس پی آر

دہشت گرد عناصر کے خاتمے اور ملکی دفاع کے لیے ہمارا عزم غیر متزلزل رہے گا، صدر مملکت، ملک کی حفاظت کے لیے پاکستان کی بہادر افواج سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑی ہیں، وزیراعظم شہباز شریف

فتنۃ الہندوستان کے 30 دہشت گردوں کو عبرتناک انجام تک پہنچا کر سیکیورٹی فورسز نے بڑی کامیابی حاصل کی ہے، دہشت گردوں کا انجام عبرتناک موت ہے، فورسز نے بڑی کامیابی حاصل کی، محسن نقوی

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سیکیورٹی فورسز نے بھارتی سپانسرڈ فتنہ الخوارج کی افغانستان سے دراندازی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 30 دہشت گرد ہلاک کر دیئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے شمالی وزیرستان کے علاقے حسن خیل میں افغانستان سے دراندازی کی کوشش ناکام بنائی اور ہلاک ہونے والے خوارجیوں سے بھارتی مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد کیا۔ سیکیورٹی فورسز کی بھارتی حمایت یافتہ خارجیوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، سیکیورٹی فورسز ہر فتنے پر قابو پانے کیلئے تیار ہیں، سیکیورٹی فورسز بھارتی سپانسرڈ دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے غیر معمولی پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ کسی تباہی سے بچالیا، افغان عبوری حکومت پاکستان کے خلاف اپنی سرزمین غیر ملکی پراکسیز کے ہاتھوں استعمال ہونے سے روکے۔ پاکستانی سیکیورٹی فورسز ملکی سرحدوں کے دفاع کیلئے پرعزم ہیں۔ دوسری جانب صدر مملکت آصف علی زرداری نے فتنہ الخوارج کے مکمل خاتمے کے قومی عزم کا اظہار کیا اور کہا کہ دہشت گردوں کے مکمل خاتمے تک ... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

اپیلیں ضلعی عدالتوں کو بھیجنے پر اسلام آباد ہائیکورٹ میں اختلافات

جسٹس اعجاز اسحاق نے 2 مقدمات واپس بھیجنے کے طریقہ کار پر سوالات اٹھادیے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سول کورٹس کے فیصلوں کیخلاف اپیلیں ضلعی عدالتوں کو بھیجنے پر اسلام آباد ہائیکورٹ میں نیا محاذ کھل گیا، جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے 2 ایڈیشنل ججز کے مقدمات واپس بھیجنے کے طریقہ کار پر سوالات اٹھادیے اور ایڈیشنل رجسٹرار اعجاز احمد کو عدالت میں طلب کرلیا، ایڈیشنل رجسٹرار نے عدالت کو بتایا 2023 کی فل کورٹ میٹنگ ... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

فورسز کی کارروائی میں ہلاک کیے جانے والے بھارتی اسپانسرڈ دہشتگردوں سے برآمد اسلحہ اور گولہ بارود

بھارت تخریب کاری میں ملوث اور دہشتگرد افغانستان کے اندر موجود ہیں، پاکستان

پاکستان سندھ طاس معاہدے پر بھارتی ہٹ دھرمی کیخلاف ثالثی عدالت کے ضمنی فیصلے کا خیر مقدم کرتا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

ضمنی فیصلے سے ظاہر ہوتا سندھ طاس معاہدہ درست، فعال، پاک افغان تعلقات میں بنیادی مسئلہ دہشتگردی ہے، بریفنگ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ بھارت دہشتگردی میں ملوث ہے، ہفتہ وار پریس بریفنگ میں ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ افغانستان کے اندر موجود ہیں، پاکستان نے ثالثی عدالت کے ضمنی فیصلے کا خیر مقدم کیا، افغانستان کے ساتھ تعلقات میں بنیادی مسئلہ ہی دہشت گردی ہے، انہوں نے کہا کہ عدالت نے بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو غیر قانونی معطلی کے بعد فیصلہ جاری کیا، ضمنی ... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

ای سی او کے سربراہی اجلاس میں وزیراعظم شہباز شریف سے ایرانی صدر مسعود پزشکیان ملاقات کر رہے ہیں

درست سمت میں ترجیح بلوچستان کا مستقبل، ہنرمند اور باصلاحیت نوجوانوں سے جڑا ہے، وزیراعلیٰ

ترقیاتی قیادت

یوتھ ایمپاورمنٹ اینڈ انٹیلیجنٹ انیشیٹو کے تحت تقریب کا انعقاد، تربیت مکمل کرنے والے طلباء وطالبات میں اسناد اور انعامات تقسیم

پروگرام کا بنیادی مقصد نوجوانوں کو جدید ہنر سے آراستہ کرنا، روزگار کے بہتر مواقع دینا اور معاشی خود کفالت کو فروغ دینا ہے، سرفراز بگٹی

جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لا کر ترقیاتی منصوبوں کی شفاف اور مؤثر نگرانی ممکن بنائی جاسکتی ہے، محکمہ مواصلات وتعمیرات کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان یوتھ ایمپاورمنٹ اینڈ انٹیلیجنٹ انیشیٹو کے تحت کوئٹہ میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مہمان خصوصی کی حیثیت سے شریک ہوئے تقریب میں وزیراعلیٰ نے ہنرمندی، تخلیقی صلاحیت اور ... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

شہباز شریف سے ایران، ترک، آذری، ازبک صدور کی ملاقاتیں، اہم امور پر تبادلہ خیال، پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان 2 ارب ڈالر سرمایہ کاری کے معاہدے ہوگئے

بھارت نے پانی بند کیا تو جنگ ہوگی

پاکستان اور ایران کیخلاف بھارتی واسرائیلی جارحیت کی مذمت کرتے ہیں، وزیراعظم کا ای سی او اجلاس سے خطاب

سندھ طاس معاہدے کی معطلی ناقابل قبول، پانی چوبیس کروڑ پاکستانی عوام کی لائف لائن ہے، بھارت پانی کو خطے کے امن کے لئے خطرناک ہتھیار بنا رہا ہے، کسی صورت آبی جارحیت نہیں کرنے دیں گے

بھارت نے پاکستان پر حملہ کر کے امن کو خطرے میں ڈالا، پاک فوج نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں جارحیت کا بھرپور جواب دیا، کشمیر کا مسئلہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل ہونا ضروری ہے

بھارت کے غیر قانونی تسلط کا شکار جموں وکشمیر ہو، فلسطین ہو یا ایران، پاکستان دنیا کے کسی بھی حصے میں معصوم لوگوں پر ظلم و بربریت کرنے والوں کے خلاف مضبوطی سے کھڑا ہے، وزیراعظم کا اجلاس سے خطاب

ترک صدر رجب طیب اردوان سے ملاقات میں اہم شعبوں میں تعلقات میں پیش رفت کا عزم، وزیراعظم شہباز شریف نے ایرانی صدر پزشکیان کی قیادت اور ایران کے جنگ بندی کے فیصلے کو سراہا

وزیراعظم نے بھارت کے ساتھ حالیہ تنازعہ میں آذربائیجان کی مستقل حمایت پر صدر الہام کا شکریہ ادا کیا، ازبک صدر شوکت مرزیوئیف سے ملاقات میں مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ... تعاون تنظیم ... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

تاشقند (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی شہری عوامی مسائل سے متعلق درخواستیں پیش کر رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی نے 10 محرم کے بعد تحریک کا آغاز کرنے کی ہدایت کردی، علیمہ خان

عمران نے کہا 27 ویں ترمیم کی بجائے بادشاہت قائم کرلیں، عوام آزادی کیلئے نکلیں، غلامی سے بہتر ہے جیل میں ہی رہوں

تحریک کیلئے پلان تیار کرلیا، عمران خان جیسی قید ملکی تاریخ میں کسی نے نہیں کاٹی، مکمل قید تنہائی میں رکھا گیا ہے، صحافیوں سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) عمران خان کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے 10 محرم کے بعد تحریک کا آغاز کرنے کی ہدایت کردی، راولپنڈی کی انسداد دہشتگردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے کہا بانی پی ٹی آئی ... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا کی 11 سینٹ نشستوں پر انتخابات کی تاریخ کا اعلان

صوبے کی 7 جنرل، 2 خواتین اور 2 ٹیکنو کریٹ کی نشستوں پر پولنگ 21 جولائی کو ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینٹ میں خیبر پختونخوا کی 7 جنرل، 2 خواتین اور 2 ٹیکنوکریٹ نشستوں کیلئے پولنگ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، الیکشن کمیشن کے مطابق ... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کی عوامی وفود اور انفرادی درخواست گزاروں سے ملاقات

دور دراز سے آنیوالے شہریوں نے مسائل، تجاویز اور شکایات وزیراعلیٰ کے سامنے رکھیں

نظام کو بہتر بنا کر عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے، وزیراعلیٰ کی افسران کو ہدایت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعہ کے روز چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں عوامی وفود اور انفرادی درخواست گزاروں سے ملاقات کی ان کے مسائل سنے اور موقع پر ہی متعلقہ افسران کو ان مسائل کے فوری حل کے احکامات جاری کیے وزیراعلیٰ کے اس اقدام کا مقصد حکومت اور عوام کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانا، عوامی ... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کا پاکستان مخالف نظریہ ہمارے اور بھارتی عوام دونوں کیلئے خطرناک ہے، بلاول بھٹو

پاکستان ایف اے ٹی ایف کے مکمل مراحل سے گزر کر یہاں تک آیا، دہشتگردی کیخلاف کارروائیوں کو سراہا گیا

بھارت میں ہونیوالے دہشتگرد حملوں میں ملوث نہیں، بھارت پہلگام حملوں کے ٹھوس شواہد فراہم نہیں کرسکا، انٹرویو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ بھارت کا پاکستان مخالف نظریہ پاکستانی اور بھارتی دونوں عوام کیلئے خطرناک ہے، الجزیرہ کو انٹرویو دیتے ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ بھارت اپنے پاکستان مخالف نظریے کو دنیا کیلئے نارمل ... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کو چین سے بھارتی اہداف کی براہ راست معلومات مل رہی تھیں، نائب سربراہ بھارتی فوج

پاکستان کو نقل وحرکت، سٹرٹیجک تیاریوں کا پہلے سے علم تھا، کہا گیا معلوم ہے آپ کا فلاں اہم ویکٹر تیار ہے

بھارتی نائب آرمی چیف لیفٹیننٹ جنرل راہول سنگھ نے پاکستان کی عسکری برتری کا اعتراف کرلیا

ڈرون ٹیکنالوجی میں خود کفالت کیلئے بھارت کا نیا ترغیبی پروگرام

اقدام خاص طور پر پاکستان کے ڈرون پروگرام کا مقابلہ کرنے کیلئے اٹھایا گیا، رپورٹ

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کیساتھ حالیہ کشیدگی کے بعد بھارت نے ڈرون ٹیکنالوجی میں خود انحصاری حاصل کرنے کیلئے بڑا قدم اٹھالیا، نئی دہلی ... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) معرکہ حق کے دوران پاکستان نے الیکٹرانک اور فیلڈ میں بھارتی فوج کو حیران و پریشان کرکے رکھ دیا، بھارتی فوج کے نائب سربراہ لیفٹیننٹ جنرل راہول سنگھ نے پاکستان کی عسکری برتری کا اعتراف کرلیا، ... پاکستان کو نقل وحرکت، سٹرٹیجک تیاریوں کا پہلے سے علم تھا ... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں چینی کی قیمت میں مزید 2.32 روپے کلو اضافہ

ملک میں چینی کی زیادہ سے زیادہ فی کلو قیمت 196 روپے ہے، ادارہ شماریات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں چینی کی قیمت میں مزید 2 روپے 32 پیسے فی کلو مہنگی ہوگئی جس کے بعد ملک میں چینی کی زیادہ سے زیادہ فی کلو قیمت 196 روپے ... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

مظفر آباد، سیاحوں کی گاڑی دریائے نیلم میں جا گری، 6 افراد جاں بحق

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) آزاد کشمیر کے علاقے وادی نیلم میں جاہانہ کے مقام پر سیاحوں کی گاڑی خوفناک حادثے کا شکار ہو کر دریائے نیلم میں جا گری، 6 افراد جاں بحق، بچہ لاپتہ ... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

محرم کے جلوسوں اور مجالس کو بھرپور سیکورٹی فراہم کی جائے، گورنر

ضلعی انتظامیہ اور پولیس افسران کسی بھی ممکنہ مسئلے کے حل کیلئے ہمہ وقت چوکس رہیں

عوام کے جان ومال کے تحفظ پر کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے تمام ضلعی انتظامیہ اور پولیس افسران کو محرم الحرام کے دوران سخت حفاظتی انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے ... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ن لیگ نے کے پی اسمبلی میں مخصوص نشستوں کی تقسیم کو چیلنج کر دیا

الیکشن کمیشن کا مخصوص نشستوں کا اعلامیہ کالعدم قرار دیا جائے، درخواست میں استدعا

پشاور (بیورو رپورٹ) ن لیگ نے خیبر پختونخوا اسمبلی میں مخصوص ... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ محرم الحرام میں سیکورٹی کے پیش نظر ایف سی اہلکار گشت کر رہے ہیں

6 تا 10 جولائی تک ملک بھر میں بارش اور آندھی کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے کہا ہے کہ 6 سے 10 جولائی تک ملک بھر میں بارش، آندھی اور طوفان کا امکان ہے، بارشوں کے باعث شہری علاقوں میں ... سیلابی صورتحال کا ... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

ایمان قتل کیس، ملزم کے جسمانی ریمانڈ میں 6 روز کی توسیع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے ایمان قتل کیس میں ملزم کے جسمانی ریمانڈ میں 6 روز کی توسیع کردی، یونیورسٹی کی طالبہ 22 سالہ ایمان کے ہاسٹل میں قتل کے کیس میں پولیس ... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، لیاری میں 5 منزلہ عمارت منہدم، 11 افراد جاں بحق، 12 زخمی

گرنیوالی عمارت سے ملحقہ 2 اور 7 منزلہ عمارتوں کو بھی خالی کرالیا گیا، سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کے متعلقہ ڈائریکٹر و ڈپٹی معطل

زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولت فراہم کی جائیں، مستقبل میں حادثات سے بچاؤ کیلئے ترجیحی بنیادوں پر حکمت عملی بنائی

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی کے علاقے لیاری بغدادی میں 5 منزلہ عمارت زمین بوس ہونے سے 11 افراد جاں بحق، 12 زخمی ہوگئے، واقعے کے فوری بعد ریسکیو ادارے، پولیس اور رینجرز کی ٹیمیں فوری موقع پر پہنچیں، زخمیوں میں 3 خواتین شامل ہیں ... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل سے صوبائی محتسب نذر بلوچ، وائس چانسلر گوادر یونیورسٹی ڈاکٹر عبدالرزاق ملاقات کر رہے ہیں

روس کا کیف پر بیلسٹک میزائل سے بڑا حملہ، 23 افراد زخمی

8 گھنٹے سے زائد بمباری، دارالحکومت کے 10 اضلاع کو شدید نقصان پہنچا، رپورٹ

کیف (بیورو رپورٹ) روس کا یوکرین کے دارالحکومت کیف پر بیلسٹک میزائل سے بڑا حملہ، 23 افراد زخمی ہوگئے، رپورٹ کے مطابق 8 گھنٹے سے زائد ... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

تمام محکموں کو افغان مہاجرین کے خلاف کارروائی سے روک دیا گیا

پی او آر کارڈز کی مدت میں توسیع بارے حتمی فیصلہ ہونے تک کوئی کارروائی نہ کی جائے

وزارت سیفران نے وزارت داخلہ، چیف سیکرٹریز اور آئی جیز کو ہدایات جاری کردیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت سیفران نے تمام محکموں کو افغان مہاجرین کے خلاف کارروائی سے روک دیا، وزارت سیفران کی جانب سے پاکستان میں آباد افغان شہریوں کے حوالے سے اعلامیہ جاری کیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ افغان مہاجرین ... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

اسمبلیاں مار دھاڑ اور ہنگامہ آرائی کیلئے نہیں بنیں، سعد رفیق

پنجاب میں پیدا ہونیوالا حالیہ مسئلہ اسمبلی کے اندر ہی حل ہونا چاہیے، لیگی رہنما

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن اراکین کی رکنیت معطلی کے معاملے پر رہنما مسلم لیگ (ن) خواجہ سعد رفیق بول پڑے، سعد رفیق نے کہا اسمبلیاں ... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور امریکہ کے درمیان تجارتی مذاکرات مکمل، ٹیرف معاہدے کی راہ ہموار

دونوں ممالک وسیع تجارتی فریم ورک پر معاہدے کی جانب بڑھ رہے ہیں، کچھ بڑے فیصلوں کی ضرورت، مزید وقت درکار

امریکہ سے خام تیل خریدنے کا فیصلہ کرلیا، تجارتی معاہدہ طے پاتے ہی معاملے کو عملی جامہ پہنائیں گے، وفاقی وزیر پیٹرولیم

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان اور امریکہ کے درمیان جاری تجارتی مذاکرات مکمل، دونوں وفود کے درمیان تجارتی ٹیرف پر بات چیت طے شدہ مدت سے زیادہ وقت تک جاری رہی تاہم بات چیت اب اپنے انتہائی مرحلے میں داخل ہو چکی، ذرائع کے مطابق امریکہ ... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا میں گلیشیئرز پگھلنے سے سیلاب کا الرٹ

موسمی تبدیلیوں کے باعث گلیشیئر جھیلوں کے پھٹنے (GLOF) کا خطرہ بڑھ گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد میں درجہ حرارت میں غیر معمولی اضافے کے بعد محکمہ موسمیات نے گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا میں گلیشیئر پگھلنے سے سیلاب کے خطرے کی وارننگ جاری کردی، ماہر موسمیات زینت یاسین کے مطابق ... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

سائلین کیساتھ نہایت مودبانہ، مہذب، عاجزانہ اور مددگارانہ رویہ اختیار کیا جائے، چیف جسٹس

سائلین کیساتھ کسی بھی اہلکار کے خلاف غیر مناسب رویہ سے متعلق شکایت پر انتہائی سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

عدالت عالیہ کی سائلین کو ہر ممکن تعاون کی فراہمی، مکمل رہنمائی اور کسی بھی قسم کی شکایت کا فوری ازالہ ممکن بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) عدالت عالیہ بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان نے تمام آفیسران واہلکاران عدالت عالیہ میں آنے والے سائلین کے ساتھ نہایت مودبانہ، مناسب، مہذب، عاجزانہ اور مددگارانہ رویہ اختیار کرنے، ان ... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

عدالت نے پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر، رانا شہباز کو اشتہاری قرار دیدیا

خصوصی عدالت نے پی ٹی آئی رہنماؤں کے دائمی وارنٹ گرفتاری بھی جاری کر دیئے

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور کی انسداد دہشتگردی عدالت نے تحریک انصاف کے رہنما حماد اظہر اور رانا شہباز کو اشتہاری قرار دے دیا، جج منظر علی گل نے 9 اکتوبر ... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان یوتھ ایمپاورمنٹ اینڈ انٹیلیجنٹ انیشیٹو کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مالی سال 2024-25 میں تجارتی خسارہ 26.27 ارب ڈالر تک جا پہنچا

برآمدات 32 ارب 10 کروڑ ڈالر سے زائد رہیں، ادارہ شماریات نے رپورٹ جاری کردی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مالی سال 2024-25 کے دوران تجارتی خسارے میں 9 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، ادارہ شماریات نے رپورٹ جاری ... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

کوئی رکن کہیں نہیں جارہا، بجٹ پاس نہ کرتے تو حکومت ختم ہو جاتی، علی امین گنڈاپور

صوبائی حکومت مضبوط، جسے زعم ہے تحریک عدم اعتماد لانے کا شوق پورا کر لے حقیقت سامنے آجائے گی، وزیراعلیٰ کے پی

اپنے ہی ساتھیوں کا پروپیگنڈا تھا بجٹ پیش نہ کروا اور پھر بجٹ پاس نہ کرنے کا شور شروع کردیا، سینئر صحافیوں سے گفتگو

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ کے پی حکومت مضبوط ہے کوئی بھی رکن کہیں نہیں جارہا، جسے زعم ہے وہ تحریک عدم اعتماد لانے کا شوق پورا کرلے حقیقت سامنے آجائے گی، سینئر ... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

دنیا میں 5 جنگیں رکوائیں، امن کے نوبل انعام کا بہترین امیدوار ہوں، ٹرمپ

سمجھ میں نہیں آتا سکول کے پروفیسر کو امن کا نوبل انعام کیوں دیا جاتا ہے جسے کوئی جانتا بھی نہیں، امریکی صدر

امریکہ کے پاس دنیا کی بہترین فوج، جدید ترین طیارے اور اسلحہ ہے، دنیا میں کوئی مقابلہ نہیں، خطاب

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ دنیا میں 5 جنگیں رکوائیں، امن کے نوبل انعام کا ... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

نئے مالی سال کے آغاز کے ساتھ ہی مہنگائی میں اضافہ شروع

ایک ہفتے کے دوران 18 اشیائے ضروریہ مہنگی، 6 سستی، 27 کے نرخ مستحکم

سالانہ بنیاد پر بھی شرح 1.52 فیصد سے بڑھ کر 2.06 فیصد ہوگئی، ادارہ شماریات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رواں مالی سال 2025-26 کے شروع ہوتے ہی ملک میں مہنگائی نے بھی سر اٹھانا شروع کردیا، ایک ہفتے کے دوران ... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

محض تقریر میں خلل پر نااہلی کا مطالبہ قابل قبول نہیں، رضا ربانی

سپیکر پنجاب اسمبلی کا 26 اپوزیشن ارکین کی نااہلی کیلئے ریفرنس بھیجنا افسوسناک ہے

سپیکر ہی ارکان کیخلاف نااہلی کی درخواست دینا سپیکر منصب کے شایان شان نہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے سینئر رہنما اور سابق چیئرمین سینٹ رضا ربانی نے کہا ہے کہ محض تقریر میں خلل ڈالنے پر 26 اپوزیشن ارکان ... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل سے جنگ کے دوران معطل پروازیں بحال

7 مسافر طیارے واپس ایران منتقل

تہران (بیورو رپورٹ) اسرائیل سے جنگ کے دوران ایران کے مختلف ایئرپورٹس سے منتقل کیے گئے 7 مسافر طیارے 15 روز بعد واپس ایران منتقل کر دیئے گئے، ایوی ایشن ذرائع کے مطابق اسرائیل سے جنگ کے دنوں میں فضائی حدود کی بندش کی ... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

انسانی حقوق کونسل میں پاکستانی سفارتکار نے بھارت کو آئینہ دکھا دیا

کوئی ابہام نہیں بھارت پاکستان میں دہشتگردوں کی پشت پناہی کر رہا ہے، دانیال حسین

نیویارک (بیورو رپورٹ) اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کے 59 ویں اجلاس میں پاکستانی سفارتکار دانیال حسین نے بھارت کو آئینہ دکھاتے ہوئے پاکستانی سفارتکار دانیال حسین نے کہا بھارت ... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ جنگ بندی پر حماس کا جواب 24 گھنٹے میں آجائے گا، امریکی صدر

معاہدے کے نتیجے میں خطے میں جاری تنازع کے خاتمے کی راہ ہموار ہوگی، ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ غزہ میں اسرائیل کیخلاف جنگ بندی معاہدے کیلئے حماس کے فیصلے کا آئندہ 24 گھنٹوں میں ... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

لکی مروت میں پولیس کی کارروائی، انتہائی مطلوب 2 دہشتگرد گرفتار

پشاور (بیورو رپورٹ) لکی مروت میں پولیس نے رات گئے اہم کارروائی کرتے ہوئے انتہائی مطلوب 2 دہشتگردوں کو گرفتار کرلیا، دہشتگردوں کی شناخت بلال ... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

اچھی طرز حکمرانی کا قیام مضبوط ضلعی انتظامیہ کے بغیر ممکن نہیں، سرفراز بگٹی

عوامی خدمت، گڈ گورننس، اور ضلعی سطح پر سروس ڈیلیوری میں بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے

وزیراعلیٰ نے نمایاں کارکردگی پر ڈپٹی کمشنر گوادر اور ڈی سی چاغی کو حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ سے نوازا

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سروس ڈیلیوری اور مفاد عامہ کے امور میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ڈپٹی کمشنر گوادر ... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاق کی جانب سے قیدیوں کیلئے عرش، دیت و دمن کی ادائیگی کیلئے 80 لاکھ روپے جاری

اس اقدام کا مقصد اُن قیدیوں کو رہائی دلوانا ہے جو اپنی سزا پوری کرنے کے باوجود جیلوں میں قید ہیں

حکومت بلوچستان اس رقم کو شفاف طریقے سے مستحق قیدیوں میں تقسیم کرے گی، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی مشترکہ کوششوں کے نتیجے میں وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق، انصاف وقانون ... وفاقی حکومت نے بلوچستان کے قیدیوں کیلئے ایک اہم اور انسان دوست اقدام اٹھایا ہے ... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ، اسرائیلی حملوں میں زخمی ہونیوالے فلسطینیوں کو طبی امداد کیلئے لے جایا جا رہا ہے

بلوچستان رائٹرز گلڈ کے زیر اہتمام محفل مسالمہ

اکادمی ادبیات کوئٹہ میں گزشتہ روز بلوچستان رائٹرز گلڈ کے زیر اہتمام محفل مسالمہ کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت معروف شاعر عظمیٰ جون نے کی۔ جبکہ

ادبی منظر نامہ

شیخ فرید

مہمانان گرامی کی حیثیت سے نور خان نواب محمد حسنی اور محترمہ تسلیم صنم کو مدعو کیا گیا تھا نظامت کے فرائض راقم الحروف (شیخ فرید) نے ادا کئے۔ محفل مسالمہ کا آغاز مشہور نعت خواں شہزاد عالم نے امام عالی مقام کے حضور عقیدت بھرا نذرانہ منقبت پیش کر کے کیا۔ جسے حاضرین نے بے حد داد سراہا اور پسندیدگی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر صدر مجلس اور دیگر مقررین نے نہ صرف اپنا کلام پیش کیا بلکہ واقعہ کربلا کے مختلف پہلوؤں پر بھی بات کی۔ انہوں نے کہا کہ اردو ادب میں مسالمہ کا اہم کردار رہا ہے اور محفل مسالمہ ادبی روایات کا ایک اہم باب ہے جو آج سے نہیں بلکہ صدیوں سے چلا آرہا ہے انیس و دبیر سے لے کر عہد موجودہ کے شعراء تک واقعہ کربلا ایک ایسا ناقابل فراموش واقعہ ہے جس کا اثر جا بجا دکھائی دیتا ہے۔ اس موقع پر شعراء کرام نے گلہائے عقیدت پیش کئے ان میں جن شعراء کا کلام ضبط تحریر لا سکا وہ قارئین کی نذر ہے۔

تشنہ رہی حیات وہیں کربلا کے بیچ
بہتا رہا فرات وہیں کربلا کے بیچ
عظمیٰ جون

وہ مقتدی بھی کیا تھے کہ جن کو نصیب تھی
وقت نماز عشق امامت حسین کی
تسلیم صنم

لکارہا ہے حسین کہہ۔
فلک بھی حیراں ہے تک رہا ہے
پروفیسر رشید حسرت

وقت نماز عصر ہوا تو حسین نے
تلوار رکھ دی اور بلائے ہیں رنج و غم
ڈاکٹر عمران کامل ہاشمی

تقریب میں محترمہ صدف غوری اور سرور سودائی نے ٹیلی فونک رابطے سے منسلک ہو کر اپنا کلام پیش کیا۔

حضرت امام حسینؓ کی قربانی کو مشعل راہ بنا کر اسرائیل کے مظالم روکے جاسکتے ہیں، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما اور سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، سردار حسن شاہ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر وائس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، امین آغا، ارشد اچکزئی، توقیر بھٹی، ضیاالحق، نعمت اللہ، سردار بہلول اور سردار احمد نے محرم الحرام کی مناسبت سے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ محرم ہمیں ایثار، قربانی اور حق پر ڈٹے رہنے کا پیغام دیتا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ حضرت امام حسینؓ اور ان کے جانثاروں نے باطل کے سامنے سر نہ جھکایا، جبکہ کوفیوں کا یزید کے خوف سے باطل کا ساتھ دینا تاریخ کا سیاہ باب ہے۔ آج بھی امریکہ، اسرائیل اور یورپی قوتیں مسلمانوں پر یلغار کر رہی ہیں، جیسا کہ عراق، شام، میانمار، افغانستان، فلسطین اور ایران کے حالات سے واضح ہے۔ انہوں نے ایران کے کردار کو قابل فخر قرار دیتے ہوئے کہا کہ اگر تمام اسلامی ممالک حضرت امام حسینؓ کی قربانی کو مشعل راہ بنائیں تو وہ دنیا کی کسی بھی طاقت کے مقابلے میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ موجودہ حالات میں امت مسلمہ کو متحد ہو کر غیرت ایمانی سے عالم کفر کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کو اپنے وسائل کو یکجا کر کے مستقبل کی منصوبہ بندی کرنا ہوگی۔

ملازمین کو اعلیٰ افسرز سے بدتمیزی، غیر مناسب رویے کا حق حاصل نہیں ہے، ڈاکٹر ظہور احمد بازئی

BS امتحانات، کلاس شیڈول، درپیش مالی و انتظامی چیلنجز، ملازمین کے رویے سے متعلق اجلاس میں اظہار خیال

ڈینز، ڈائریکٹرز، چیئرپرسنز اور انتظامی سربراہان کی موجودگی میں رجسٹرار محمد طارق جوگیزئی نے امتحانی تیاریوں سے متعلق رپورٹ پیش کی

کوئٹہ (پ ر) جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں جامعہ کے ڈینز، ڈائریکٹرز، چیئرپرسنز اور انتظامی سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس میں جامعہ کے تعلیمی، انتظامی اور مالی معاملات کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا، خاص طور پر آئندہ BS امتحانات، کلاس شیڈول اور مختلف شعبوں کو درپیش مالی و انتظامی چیلنجز زیر بحث آئے۔ مقصد یہ تھا کہ تعلیمی نظام کو مؤثر اور رواں رکھا جاسکے۔ تمام شرکاء نے اجلاس میں اپنے قیمتی تجاویز اور شعبہ جاتی رپورٹس پیش کیں۔ وائس چانسلر نے تمام تجاویز کو سراہتے ہوئے ٹیم ورک، شفافیت اور طلبہ کو مرکز توجہ رکھنے پر زور دیا۔ اجلاس میں یونیورسٹی ملازمین کے رویے سے متعلق اہم نکات زیر بحث آئے۔ وائس چانسلر نے واضح الفاظ میں کہا کہ کسی بھی ملازم کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ کسی اعلیٰ افسر سے بدتمیزی یا غیر مناسب رویہ اختیار کریں رجسٹرار جامعہ بلوچستان، محمد طارق جوگیزئی بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ اور انتظامی امور اور امتحانی تیاریوں پر اہم نکات پیش کیے اجلاس کا اختتام اس عزم کے ساتھ ہوا کہ جامعہ میں تعلیمی معیار اور ادارہ جاتی ذمہ داری کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔

کوئٹہ، جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی جامعہ کے ڈینز، ڈائریکٹرز اور چیئرپرسنز کے میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

پی پی پی کوئٹہ ڈویژن کے دفتر میں یوم سیاہ کی تقریب منعقد ہوگی

ڈویژن کے صدر سردار خیر محمد ترین، مرکزی، صوبائی اور ضلعی قائدین خطاب کریں گے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلزپارٹی کوئٹہ ڈویژن کے زیر اہتمام 5 جولائی بروز ہفتہ کو شام پانچ بجے کوئٹہ ڈویژن کے صدر میں یوم سیاہ کے حوالے سے پروگرام منعقد ہوگا جس کی صدارت کوئٹہ ڈویژن کے صدر سردار خیر محمد ترین کریں گے تقریب سے مرکزی، صوبائی اور ضلعی قائدین خطاب کریں گے پیپلز پارٹی اور تمام ذیلی ونگز کو پروگرام میں شرکت کی ہدایت کی گئی ہے۔

کوئٹہ، پاکستان مسلم لیگ ن یوتھ ونگ بلوچستان کے صوبائی صدر سردار نقیب ترین کی زیر صدارت اجلاس سے صوبائی سیکرٹری جنرل میر سجاد ریکسانی، میر معین الدین کرد، عرفان بلوچ، ولی اچکزئی و دیگر اظہار خیال کر رہے ہیں

وفاقی محتسب کی ہدایت پر زاہد اقبال کو بجلی کے بل پر 7400 روپے کا ریلیف فراہم کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے احکامات پر شکایت گزار زاہد اقبال کو بجلی کے بل پر 7400 روپے کا ریلیف فراہم کر دیا گیا۔ درخواست گزار نے بتایا کہ ان کی جگہ گزشتہ 30 سال سے خالی ہے، اس کے باوجود انہیں 21,619 روپے اضافی چارجز کا بل بھیج دیا گیا۔ اس سے قبل ان خالی جگہوں کے لیے صرف فکسڈ چارجز لاگو ہوتے رہے، جن کی ادائیگی وہ باقاعدگی سے کرتے رہے ہیں۔ درخواست گزار کے مطابق، انہوں نے ان چارجز کے خلاف متعلقہ ادارے سے رابطہ کیا، تاہم ایک سال سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود ان کی شکایت کا ازالہ نہیں کیا گیا۔ لہٰذا انہوں نے ان غیر قانونی کٹوتیوں کو ختم کرنے کے لیے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا۔ اور متعلقہ محکمہ کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار زاہد اقبال کے بل کی درستگی کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمہ نے بروقت بل کی درستگی کی جس سے شکایت گزار کو 7400 کا ریلیف فراہم کر دیا گیا۔

محرم الحرام ہمیں اتحاد اور یکجہتی کا درس دیتا ہے، قاری محمد اسماعیل

امام حسینؓ کی قربانی ظلم کے خلاف لڑنے کی ترغیب دیتی ہے، مولوی نور الدین

کوئٹہ (پ ر) محرم الحرام کا مہینہ مسلمانوں کے لیے نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ یہ مہینہ نہ صرف تاریخ اسلام کا ایک سنگ میل ہے بلکہ ہمارے اندر ہمدردی، بھائی چارہ، اور اتحاد کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ حضرت امام حسینؓ کی قربانی اور ان کا یزید کے ساتھ عدم مفاہمت، مسلمانوں کے لیے ایک روشن راستہ ہے، جو ہمیں دین اسلام کی اصل تعلیمات سے آشنا کرتا ہے۔ محرم الحرام کے حوالے سے ان خیالات کا اظہار قاری مفتی محمد اسماعیل اور مولوی نور الدین نے نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی میں نماز جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ قاری مفتی محمد اسماعیل نے کہا کہ محرم الحرام کا مہینہ مسلمانوں کو یہ سبق دیتا ہے کہ ہمیں دین اسلام کے اصولوں پر قائم رہنا چاہیے، چاہے اس کے لیے کتنی ہی قربانیاں دینی پڑیں۔ امام حسینؓ کی شہادت نے دنیا کو یہ بتا دیا کہ اصولوں کی خلاف ورزی اور ظلم کو کبھی بھی برداشت نہیں کیا جاسکتا۔ حضرت حسینؓ نے اپنی جان کی قربانی دی، لیکن یزید کی اطاعت کو قبول نہ کیا جو کہ ایک اہم پیغام ہے کہ ایمان کی سچائی اور راستبازی کو کسی بھی قیمت پر نہیں چھوڑنا چاہیے۔ مولوی نور الدین نے اپنے خطاب میں مزید کہا کہ محرم الحرام ہمیں اپنی صفوں میں اتحاد اور یکجہتی کی اہمیت کا درس دیتا ہے۔ ہمیں اپنے اختلافات کو پس پشت ڈال کر ایک دوسرے کے ساتھ بھائی چارے کے ساتھ رہنا چاہیے۔

پرنسپل محمد سکندر کے لرزہ خیز قتل کی مذمت کرتے ہیں، آل اقراء اسکولز آرگنائزیشن

اگر واقعی بچے پر تشدد کا معاملہ تھا تو والد نے قانون کے مطابق صلح کر کے معافی دے دی

کوئٹہ (پ ر) آل اقراء پرائیویٹ اسکولز آرگنائزیشن کا کچلاک میں الفلاح پبلک اسکول کلی لنڈی کے پرنسپل محمد سکندر کے لرزہ خیز قتل پر آل اقراء پرائیویٹ اسکولز آرگنائزیشن ضلع کوئٹہ کا شدید رنج و غم کا اظہار کچلاک میں الفلاح پبلک اسکول کلی لنڈی کے پرنسپل محمد سکندر کے لرزہ خیز قتل پر آل اقراء پرائیویٹ اسکولز آرگنائزیشن ضلع کوئٹہ کے تمام ذمہ داران، سربراہان مدارس و اسکولز اور اساتذہ برادری نے شدید رنج و غم اور غصے کا اظہار کرتے ہوئے اس بہیمانہ واقعے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اساتذہ رہنماؤں نے کہا کہ ایک استاد اگر غلطی کا مرتکب بھی ہو تو ریاستی قانون، عدالتیں، تعلیمی فورمز اور والدین کے مذاکراتی اختیارات موجود ہوتے ہیں، نہ کہ کسی شخص کو یہ اجازت دیا جائے کہ وہ قانون کو اپنے ہاتھ میں لے کر استاد پر دن دہاڑے خنجروں سے وار کر کے اسے قتل کر دے۔ اساتذہ راہنماؤں نے خاص طور پر مفتی محمود میموریل ہسپتال کچلاک کے ایم ایس کو اس واقعے میں شامل جرم قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایک طبی ادارے کا کام مریض کا علاج کرنا ہوتا ہے نہ کہ خود ساختہ ایف آئی آر درج کروا کر قتل جیسے نتائج تک بات پہنچانا۔ اگر واقعی بچے پر تشدد کا معاملہ تھا تو والد نے قانون کے مطابق صلح کر کے بچے کی طرف سے معافی دے دی تھی۔

ایس ایچ او سٹی آفتاب علی، اور مرکزی انجمن تاجران صدر عبدالرحیم کاکڑ صدر میں دکانوں کو سیل کرنے کی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

5 جولائی پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، سردار سربلند جوگیزئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلزپارٹی بلوچستان کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ 5 جولائی پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے اس دن ایک آمر نے پاکستان کے مزدوروں، کسانوں اور کچلے ہوئے طبقہ کے منتخب عوامی حکومت کا تختہ الٹ کر مارشل لاء نافذ کیا، جنرل ضیاالحق نے وہ حکومت ختم کی جس نے مزدوروں کو انجمن سازی کا حق دیا جو کسان کی نمائندہ حکومت تھی جو طلباء کی آواز اور عوام کی منتخب کردہ حکومت تھی پارٹی پانچ جولائی کو ضیاء آمریت، شہید ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت کا خاتمہ کر کے جمہوریت پر شب خون مارا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ 05 جولائی کا دن جمہوری اداروں اور جمہوریت پر یقین رکھنے والوں کے لئے یوم سیاہ کی حیثیت رکھتا ہے اس دن ایک ڈکٹیٹر نے منتخب جمہوری حکومت کا تختہ الٹ کر جمہوریت پر کاری ضرب لگائی تھی، پاکستان پیپلز پارٹی 05 جولائی کے دن کو تاریخ کا سیاہ ترین دن قرار دیتی ہے، جمہوریت کو پروان چڑھانے کے لئے پیپلز پارٹی کی قربانیاں کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں۔

کوئٹہ پولیس کا کارنامہ ہوائی فائرنگ میں ملوث ملزم گرفتار کر لیا

کوئٹہ (اے پی پی) کوئٹہ پولیس نے ہوائی فائرنگ میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایس پی آپریشن محمد بلوچ کے مطابق پشتون آباد پولیس تھانے کے عملے کارروائی کرتے ہوئے ہوائی فائرنگ میں ملوث ملزم عبدالرحمن کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ اور گولیاں برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا۔ مزید تفتیش متعلقہ پولیس کر رہی ہے۔

تھانہ شالکوٹ اور نیو کچلاک کے ایس ایچ اوز تبدیل کر دیئے گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تھانہ شالکوٹ اور نیو کچلاک کے ایس ایچ اوز تبدیل کردیئے گئے سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس آپریشنز کوئٹہ کے دفتر سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ایس ایچ او شالکوٹ عابد رضا مینگل کو ایس ایچ او نیو کچلاک اور ایس ایچ او نیو کچلاک خیر محمد کو تھانہ شالکوٹ تعینات کیا گیا ہے۔

پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کلی عیسیٰ خیل کے رکن روزی خان عیسیٰ خیل انتقال کر گئے۔

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ہنہ اوڑک کلی عیسیٰ خیل ابتدائی یونٹ کے رکن روزی خان عیسیٰ خیل گزشتہ روز انتقال کر گئے وہ سعد اللہ عیسیٰ خیل، سید نور، نعمت اللہ، نجیب اللہ، محمد ادریس کے بھائی نقیب اللہ، عصمت اللہ، حضرت اللہ کا چچا زاد تھے، مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی شابان چوک مسجد میں جاری ہے۔ دریں اثناء پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سینئر سیکرٹری سید قادر آغا، صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، صوبائی سیکرٹری اول فقیر خوشحال کاسی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز نذا شگر، رحمت اللہ صابر، مرکزی کمیٹی کے اراکین حاجی عبدالعلی شموزئی، خیال محمد، ہنہ اوڑک کے علاقائی سیکرٹری ہدایت افغان اور سینئر معاون سیکرٹری ملک ناصر خان نے مرحوم روزی خان عیسیٰ خیل کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دیں اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کریں۔

یوٹیلٹیز کے افیسر محمد اویس خان دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے

کوئٹہ (این این آئی) اسسٹنٹ ڈائریکٹر فنانس یوٹیلٹی محمد اویس خان دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے وہ نیشنل بینک کے سابق آفیسر محمد عارف نواب کے بڑے صاحبزادے ڈی ایس پی عابد نواب کے بھتیجے کمپیوٹر پروگرامر فنانس ڈپارٹمنٹ محمد عامر خان آفس اسسٹنٹ پرو وائس چانسلر یوٹیلٹی محمد زوہیب خان عماد خان محمد حسن خان کے بھائی تھے ان کی نماز جنازہ صدیقہ مسجد میں اور تدفین ریلوے سوسائٹی قبرستان میں کردی گئی ان کی فاتحہ خوانی عثمانیہ مسجد غازی اسٹریٹ اسٹیورٹ روڈ کوئٹہ میں کی جائے گی

پشین، حاجی عبدالغفار لالا انتقال کر گئے

پشین (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ابتدائی یونٹ کلی ختائی بابا کے سیکرٹری حفیظ اللہ، سمیع اللہ، مطیع اللہ، عصمت اللہ کے والد اور پشتونخوا میپ کے مرکزی کمیٹی کے ممبر ڈاکٹر حبیب الحق بازئی کے بہنوئی حاجی عبدالغفار لالا گزشتہ روز انتقال کر گئے۔ مرحوم کی فاتحہ خوانی کلی ختائی بابا میں انکے گھر پر ہوگی۔ دریں اثناء پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، ضلع پشین کے سیکرٹری عمر خان ترین، (صوبائی و ضلعی کابینہ کے اراکین) تحصیل کاریزات سیکرٹری ڈاکٹر حبیب اللہ، سینئر معاون سیکرٹری عمر خان عمری، علاقائی سیکرٹری حاجی نقیب اللہ، سینئر معاون سیکرٹری عصمت اللہ کاکڑ نے حاجی عبدالغفار لالا کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی ہے۔

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس 14 سے 18 جولائی تک منعقد ہوں گے

کوئٹہ (اے پی پی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس 14 جولائی سے 18 جولائی 2025 تک منعقد ہوں گے۔ بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق بلوچستان پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس 14 جولائی سے لیکر 18 جولائی تک اسمبلی کے کمیٹی روم میں منعقد ہوں گے۔ ان اجلاسوں میں محکمہ ریونیو، صنعت و تجارت، سروسز و جنرل ایڈمنسٹریشن، اعلیٰ و ثانوی تعلیم اور توانائی کے مالی و آڈٹ معاملات کا جائزہ لیا جائے گا۔

CORRIGENDUM

with reference to advertisement Published in daily news paper on 20th June 2025 vide **AB No. 1251/19-6-2025** having **TSE-242506760683, TSE-242506760633, TSE-242506760743, TSE-242506760763 and TSE-242506760773.**

The evaluation criteria has been modified in bidding documents as per BPPRA direction and the date of opening is extended from 7th July, 2025 to 10th July, 2025.

DEVELOPMENT OFFICER
LOCAL GOVERNMENT/RD
DALBANDIN

AB No.22/04-7-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The DEVELOPEMENT OFFICER PEHLLAWAGH DERA BUGTI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1500/- and Bid Security 2% for each work.

S.No	Name of Work's	E/Cost
1	PURCHASE OF SOLAR PLATES UNION COUNCIL GAZANIGAL. **TSE-252607775343**	2,350,000
2	PURCHASE AND INSTALLATION OF SOLAR PLATES KILLI SAEED AHMED FOR UC LOPE SEHRANI **TSE-252607773793**	2,208,000
3	PURCHASE OF SOLAR PLATES FOR UC THANGWANI **TSE-252607773333**	2,500,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure (TSE-252607775343, TSE- 252607773793, TSE-252607773333) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Last Date and Time of Bid Submission** 21 July, 2025 at 10:00 AM and will be opened on same day at 11:00 AM **Address:** DEVELOPMENT OFFICER PEHLLAWAGH DERA BUGTI
Phone no: 3002989888
Email: devlopementofficerpelawag1515@gmail.com

DEVELOPMENT OFFICER
PEHLLAWAGH DERA BUGTI

AB No.19 /04-7-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

1. Advertisement bearing No. PID (Q) 469/24, published in the dailies "Jung, Mashriq, Awam& Express Pakistan" on 30.05.2025 for inviting application on various posts through online and G.P.O. Post Box No 86, Quetta" and subsequent corrigendum to this effect bearing No. PID(Q) 493/24, published in the dailies "Jung, Mashriq, Awam& Express Pakistan" on 15.06.2025.
2. In the said advertisement the number of vacantposts of Data Entry Operator (BS-14)mentioned at Sl. No. 1 **may be read as 21 (under Colum No.5).**
3. In the said advertisement the number of vacant posts of NaibQasid (BS-02) mentioned at Sl. No. 5 **may be read as 16 (under Colum No.5).**

Note:- The rest of terms and conditions will remain the same as already advertised.

Deputy Director (HQ)
Balochistan, Quetta
PID(Q)09/25

اطلاع برائے ٹیسٹ

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں تعلیمی سیشن 2025-26 داخلہ برائے انڈر گریجویٹ ڈگری پروگرامز B.Sc(Hons:) Agriculture، صوبہ بلوچستان کیلئے مختص کردہ نشستوں کے پہلا انٹری ٹیسٹ مورخہ 13-07-2025 اور دوسرا انٹری ٹیسٹ مورخہ 03-08-2025 برائے داخلہ یونیورسٹی ہذا میں منعقد کئے جا رہے ہیں۔ داخلے کے خواہشمند بلوچستان کے لوکل رہائشی امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخوں کو انٹری ٹیسٹ میں یونیورسٹی ہذا میں شامل ہو جائیں اور امیدواران پہلا اور دوسرا انٹری ٹیسٹ میں شامل ہونے کے لئے مذکورہ یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.uaf.edu.pk پر بذریعہ آن لائن اپلائی اور رجسٹریشن کریں۔ داخلے سے متعلقہ دیگر معلومات کیلئے ٹیلی فون نمبر: (041-9201746),(041-9200161-70,Ext:2113) اور Email:-(Adress)registrar@uaf.eud.pk/drsrb@uaf.eud.pk کو ملاحظہ کریں۔ **نوٹ:** مزید معلومات کیلئے اوپر دیئے گئے ویب سائٹ کو ملاحظہ فرمائیں اور ٹیلی فون نمبرز پر رابطہ کریں۔

ناظم اعلیٰ زراعت
توسیع بلوچستان کوئٹہ

PRQ No 46/04-07-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

INVITING TENDER NOTICE No. 01 / 2025-26

The Deputy Director, Secretary / Member, Health Welfare Committee, (CENAR) Hospital, Quetta. Invites sealed tender for the supply of Cancer and General Medicines for **Treatment of Deserving Patients from Pakistan Bait-ul-Mall (PBM) for the Financial Year, 2025-2026.**
(Tender Cost Approximately 10.00 Million).

1. **Eligibility of Bidders :-** Valid drug sales License / Registration in according with Drug Regulatory Authority of Pakistan (DRAP) Rules in the relevant category. Turnover certificate from Scheduled Bank of at least Rs. 02.50 million in last year showing financial capacity of the firm. Registration with Income Tax Department and firm name shall be on Active Taxpayer List (ATL) of Federal Board Revenue.
2. **Procedure of Procurement :-** Single Stage-One Envelop Procedure.
3. **Bid Security :-** The bids must accompany Bid Security (2%) in the form of Call deposit of Bank Guarantee in the name of undersigned from a Scheduled Bank.
4. **Issuance of Tender Documents :-** The biding documents The bidding documents can be obtained from the office of the Deputy Director, Social Welfare, Secretary / Member, Health Welfare Committee (CENAR) Hospital, Quetta on any working day during office hours on cash payment of Tender Fee Rs. 1000/- (Non-refundable). The Tender Notice and Bidding Documents uploaded in PPRA website can be seen on www.ppra.org.pk.
5. **Last date of bid submission :-** Bid can only be submitted electronically latest by **on Monday dated 21st July, 2025 at 11:00 AM** in the office of Deputy Director Social Welfare, Secretary / Member, Health Welfare Committee (CENAR) Hospital, Quetta.
6. **Tender Opening :-** Tender will be Opened **on Monday dated 21st July, 2025 at 12:00 PM** in the presence of bidders or their authorized representative in the office of the Director CENAR Hospital, Quetta.
7. **Address :-** Office of the Deputy Director, Social Welfare, Secretary / Member, Health Welfare Committee (CENAR) Hospital Near (BMC) Hospital Brewery Road, Quetta Phone No. 081-9213221 / 0321-8092858 **Email: swdcenar456@gmail.com**

(DEPUTY DIRECTOR)
Secretary / Member, Health Welfare Committee, (CENAR) HOSPITAL,Q U E T T A

PID(Q)04/25

TENDER NOTICE

The undersigned invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023 of GOB, amended up-to-date from the interested contractors / firms for the works listed below; **Time Limit: 06 Months (Each Scheme), Earnest Money: 5% (Each Scheme) ALLOCATION OF FUNDS:- UNDER THE PROGRAM REHABILITATION FROM FLOOD DAMAGE FOR THE YEAR 2022-23**

S.#	NAME OF PROPOSED SCHEME	E/COST
1.	CONSTRUCTION OF SOLAR BASED WATER SUPPLY SCHEME FOR IRRIGATION PURPOSE IN THE AGRICULTURAL LAND OF CHAKAR KHAN SEYHPAD UNION COUNCIL SAKRAN, DISTRICT HUB. **TSE-252607775903**	4,000,000
2.	CONSTRUCTION OF SOLAR BASED WATER SUPPLY SCHEME FOR IRRIGATION PURPOSE IN THE AGRICULTURAL LAND OF ABDUL GHAFOOR MUHAMMAD HASSANI UNION COUNCIL SAKRAN, DISTRICT HUB. **TSE-252607775963**	4,000,000
3.	CONSTRUCTION OF COMMUNITY HALL VILLAGE / GOTH GHULAM NABI MUHAMMAD HASSANI MUHALLAH ABDUL GHAFOOR UNION COUNCIL SAKRAN DISTRICT HUB. **TSE-252607776013**	2,500,000
4.	CONSTRUCTION OF COMMUNITY HALL VILLAGE / GOTH HAJI BACHO QADAR BAKHSH SUMALANI MUHALLAH UNION COUNCIL SAKRAN DISTRICT HUB. **TSE-252607776033**	2,500,000
5.	CONSTRUCTION OF COMMUNITY HALL VILLAGE / GOTH AYOUB MOONDRA UNION COUNCIL SAKRAN DISTRICT HUB. **TSE-252607776053**	2,500,000
6.	PROVISION & INSTALLATION OF SMALL HOME SOLAR SYSTEM WITH BACKUP 1NO DC FAN AND 2NOS DC BULB FOR DESERVING FAMILIES OF VILLAGE / GOTH HAJI BACHO UNION COUNCIL SAKRAN, DISTRICT HUB. **TSE-252607776093**	2,500,000
7.	CONSTRUCTION OF BOUNDARY WALL FOR COMMUNITY HALL VILLAGE / GOTH HAJI DEEN MUHAMMAD MOONDRA UNION COUNCIL SAKRAN DISTRICT HUB. **TSE-252607776113**	2,500,000
8.	CONSTRUCTION OF BOUNDARY WALL FOR COMMUNITY HALL VILLAGE / GOTH WADERAH YAQOOB KHASKHAILY UNION COUNCIL SAKRAN DISTRICT HUB.**252607776203**	2,300,000
9.	CONSTRUCTION OF SOLAR BASED COMMUNITY WATER SUPPLY SCHEME FOR DRINKING WATER PURPOSE IN SHAHEED BITH UNION COUNCIL SAKRAN, DISTRICT HUB.**252607776233**	2,000,000
10.	CONSTRUCTION OF BATH ROOM FOR COMMUNITY HALL HAJI UMER MUHALLAH VILLAGE / GOTH HAJI HASHIM WAHOWRA UNION COUNCIL SAKRAN, DISTRICT HUB.**252607776243**	1,000,000
11.	REPAIR OF COMMUNITY HALL VILLAGE / GOTH HAJI HASHIM WAHOWRAUNION COUNCIL SAKRAN, DISTRICT HUB.**252607776253**	1,500,000
12.	REPAIR OF COMMUNITY HALL VILLAGE / GOTH HAJI BACHOO SHEIKH AHMADI MUHALLAH UNION COUNCIL SAKRAN, DISTRICT HUB.**252607776263**	1,200,000
13.	REPAIR OF COMMUNITY HALL VILLAGE / GOTH HAJI SHAH-DAD QALANDRANI UNION COUNCIL SAKRAN, DISTRICT HUB.**252607776273**	1,500,000

The procurement will strictly be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority (BPPRA) rules, 2014. **ELIGIBILITY**: The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant category (C-06) above updated, and registration with tax authorities i.e. **(NTN, Sales Tax Department & BST)**, where applicable. Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 3000000 PKR Amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **METHOD OF PROCUREMENT**: Single stage – One envelope Bidding procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS**: **Issuance**: Documents wi ll be issued from the date of publication till submission date and time on production of green Challan form amounting Rs: (1000) Non-refundable – (as bidding documents charges) deposited in the account **4001193628** of Union Council Sakran NBP Hub Chowki Branch. **Submission**: Last date of Submission will be **24-07-2025** at **11:00am Opening**: The tender document will be opened on **24-07-2025** at **12:00pm** (bid will be opened within one hour of the deadline for submission of bids), before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives. **Place**: of issuance, submission, inquiries and opening will be :- Address: **Office of the Union Sakran Adalat Road Hub Chowki.** Phone No: 0331-3455877
E-mail address: abdulrehmanlgrd786@gmail.com
Terms and conditions: Under the following conditions bids will be rejected. Conditional, electronics and telegraphic bids / tender. Bids not accompanied by bid security / earnest money in shape of call deposit in favor of the undersigned. Bids received after specified date and time. Black listed contractors / firms.

AB No.16/04-07-2025

CHIEF OFFICER,
UNION COUNCIL SAKRAN

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ٹینڈر نوٹس برائے کیرج اور لکڑی مالی سال 26-2025ء

ا۔ فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کو درج ذیل ٹھیکہ جات برائے مالی سال از 01 اگست 2025 تا 30 جون 2026 تک کے لئے مندرجہ ذیل شرائط کی بنیاد پر مطلوب ہیں۔ جنکی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

نمبر شمار	سپلائی برائے کنٹریکٹ اور یونٹ	درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ اور وقت	پری کوالیفکیشن آف بڈرز پیپرا رولز 2004ء کی روشنی میں	ٹینڈر فارم کا اجراء	ٹینڈر وصول کیے جانے کی تاریخ اور وقت	ٹینڈر رکھولے جانے کی تاریخ اور وقت
ا	لکڑی (نوشکی ملیشیا، لورالائی سکاؤٹس، چمن سکاؤٹس، قلعہ سیف اللہ سکاؤٹس، ژوب ملیشیا، سبور (گلو اور میوند (گلو)	5 جولائی 2025ء سے 19 جولائی 2025ء، صبح 10 بجے تا 3 بجے دن	21 جولائی 2025ء، 11 بجے دن	22 جولائی 2025ء، بوقت 3 بجے دن	23 جولائی 2025ء، بوقت 10 بجے دن	23 جولائی 2025ء، بوقت 11 بجے دن
۲	کیرج (غازی بند سکاؤٹس، لورالائی سکاؤٹس، چمن سکاؤٹس، ژوب ملیشیا، سبور (گلو اور میوند (گلو)	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً

شرائط:-

ا۔ ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی مندرجہ بالا یونٹوں کے لئے لکڑی کا اوسط ریٹ بشمول (ڈیلیوری چارجز، مقامی ٹیکس، سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس اور دیگر متفرق اخراجات وغیرہ) ہیچ کی بنیاد پر ہر ایک یونٹ (نوشکی ملیشیا، لورالائی سکاؤٹس، چمن سکاؤٹس، قلعہ سیف اللہ سکاؤٹس، ژوب ملیشیا، سبور (گلو اور میوند (گلو) کے لیے منفرد ہوگا۔

۲۔ کیرج ٹھیکہ (درائی راشن اور قومی سازوسامان)۔ کیرج کا ٹینڈر فارم فل کرتے وقت ریٹ per ton/ per km کے حساب سے درج کرتے ہوں گے۔

۳۔ مقررہ تاریخ کو ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی طرف سے تشکیل دیے گئے بورڈ کے روبرو پیپرا رولز 15 کی روشنی میں تمام بڈرز کو پری کوالیفکیشن پراسس سے گزرنا ہوگا۔

۴۔ تمام خواہشمند ٹھیکیداران/فرمز/کمپنیز پری کوالیفکیشن پراسس میں حصہ لیتے وقت مندرجہ ذیل کاغذات اپنے دلچسپی کے علاقے اور یونٹ کے حساب سے ہمراہ لائیں گے:۔
الف۔ متعلقہ تجربہ اور ماضی کی کارگزاری۔ ب۔ عملے/ایکویپمنٹ کے سلسلے میں صلاحیتیں۔ پ۔ مالی حیثیت سرٹیفکیٹ۔
ت۔ موزوں انتظامی صلاحیت۔ ٹ۔ پچھلے تین سال کا ٹیکس کا گوشوارہ ایف بی آر سے تصدیق شدہ۔
ث۔ پچھلے ایک سال کی بینک ٹرانزیکشن اسٹیٹمنٹ، متعلقہ بینک سے تصدیق شدہ۔
ج۔ حلفیہ بیان (اسٹامپ پیپرز) آپ کی فرم/کمپنیز کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹ یا ڈیفالٹر نہیں ہے۔
چ۔ 5% بڈز سیکیورٹی کی CDR (صرف اپنے دلچسپی کی یونٹ کے لیے) اور جس بینک سے CDR بنے گی اسی بینک کی بیلنس اسٹیٹمنٹ بھی منسلک ہونی چاہیے۔
ح۔ تمام خواہشمند ٹھیکیداران/فرمز/کمپنیز کو پری کوالیفکیشن کے وقت آئی جی ایف سی (نارتھ) بلوچستان کے نام پر اپنے پسند کے علاقے کے لحاظ سے درخواست جمع کروانی ہوگی۔

۵۔ وہ تمام ٹھیکیداران/فرمز/کمپنیز جو کسی بھی سرکاری ڈیپارٹمنٹ سے بلیک لسٹ یا ڈیفالٹر ہوں یا پھر ناقص کارگردگی کی وجہ سے نااہل کئے گئے ہوں پری کوالیفکیشن پراسس میں حصہ نہیں لے سکتے۔

۶۔ پری کوالیفکیشن پراسس میں کوالیفائی کرنے والے ٹھیکیداران/فرم/کمپنیز جو کہ پیرا نمبر 3 کے مطابق بورڈ اور بورڈ پریذیڈنٹ کو مطمئن کر سکیں ٹینڈر فارم حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔

۷۔ تمام ٹھیکیداران/فرمز/کمپنیز درخواست دیتے وقت سالانہ ٹھیکہ کی کل مالیت کا 5% (اپنے دلچسپی کے علاقے کے لحاظ سے) بطور کال ڈیپازٹ، بینک ڈرافٹ یا پے آرڈر کی شکل میں جمع کرائیں گے جس کی تفصیل دفتر ہذا سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جا سکتی ہے۔ فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کے موجودہ ٹھیکیداران برائے سال 2024-25، متعلقہ ٹھیکہ میں زر ضمانت سے مستثنیٰ ہوں گے۔ کال ڈیپازٹ کو یونٹوں کے مطابق رکھا گیا ہے تاکہ چھوٹے یا کم آمدن ٹھیکیدار بھی حصہ لے سکیں۔

۸۔ مقابلے کو شفاف رکھنے اور دلچسپی رکھنے والے تمام افراد کے لیے یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے سالانہ ٹھیکہ کی کل مالیت کے 5% ہر یونٹ کے حساب سے نکالے گئے ہیں تاکہ چھوٹے ٹھیکیداران بھی مقابلے میں حصہ لے سکیں۔

۹۔ پری کوالیفکیشن پراسس میں حصہ لینے والے تمام خواہشمند ٹھیکیداران/فرمز/کمپنیز جو پری کوالیفکیشن کے وقت درخواست جمع کراتے ہوئے 5% بڈز سیکیورٹی جمع نہ کرا سکے ٹیکنیکل طور پر نااہل تصور ہوں گے اور پری کوالیفکیشن پراسس میں بھی حصہ نہیں لے سکیں گے۔

۱۰۔ پری کوالیفکیشن پراسس کے دوران تمام کنٹریکٹرز/فرمز/کمپنیز کی طرف سے مہیا کئے گئے تمام کاغذات بشمول CDR پے آرڈر، بینک ڈرافٹ، بینک اسٹیٹمنٹ اور ٹیکس گوشوارے متعلقہ اداروں اور بینکس سے تصدیق کرائے جائیں گے۔ کوئی بھی ڈاکومنٹس/کاغذات مشتبہ پائے گئے تو فرم/کمپنیز نااہل ہوگی اور ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

۱۱۔ لکڑی کے ریٹ 100 کلوگرام کے حساب سے دینے ہوں گے جو کہ حتمی ہوں گے اور ٹینڈر اوپن ہونے کے بعد کوئی بھی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔ خلاف ورزی کرنے والی فرم کو بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔

۱۲۔ کنٹریکٹ حاصل کرنے والے تمام کامیاب کنٹریکٹرز/فرمز کی طرف سے مہیا کئے گئے تمام کاغذات تصدیق ہوں گے۔ اگر تصدیق کے دوران کوئی بھی کاغذات مشتبہ پائے گئے تو کنٹریکٹ منسوخ کر دیا جائے گا۔

۱۳۔ ٹھیکہ منظور ہونے کی صورت میں ٹھیکیداران/فرمز/کمپنیز ایف سی بلوچستان (نارتھ) کے مندرجہ بالا یونٹوں اور ونگز کے مقامات پر لکڑی اور گاڑیاں، یکم اگست 2025ء سے سپلائی کرنے کے پابند ہوں گے۔

۱۴۔ ہیڈ کوارٹر ایف سی بلوچستان (نارتھ) یا اس کی طرف سے تشکیل دی گئی کمیٹی کو پورا اختیار ہوگا کہ وہ کسی ایک یا تمام ٹینڈروں کو PPRA رولز کی روشنی میں منظور یا مسترد کر سکتی ہے۔

۱۵۔ ٹینڈر منظور ہونے کی صورت میں اگر کوئی ٹھیکیدار سپلائی کرنے میں ناکام ہو تو سیکیورٹی زر ضمانت بحق سرکار ضبط کیا جائے گا۔ اور کنٹریکٹ منسوخ کر کے ڈیفالٹر ٹھیکیدار کے نام رسک پرچیز کی جائے گی اور قیمت کا فرق ڈیفالٹر ٹھیکیدار کی ضبط کی گئی رقم سے پورا کیا جائے گا۔

۱۶۔ ٹینڈرز میں تمام رجسٹرڈ کنٹریکٹرز ایف سی بلوچستان (نارتھ اور ساؤتھ)، پاک آرمی اور ایف سی KPK (نارتھ اور ساؤتھ) حصہ لینے کے اہل ہوں گے۔

۱۷۔ مزید یہ کہ شرائط کی خلاف ورزی کرنے والی فرمز/کمپنیز کو بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔

۱۸۔ ٹینڈر فارم کی فوٹو کاپی ہرگز استعمال نہ کی جائے۔ خلاف ورزی کرنے والے کنٹریکٹر کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

۱۹۔ ڈاک کے ذریعے بھیجے گئے ٹینڈرز مقررہ تاریخ سے ایک دن پہلے موصول ہونے چاہیں تاخیر سے وصول ہونے والے ٹینڈرز پر غور نہیں کیا جائے گا۔ تاہم ٹینڈرز کھولتے وقت ٹھیکیدار یا اس کے مجاز نمائندہ کی موجودگی ضروری ہے۔

۲۰۔ ٹینڈر والے لفافے کے اوپر ٹینڈر برائے سپلائی (آئٹم کی قسم) اور ساتھ ٹینڈر رکھولے جانے کی تاریخ لکھنا ضروری ہے۔

۲۱۔ ساری کارروائی PPRA رولز کی روشنی میں کی جائے گی۔ اور ٹینڈر مقررہ تاریخ کو ہیڈ کوارٹر ایف سی بلوچستان (نارتھ) کوئٹہ میں کھولے جائیں گے۔

۲۲۔ مزید معلومات کے لئے دفتری اوقات کار میں فون نمبر 081-9204203 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ یہ اشتہار پیپرا کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk پر بھی دیکھے جا سکتے ہیں۔

PID(Q)08/25

لیفٹیننٹ کرنل برائے انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ)
ٹیلی فون نمبر 081-9204203

Revenue Division
Federal Board of Revenue
Government of Pakistan

SITUATIONS VACANT

Applications are invited from Pakistani Nationals with domicile of the relevant Province/ Region / Division / District, against the following vacant positions on contract basis for a period of two years as detailed below in various field formations of Pakistan Customs Department:

S#	Name of Post	BPS	Number of Vacancies	Provincial / Regional quota	Distribution of quota
COLLECTORATE OF CUSTOMS ENFORCEMENT, QUETTA					
1	Sub-Inspector (equivalent JCO)	14	25	Candidates having domicile of all Districts of Balochistan	Merit=21 Women=3 Minority=01
COLLECTORATE OF CUSTOMS ENFORCEMENT, GADDANI					
1	Sub-Inspector (equivalent JCO)	14	15	Candidates having domicile of all Districts of Balochistan	Merit=12 Women=02 Minority=01
COLLECTORATE OF CUSTOMS INDUS					
1	Sub-Inspector (equivalent JCO)	14	108	**All Pakistan Basis** **Open Merit= 08** **Punjab= 54** (Merit=46, Women=05, Minority=03) **Sindh (U)=08** (Merit=07, Women= 01) **Sindh (R)= 12** (Merit=10, Women=01 Minority=01) **KP= 13** (Merit=11, Women=01 Minority=01) **Balochistan= 07** (Merit=06, Women=01) **Ex-FATA= 03** (Merit=03) **GB= 01** (Merit=01) **AJK=02** (Merit=02)	Total=108

REQUIRED QUALIFICATIONS, EXPERIENCE, AGE LIMIT FOR THE ADVERTISED POSTS

S#	Name of Post	BPS	Qualification/Experience	Age limit (Including 5 years general relaxation) Min	Max
1	Sub-Inspector (equivalent JCO)	14	i) 2nd Class or Grade "C" Bachelor's Degree from a University recognized by the HEC with Economics, Commerce, Statistics, Accounting, Computer Science, Law, Pharmacy, Chemistry or Physics as one of the subjects or B.Sc Engineering in any specialty. **Minimum Physical Standard:** Male Candidates: Height 5`.6`` Chest 32`-33`.5`` Female Candidates: Height 5`-2`` ii) Applicants having retired from the Pakistan Armed Forces at JCO rank are eligible to apply as per sub-clause (3) of Section 226 of the Customs Act, 1969.	18	25+5=30

GENERAL INFORMATION / INSTRUCTIONS:

1. Eligible candidates are advised to apply online through National Jobs Portal at their link **https://njp.gov.pk**. Candidates applying for more than one post should apply online for each post separately. No manual or hard copy of application will be accepted by any office.
2. Appointment will be made purely on contract basis for a period of two (02) Years in terms of guidelines for appointment on contract basis issued by the Establishment Division vide O.M. No.8/10/2000-CP-I dated 21.03.2000 as amended from time to time. In exceptional case, further extension beyond two (2) years will be considered by the Authority.
3. Vacancies shall be filled by appointment of persons domiciled in their respective province/region/district of each office strictly under Rule 15 of the aforesaid rules and instructions issued by the Establishment Division from time to time.
4. Candidates will be required to bring original documents (Educational, Domicile and Experience Certificate etc.) along with one set of attested copies of all documents at the time of interview.
5. Screening / skill tests (where required) will be conducted as per Recruitment Policy of the Federal Government.
6. Physical Standard (Height and Chest measurement along with other physical tests that the recruitment committee deems necessary i.e. running, pushups, chin-ups etc.) for the post of Sub-Inspector (equivalent JCO) (BS-14) will be conducted for pre-screening of the candidates. Female candidates shall also have to undergo physical standard (i.e. Height and others aforementioned tests).
7. 10% quota for women and 5% quota for minorities (non-Muslims) shall also be strictly observed as per Government policy/instructions.
8. The Customs field formations reserve the right not to fill any vacancy or to reduce/increase the number of vacancies, if the circumstances so warranted at the time of final selection.
9. In addition to 05 years general upper age limit relaxation by the Government, further upper age relaxation shall be restricted upto the following categories of candidates, as per relevant Rules/Policy of the Federal Government:

S#	CATEGORY OF CANDIDATES	AGE RELAXATION ADMISSIBLE
(i)	a. Candidates belonging to Scheduled Castes, Buddhist Community, recognized tribes of the Tribal Areas, Azad Kashmir and Gilgit-Baltistan for all posts under the Federal Government.	03 Years
	b. Candidates belonging to Sindh (R) and Balochistan for posts in BPS-15 and below under the Federal Government.	03 years
(ii)	Released or Retired Officers/Personnel of the Armed Forces of Pakistan.	15 years or the number of years actually served in the Armed Forces of Pakistan, whichever is less.
(iii)	Widow, son or daughter of a deceased civil servant who dies during service.	05 years

10. Minimum and Maximum age shall be calculated on the closing date for receipt of applications.
11. Information provided in the online Application Form will be verified. In case of any false or forged information, Customs field formations/FBR reserves the right to cancel candidature of any candidate at any stage (even after employment, if so revealed later) and to initiate legal action against the applicant.
12. Only short-listed candidates will be called for test/interview. All the candidates will be allowed provisionally to appear in the test/interview, subject to detailed scrutiny of their eligibility as per relevant criteria.
13. **No TA/ DA will be admissible for the Test/ Interview.**
14. Candidates may apply online on or before **25.07.2025**. Applications received after due date will not be entertained.

(MUNIR AHMAD)
Second Secretary (M/HR.Customs-IV)
Federal Board of Revenue,
Islamabad

URAAN PAKISTAN
PID(I) 110/25
FBR HELPLINE
helpline@fbr.gov.pk | 051 111 772 772 | www.fbr.gov.pk

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ماحولیاتی بہتری کیلئے درخت لگانا ضروری ہے، سردار مسعود لونی

اس سلسلے میں محکمہ جنگلات ضرورت کے مطابق درخت کاشت کرتا رہے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر جنگلات سردار مسعود خان لونی نے کہا ہے کہ بلوچستان کو سرسبز اور بہتر ماحول قائم کرنے کیلئے درختوں کا لگانا ضروری ہے محکمہ جنگلات اس سلسلے میں کوتاہی سے اجتناب کریں اور جہاں بھی درخت کی ضرورت ہے وہاں ضرور درخت لگائی جائے تاکہ موجودہ موسمی حالات کا مقابلہ سرسبز بلوچستان سے کیا جائے" یہ بات انہوں نے بلوچستان فورم آف انوائرمنٹل جرنلسٹس کے صدر ظاہر خان ناصر کے قیادت میں وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر تنظیم کے عہدیداروں نے بلوچستان بھر میں ماحولیات کی بہتری اور آلودگی کے خاتمے کیلئے جو کام کیے اس پر پارلیمانی سیکرٹری کو بریفنگ دی گئی جس پر پارلیمانی سیکرٹری نے اس کار خیر کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہم طلبہ بلوچستان کی بہتری اور آلودگی کے خاتمے کیلئے بلوچستان کو سرسبز بنانے کیلئے کام کریں گے انہوں نے کہا کہ محکمہ جنگلات بلوچستان بھر میں درخت لگانے کیلئے اپنی کوششوں کو بروئے کار لائے اور اس سلسلے میں کوتاہی نہ کریں اور اگر کسی نے اس سلسلے میں کوتاہی کی تو ان آفیسروں کے خلاف ضرور کارروائی کریں کیونکہ اس وقت پورے دنیا میں موسم تبدیل ہورہے ہیں

ریسرچ سکالرز کو ملنے والا ایم فل اور پی ایچ ڈی الاؤنس ناکافی ہے، برسف

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان ریسرچ سکالرز فورم (برسف) کا اجلاس ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن شاہ کشاہ روڈ کوئٹہ میں زیر صدارت پروفیسر ڈاکٹر جمیل آغا منعقد ہوا۔ اجلاس میں برسف کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر فضل الرحمان، ڈاکٹر اختر شاہ مندوخیل، اور دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان بھر کے ریسرچ سکالرز کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں ریسرچ اسکالرز کو ملنے والے ایم فل اور پی ایچ ڈی الاؤنس کو انتہائی ناکافی قرار دیا گیا اور اسے بڑھانے کے لئے مجاز فورم پر بطور مطالبہ پیش کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ مزید یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ صوبے میں موجود تمام ریسرچ سکالرز سے رابطہ کیا جائے گا اور انہیں اپنے جائز حقوق کے حصول کے لیے آرگنائز کیا جائے گا۔

کوئٹہ، بدترین لوڈشیڈنگ سے کارخانے بندش کے دہانے پر ہیں، صادق آغا

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے مشرق بائی پاس انڈسٹریل ایریا اور سٹیلائٹ ٹاؤن میں جاری شدید اور طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ عوام اور صنعت دشمنی کی بدترین مثال ہے، جو ایک منظم سازش کے تحت جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ انڈسٹریل ایریا ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور انہیں قانونی طور پر لوڈشیڈنگ سے استثنیٰ حاصل ہے، مگر یہاں آٹھ سے دس گھنٹے بجلی کی بندش معمول بن چکی ہے، جو کارخانوں کو تباہی کے دہانے پر پہنچا رہی ہے۔ اگر یہ صورتحال برقرار رہی تو ہزاروں مزدور بے روزگار ہو جائیں گے۔ سید صادق آغا نے کہا کہ یہ محض بجلی کا مسئلہ نہیں بلکہ بلوچستان کی صنعتی ترقی کے خلاف ایک گہری سازش ہے، جس سے صوبے کی معیشت کو مفلوج کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے سٹیلائٹ ٹاؤن کے مکینوں کی حالت پر بھی سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ علاقے میں بغیر کسی شیڈول کے دن رات بجلی بند کر دی جاتی ہے، جس سے عوام پانی، گرمی اور دیگر بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔

بلوچستان میں کان کنی کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی ضرورت ہے، ٹی ڈی اے پی

چیمبر آف کامرس، مائنز اونرز ترقی پسند اور برآمدی بنیاد پر مبنی معدنی ترقیاتی فریم ورک کیلئے کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں، مولاداد

ممبران اور مائنز اونرز کی شکایات کا ازالہ اور ان کی تجاویز پر عمل درآمد ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں، زین العابدین ودیگر

کوئٹہ (اے این این) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) ڈائریکٹر مولاداد اور پروڈکشن آفیسر زین العابدین نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کان کنی کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے اس بابت چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان اور مائنز اونرز صوبے میں ایک ترقی پسند اور برآمدی بنیاد پر مبنی معدنی ترقیاتی فریم ورک کی تشکیل کیلئے کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں، چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداران وممبران اور مائنز اونرز کی شکایات کا ازالہ اور ان کی تجاویز پر عمل درآمد ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان میں بلوچستان کے وسائل کی صلاحیت کو اجاگر کرنے اور صوبے کی معدنی دولت کو دریافت کرنے اور اسے پائیدار معاشی ترقی وتجارتی روغ کے لیے استعمال کرنے کے موضوع پر منعقدہ سیمینار کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس سے قبل ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کی ٹیم کو چیمبر آنے پر خوش آمدید کہتے ہوئے ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ، نائب صدر انجینئر میرواکس خان کاکڑ، مائن اونرز بہروز ریگی، امجد صدیقی ودیگر نے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کی جانب سے بلوچستان میں کانکنی کے شعبے کو اس طرح کی توجہ نہیں دی جا رہی ہیں

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی عوامی مسائل کی شنوائی کے دوران ایک بچے سے شفقت کا اظہار کر رہے ہیں

5 جولائی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، ملک ذیشان حسین

جمہوریت، عوامی امنگوں اور روشن مستقبل پر شب خون مارا گیا

کوئٹہ (پ ر) ملک ذیشان حسین، سینئر صوبائی رہنما وسابق صوبائی ڈپٹی اطلاعات سیکرٹری پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان نے 5 جولائی کو تاریخ کا سیاہ ترین دن قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ 1977 کی اس رات صرف ایک حکومت کا تختہ نہیں الٹا گیا، بلکہ پاکستان کے روشن مستقبل، عوامی امنگوں اور جمہوریت کے جلتے چراغ کو بجھانے کی کوشش کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو وہ نام ہے جس نے پسے ہوئے عوام کو زبان دی، مزدور و کسان کو پہچان دی، ایٹمی طاقت کا خواب پورا کیا اور اسلامی دنیا کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا۔ مگر انہی کارناموں کی سزا ملی کہ ایک سازش کے تحت ان کی جمہوری حکومت کو برطرف کر کے ملک پر آمریت کی سیاہ رات مسلط کی گئی۔ ملک ذیشان حسین نے مزید کہا کہ 5 جولائی صرف ایک تاریخ نہیں، یہ ہر اس پاکستانی کے دل کا زخم ہے جو جمہوریت سے محبت کرتا ہے۔ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ کس طرح ایک آمر نے عوام کی رائے، آئین پاکستان اور پارلیمنٹ کو روند ڈالا۔ یہ وہ دن ہے جب بھٹو جیسے عظیم قائد کو صرف اس لیے ہٹایا گیا کہ وہ قوم کو سر اٹھا کر جینا سکھا رہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہم آج بھی بھٹو شہید کے نظریے، ان کی جمہوریت پسندی اور عوامی خدمت کے سفر کے وارث ہیں۔ پیپلز پارٹی نے قربانیوں کی ایک تاریخ رقم کی ہے اور ہم وعدہ کرتے ہیں کہ شہید بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کا خواب ضرور پورا کریں

اورماڑہ میں انور جمعہ کے اعزاز میں پروقار ادبی تقریب کا انعقاد کیا گیا

اورماڑہ (یو این اے) بلوچی ادب کے معروف افسانہ نگار اور شاعر انور جمعہ کی ادبی وفکری خدمات کے اعتراف میں اورماڑہ میں ایک پروقار اور یادگار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں شہر کی ممتاز شخصیات، ادیبوں، شعراء، علم دوستوں اور ادب کے شیدائیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ محفل کا آغاز شعری ونثری خراج تحسین سے ہوا، جس میں سلیم بزنگ اور حبیب کریم نے انور جمعہ کی تخلیقی عظمت اور ادبی جہتوں پر روشنی ڈالی۔ نظامت کے فرائض عمر دین میر نے ادا کیے۔ تقریب میں عمر دین میر، سراج روشن، حاجی محمد تسلیم اور باقی ارمان نے بھی انور جمعہ کی شاعری اور افسانہ نگاری پر اپنے بصیرت افروز خیالات پیش کیے۔ انور جمعہ سمیت دیگر افسانہ نگاروں نے اپنے تخلیقی فن پارے پیش کر کے حاضرین کو محظوظ کیا۔ عمر دین میر نے ڈاکٹر نا گمان کے مشہور افسانے "Stupid" کو منفرد انداز میں پیش کیا جس نے سامعین پر گہرا اثر چھوڑا۔ تقریب کے دوسرے حصے کی نظامت مرشد صباح نے کی، جبکہ سلیم بزنگ، عمر دین میر، اسلم شوہاز، آر بی ملا، شریف سوتو، ڈاکٹر نور تسلیم، وحید حیدو، ثناءاللہ ثنا، نور بخش نور، راشد تقی، عارف سحر، اکبر رفیق، رحیم بے وس، مختار عاقل، شعیب ارمان، امتیاز فراز اور مرشد صباح نے اپنے کلام سے محفل کو یادگار بنا دیا۔ تقریب میں ماسٹر اختر، فدا کریم، محمد رضا سمیت کئی معززین اور ادب دوستوں نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ انور جمعہ کی فکری جدوجہد اور فنکارانہ عظمت نہ صرف بلوچی ادب بلکہ معاشرے کے لیے ایک روشن مثال ہے۔ اورماڑہ میں اس نوعیت کی تقریب اس بات کا ثبوت ہے کہ یہاں کی ادبی روایتیں زندہ ہیں اور بھرپور انداز میں ترقی کی راہ پر گامزن ہیں۔

امن کیلئے فورسز کردار ادا کر رہی ہیں، حاجی ولی نورزئی

کوئٹہ (اے پی پی) پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی نے جمعرات کے روز ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس عبد الغفار مگسی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں امن وامان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کے قیام میں لیویز فورس اہم کردار ادا کر رہی ہے، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی طرح لیویز فورس نے بھی امن وامان کے قیام میں اپنے شہداء دیئے ہیں، ان شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

جمہوری جدوجہد میں پیپلز پارٹی کی قربانیاں سب سے زیادہ ہیں، غزالہ گولہ

05 جولائی 1977 ملکی تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے جب شہید ذوالفقار علی بھٹو کی جمہوری حکومت کا تختہ پلٹ کر جمہوریت پر شب خون مارا گیا

اس دن کو یوم سیاہ کے طور پر مناتے ہوئے، کارکن 5 جولائی کو بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاج ریکارڈ کرائیں، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی خواتین ونگ بلوچستان کی صدر و ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ، جنرل سیکرٹری زرینہ زہری نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت کی بات کی ہے پیپلز پارٹی وہ جماعت ہے جس نے جمہوریت کی بقا کے لئے اپنی قیادت سمیت بڑی تعداد میں کارکنوں کی قربانیاں دی ہیں 05 جولائی 1977 ملک کی تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے جس کے دوران شہید ذوالفقار علی بھٹو کی جمہوری حکومت کا تختہ پلٹ کر جمہوریت پر شب خون مارا گیا اس دن کو یوم سیاہ کے طور پر منایا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ملک میں جمہوریت کے لئے آواز بلند کی ہے اور پیپلز پارٹی وہ جماعت ہے جس کی قیادت سے لیکر کارکنوں تک سب نے ملک میں جمہوریت کے لئے قربانیاں دی ہیں پیپلز پارٹی وہ جماعت ہے جس نے ہمیشہ حقیقی جمہوریت کے لئے جدوجہد کی اور کرتی آرہی ہے اور ہم مستقبل میں بھی اپنی جدوجہد سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹیں گے انہوں نے کہا کہ 05 جولائی 1977 کو آمر ضیاء الحق کی جانب سے منتخب وزیر اعظم قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کی جمہوری حکومت کا تختہ پلٹ کر جمہوریت پر شب خون مارا گیا پاکستان پیپلز پارٹی اس دن کو یوم سیاہ کے طور پر مناتی ہے پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکن 5 جولائی کو بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھیں۔

گورنر جعفر خان مندوخیل سے ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی بلوچستان عظیم کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

میڈیکل کالجز کے بجٹ میں کٹوتی تعلیم دشمنی ہے، بی ایم ٹی اے

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میڈیکل ٹیچرز ایسوسی ایشن بی ایم ٹی اے نے صوبے کے میڈیکل کالجز کے بجٹ میں کٹوتی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے میڈیکل تعلیم کو دفن کرنے کے مترادف قرار دیا ہے۔ ترجمان بی ایم ٹی اے نے ایک بیان میں کہا کہ پہلے ہی صوبے کے تمام میڈیکل تعلیمی ادارے شدید مالی بحران سے دوچار ہیں، اور بجٹ میں مزید کمی انہیں آئی سی یو میں پہنچانے کے مترادف ہے۔ ترجمان نے کہا کہ حکومت کو چاہیے تھا کہ وہ میڈیکل تعلیم کے فروغ کے لیے فنڈز میں اضافہ کرتی، لیکن افسوسناک طور پر اس میں مزید کمی کر دی گئی، جو نوجوان ڈاکٹروں اور طالب علموں کے مستقبل سے کھیلنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سندھ میں صحت کے شعبے میں مثبت پالیسیوں کی تعریف کرتے ہوئے افسوس کا اظہار کیا کہ بلوچستان میں ان کی اتحادی حکومت اس کے برعکس اقدامات کر رہی ہے۔ ترجمان نے سوال اٹھایا کہ اگر سندھ میں صحت کو ترجیح دی جا سکتی ہے تو بلوچستان میں کیوں نہیں؟ بی ایم ٹی اے نے مطالبہ کیا کہ میڈیکل کالجز کے بجٹ میں کی گئی کٹوتی کا فیصلہ فوری طور پر واپس لیا جائے اور بجٹ میں اضافہ کر کے ان اداروں کے مالی مسائل حل کیے جائیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر حکومت نے اس مطالبے پر سنجیدگی سے غور نہ کیا تو اساتذہ اور طلبہ احتجاج پر مجبور ہوں گے۔

بی ایف اے کی غیر معیاری خوراک کیخلاف کارروائیاں جاری

کوئٹہ، لورالائی اور خضدار میں بغیر لائسنس اور صفائی کے مناسب اقدامات نہ کرنے پر 5 خوراکی مراکز کے مالکان کو جرمانہ کر دیا گیا

اشیاء کی ناقص اسٹوریج، کیڑے مکوڑوں کی روک تھام کے نامناسب انتظامات اور مینوفیکچرنگ اور ایکسپائری تاریخیں ظاہر نہ کرنے پر ایکشن لیا گیا

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے کوئٹہ، لورالائی اور خضدار میں بغیر لائسنس اور صفائی کے مناسب اقدامات نہ کرنے پر 5 خوراکی مراکز کے مالکان کو جرمانہ کر دیا۔ جمعہ کے روز بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے سریاب روڈ کوئٹہ میں قائم بیکنگ یونٹس اور سموسہ پکوڑا شاپس سمیت متفرق خوراک کے مراکز کا معائنہ کیا گیا۔ اشیاء کی ناقص اسٹوریج، کیڑے مکوڑوں کی روک تھام کے نامناسب انتظامات اور حتمی بیکری اشیاء پر مینوفیکچرنگ اور ایکسپائری تاریخیں ظاہر نہ کرنے سمیت متعدد وجوہات پر ایک بیکنگ یونٹ جبکہ خراب واستعمال شدہ کوکنگ آئل میں اشیاء تلنے اور پرچھ بیچ میں صارفین کو پکوڑے سموسے فروخت کرنے پر ایک سموسہ شاپ مالک کے خلاف ایکشن لیا گیا۔ مذکورہ مراکز مالکان سمیت دوران انسپکشن دو دیگر کھانے پینے کے مراکز مالکان کے پر لائسنس کے بغیر اشیاء خورد ونوش کے کاروبار پر کارروائی کی گئی۔ مذکورہ مراکز مالکان پر جرمانے عائد جبکہ نشاندہی کردہ نقائص کی بہتری کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کرنے کی ہدایت بصورت دیگر آئندہ وزٹ پر مزید سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ اسی طرح فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر لورالائی کے مختلف مضافات باچا خان چوک اور آفیسرز کلب میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی زون انسپکشن ٹیم کی کارروائیاں کی گئی۔ ایکسپائرڈ کولڈ ڈرنکس کی موجودگی اور لائسنس کے عدم دستیابی سمیت مختلف وجوہات پر ایک سویٹس اینڈ بیکرز جبکہ زائد المیعاد اشیاء وممنوعہ چائنیز نمک رکھنے پر ایک جنرل سٹور اور صفائی کی ابتر صورتحال وسٹوریج کے نامناسب انتظامات اور گزشتہ ہدایات کے باوجود لائسنس نہ بنوانے پر ایک آئس کریم کارنر مالک کے خلاف ایکشن لیا گیا اور جرمانے عائد کئے گئے۔ انسپکشن کے دوران متعدد خوراک کے مراکز مالکان کو اصلاحی نوٹس کا اجراء جبکہ بغیر لائسنس کام کرنے والے کاروباری حضرات کو بی ایف اے سے فوڈ بزنس حاصل کرنے کی ہدایت کی۔

بلوچستان یونیورسٹی میں مادری زبانوں کے شعبے بند کرنے کا فیصلہ مسترد

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے سینیٹر جان محمد بلیدی نے بلوچستان یونیورسٹی میں بلوچی، پشتو اور براہوئی زبانوں کے ڈیپارٹمنٹس بند کرنے کے مبینہ حکم کو سختی سے مسترد کر دیا ہے۔ انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ "ایکس" پر اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ پاکستان ایک کثیر القومی ملک ہے اور قومی زبانوں، ادب اور ثقافت کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ سینیٹر جان بلیدی نے واضح کیا کہ قومی زبانوں کے خلاف ہونے والی ہر سازش کو بے نقاب کیا جائے گا اور ایسی کوششیں قابل قبول نہیں۔ انہوں نے بلوچستان یونیورسٹی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ وہ اس غیر دانشمندانہ فیصلے پر نظرثانی کرے اور ان زبانوں کے شعبوں کو برقرار رکھا جائے تاکہ مادری زبانوں کی ترویج اور تعلیمی ترقی کا سفر جاری رہے۔

حضرت امام حسینؓ اور ان کی رفقاء کی قربانیاں مشعل راہ ہیں، ذوالفقار طارق

محرم الحرام ہمیں بھائی چارہ، محبت، صبر، امن کا درس دیتا ہے، رہنما اہلسنت

کوئٹہ (اے این این) اہلسنت والجماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری نے حضرت عبد القدوس المعروف دکانی بابا رحمۃ اللہ علیہ کی مزار پر ہفتہ واری ختم شریف سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے رفقاء نے اپنی جانیں قربان کر کے ہمیں پیغام دیا ہے کہ جب اسلام پر وقت آئے تو جہاد اور تلوار اٹھانے سے بھی دریغ نہیں کیا جائے اسلام پیار ومحبت کا درس ضرور دیتا ہے جب حق اور باطل تحفظ ناموس رسالت تحفظ صحابہ تحفظ قرآن کی بات آئے تو پھر ہم پرامن نہیں رہ سکتے بلکہ دین اسلام کی سربلندی کے لیے سب کچھ قربان کرنے کے لیے تیار رہنا چاہیے محرم الحرام ہمیں بھائی چارہ محبت صبر امن کا ایک دوسرے کو برداشت کرنے کا درس دیتا ہے باطل کے خلاف سرگرم ہونے کے بجائے سر اٹھانے کا بھی درس دیتا ہے حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کی رفقاء ؓ کی قربانیاں ہمارے لیے مشعل راہ ہیں حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کی رفقاء کی تعلیمات پر عمل کرنے اور پڑھنے سمجھنے اس پر غور وفکر کرنے کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ شہدائے کربلا کی تعلیمات کی علم کو اونچا کر کے دنیا میں پہنچانے تک اپنا کردار ادا کرتا ہو گا آج ہر طرف دین اسلام کو بدنام کرنے کے لیے مختلف حربے استعمال کیے جا رہے ہیں۔

مقامی زبانوں کیخلاف کوئی سازش برداشت نہیں کرینگے، پروفیسر حلیم صادق

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری، ممتاز ماہر تعلیم اور زبان وثقافت کے محقق "پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق" نے جامعہ بلوچستان میں بلوچی، براہوی اور پشتو کے شعبہ جات کی بندش اور انسٹی ٹیوٹ فار لٹریچر اینڈ لینگوئجز کے قیام کے حکومتی فیصلے کو بلوچ، پشتون اور براہوی عوام کے ثقافتی وجود پر حملہ قرار دیتے ہوئے شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ نہ صرف علمی وتعلیمی لحاظ سے ناقابل فہم ہے بلکہ اس سے حکومت بلوچستان کی مقامی زبانوں کے حوالے سے بدنیتی بھی عیاں ہو گئی ہے۔ ڈاکٹر حلیم صادق نے الزام لگایا کہ حکومت نے منصوبہ بندی کے تحت مقامی زبانوں کو تعلیمی اداروں سے نکالنے کی کوشش کی ہے تاکہ نئی نسل اپنی زبان، شناخت اور تاریخ سے دور ہو جائے۔ انہوں نے کہا کہ جامعہ بلوچستان کے شعبہ بلوچستان اسٹڈیز میں بھی امسال کوئی داخلہ نہیں دیا گیا، جو اس سوچ کا ثبوت ہے کہ حکومت مقامی تاریخ، زبان اور ثقافت کو دانستہ طور پر حاشیے پر دھکیل رہی ہے۔ "یہ اقدامات نہ صرف علمی وتحقیقی نقصان کا سبب بنیں گے بلکہ علاقائی ہم آہنگی کو بھی نقصان پہنچائیں گے۔" ڈاکٹر حلیم صادق نے اعلان کیا کہ عوام پاکستان پارٹی ان فیصلوں کے خلاف ہر سطح پر آواز بلند کرے گی اور جمہوری طریقے سے ہر فورم پر مزاحمت کرے گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر شعبہ جات کی بحالی کی جائے اور مقامی زبانوں کو وہی مقام دیا جائے جس کے وہ آئینی وثقافتی طور پر حق دار ہیں۔ انہوں نے یونیورسٹی انتظامیہ، تعلیمی حلقوں، اہل قلم اور سول سوسائٹی سے بھی اپیل کی کہ وہ ان زبانوں کے تحفظ کے لیے متحد ہو کر آواز بلند کریں کیونکہ زبانیں کسی بھی قوم کی پہچان، تاریخ اور تشخص کا بنیادی ستون ہوتی ہیں۔

واقعہ کربلا حق کا ساتھ دینے اور باطل کیخلاف ڈٹ جانے کا درس دیتا ہے، سردار یار محمد رند

نواسہ رسول سردار شہداء سیدنا حضرت حسین نے رہتی دنیا تک عظمت استقامت صبر بہادری اور قربانی کا ناقابل فراموش درس دیا ہے

حق وسچ کی فتح کیلئے صبر، جہد مسلسل، تنظیم، استقامت اور ذاتی مفادات کی قربانی اہم شرائط ہیں اسکی مثالیں شہداء کربلا کی قربانیاں ہیں

سبی (اے این این) رند قبائل کے سربراہ سینئر سیاستدان چیف آف رند سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ واقعہ کربلا ہمیشہ حق سچ کا ساتھ دینے اور باطل کیخلاف ڈٹ جانے کا واضح درس دیتا ہے نواسہ رسول سردار شہداء سیدنا حضرت حسین نے رہتی دنیا تک عظمت استقامت صبر بہادری اور قربانی کا ناقابل فراموش درس دیا ہے جس پر چل کر ہر مسلمان اللہ کی بارگاہ میں ہمیشہ سرخرو ہو سکتا ہے۔ چیف آف رند سردار یار محمد رند نے مزید کہا کہ حق وسچ کی فتح کے لئے صبر، جہد مسلسل، یقین محکم، تنظیم بے مثال، استقامت اور ذاتی مفادات کی قربانی اہم شرائط ہیں اسکی مثالیں شہداء کربلا کی قربانیاں ہے رند قبائل کے سربراہ چیف آف رند سردار یار محمد رند نے کہا کہ امام عالی مقام نے اپنی اور اپنے شیر خوار بچوں کی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے مسلمانوں کو ایک واضح پیغام دیا کہ باطل کے سامنے سر تو کٹ سکتا ہے مگر جھک نہیں سکتا امام عالی مقام نے چودہ سو سال قبل میدان کربلا میں باطل کے سامنے جو ڈٹ کر مقابلہ کیا وہ مسلم امہ کے لیے ایک واضح پیغام ہے نواسہ رسول ﷺ فاطمۃ الزہرا کے لعل شیر خدا کے لخت جگر جنت کے سردار امام عالی مقام تا قیامت ہر شعبہ زندگی کے لیے صبر واستقامت کی خوبصورت اور سبق آموز مثال ہیں بلکہ انسانی تاریخ میں آپ استقامت وعزیمت کے درجات پر فائز ہیں جاری رہے گا۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم اے ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔ 2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔ 2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 5 جولائی 2025ء

بلوچستان کے مسائل: وزیر اعلیٰ کا وژن اور بیوروکریسی کا کلیدی کردار!!

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ سے پیوستہ روز یہاں کوئٹہ میں ان افسران سے ایک تفصیلی ملاقات کی ہے جو حال ہی میں مقابلے کا امتحان پاس کر کے سول سروس کا حصہ بنے ہیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی جانب سے مقابلے کے امتحانات میں کامیاب ہونے والے نوجوان افسران سے ملاقات ایک انتہائی خوش آئند اور بروقت اقدام ہے۔ یہ نہ صرف نئے افسران کی حوصلہ افزائی کا باعث ہے بلکہ ریاستی مشینری میں ان کے کلیدی کردار کو بھی اجاگر کرتا ہے۔ اس قسم کی براہ راست بات چیت قیادت کے اس پختہ عزم کی عکاسی کرتی ہے کہ وہ نوجوان صلاحیتوں کو پہچانتی اور انہیں صوبے کی ترقی کے دھارے میں شامل کرنا چاہتی ہے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنی گفتگو میں نہایت واضح الفاظ میں کہا ہے کہ نوجوان افسر ریاستی مشینری کا فعال اور موثر حصہ ہیں جن پر گورننس کی بہتری، عوامی خدمت اور شفاف نظام حکومت کی بنیاد استوار ہوتی ہے وزیر اعلیٰ کے ادا کئے گئے اس ایک جملے سے نہ صرف نوجوان افسروں کی موثر حوصلہ افزائی ہوتی ہے بلکہ اس امر کی بھی کھل کر عکاسی ہوتی ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان صوبے کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے بیوروکریسی کے انتظامیہ ڈھانچے کی اہمیت، افادیت اور کلیدی کردار سے کھل کر آگاہ ہیں اور اسے متحرک کرنا چاہتے ہیں اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ صوبے کی تقدیر بدلنے کے لئے محض حکومتی پالیسیوں پر انحصار نہیں کر رہے بلکہ بیوروکریسی کو ان پالیسیوں کے عملی نفاذ کا ایک ناگزیر ستون سمجھتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ کا یہ نقطہ نظر دراصل ایک جدید اور ترقی پسند انتظامی ڈھانچے کی بنیاد رکھتا ہے وزیر اعلیٰ نے اس بات پر خصوصی زور دیا کہ بلوچستان کی ترقی کے عمل میں نوجوان افسران کا کردار انتہائی کلیدی ہے۔ یہ صرف ایک بیان نہیں بلکہ نوجوان افسران کے کندھوں پر ایک بھاری ذمہ داری ڈالتا ہے۔ بلوچستان طویل عرصے سے مختلف چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے، جن میں غربت، پسماندگی، امن و امان کے مسائل اور بنیادی ڈھانچے کی کمی شامل ہے۔ ان مسائل پر قابو پانے اور صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے ایک مضبوط، متحرک اور دیانتدار بیوروکریسی کی اشد ضرورت ہے۔ نوجوان افسران، اپنی تازہ سوچ، توانائی اور جدید علم کے ساتھ، ان چیلنجز سے نمٹنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ وہ روایتی سوچ کو تبدیل کر سکتے ہیں، نئے اور اختراعی حل تلاش کر سکتے ہیں، اور عوامی خدمت کے جذبے کو فروغ دے سکتے ہیں۔ ان کا کردار محض دفتری امور انجام دینے تک محدود نہیں بلکہ انہیں پالیسی سازی کے عمل میں بھی اپنی قیمتی آراء دینی ہوں گی وزیر اعلیٰ نے نوجوان افسران کو اپنے فرائض کی ادائیگی دیانتداری خلوص اور عوامی جذبے سے یقینی بنانے کی تاکید کی ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ایک ایسی بنیادی نصیحت ہے جو کسی بھی کامیاب انتظامی افسر کے لئے رہنما اصول کی حیثیت رکھتی ہے۔ دیانتداری کا مطلب مالی اور اخلاقی طور پر شفاف ہونا ہے، کسی بھی قسم کی بدعنوانی یا بدانتظامی سے اجتناب کرنا ہے۔ خلوص کا مطلب یہ ہے کہ وہ اپنے کام کو صرف ایک نوکری کے طور پر نہ دیکھیں بلکہ اسے ایک مشن سمجھیں جس کا مقصد عوام کی خدمت کرنا ہے۔ عوامی خدمت کا جذبہ بیوروکریسی کے بنیادی فلسفے کا عکاس ہے۔ پاکستان کا قیام جن حالات میں عمل میں آیا وہ تاریخ کا حصہ ہے اور یہ بات بھی تاریخ کا حصہ ہے کہ اس وقت جب ایک نوآموز اور نئی بننے والی مملکت کے پاس وسائل کی کمی تھی اور ہر طرف مسائل ہی مسائل تھے ان حالات میں بیوروکریسی ہی تھی جس نے دیانتداری، خلوص اور عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار ہو کر اگلے چند ہی برسوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا اس وقت وسائل کی کس قدر کمی تھی اس کا اندازہ شہاب نامہ اور دیگر آپ بیتیوں یا تاریخی کتب سے بآسانی ہو جاتا ہے قدرت اللہ شہاب ہو یا پھر غلام اسحاق خان، روئیداد خان اور دیگر افسران انہوں نے قیام پاکستان کے بعد انتہائی بہتر انداز میں قوم اور ملک کی خدمت کو یقینی بنایا اسی تعمیری جذبے کی آج ضرورت ہے بیوروکریٹس دراصل عوام کے خادم ہوتے ہیں اور ان کا بنیادی فرض عوام کے مسائل کو حل کرنا اور ان کی فلاح و بہبود کے لئے کام کرنا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے یہ بھی واضح کیا کہ حقیقی کامیابی عہدے یا اختیارات میں نہیں بلکہ عوامی خدمت کے معیار میں مضمر ہے۔ یہ ایک اہم پیغام ہے جو اس غلط تاثر کو زائل کرتا ہے کہ اختیار محض طاقت کی علامت ہے۔ اس کے برعکس، اختیار دراصل ایک ایسی امانت ہے جسے عوام کی بھلائی کے لئے استعمال کیا جانا چاہئے۔ پاکستان میں اکثر اوقات بیوروکریسی پر یہ الزام لگتا ہے کہ وہ اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتی ہے اور عوام سے کٹ کر رہ جاتی ہے۔ وزیر اعلیٰ کا یہ بیان اس سوچ کو چیلنج کرتا ہے۔ وہ چاہتے ہیں کہ نئے افسران اس نظریے کو اپنائیں کہ اختیار انہیں عوام پر حکمرانی کے لئے نہیں بلکہ ان کی خدمت کے لئے دیا گیا ہے۔ عوامی مسائل کے حل میں خلوص، تندہی اور بروقت ردعمل ہی ایک بہتر منتظم کی پہچان ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ افسران کو عوام کی شکایات کو سنجیدگی سے لینا چاہئے، ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا چاہئے، اور کسی بھی تاخیر یا سستی سے گریز کرنا چاہئے۔ ایک موثر منتظم وہ ہوتا ہے جو نہ صرف مسائل کو سمجھتا ہے بلکہ ان کا عملی اور فوری حل بھی فراہم کرتا ہے۔ یہ روش بیوروکریسی اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ قائم کرنے میں کلیدی حیثیت رکھتی ہے وزیر اعلیٰ نے بالکل بجا کہا ہے کہ بلوچستان کو مسائل کی دلدل سے نکال کر امن، استحکام اور ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے ہمیں ادارہ جاتی ہم آہنگی اور مشترکہ وژن سے آگے بڑھنا ہوگا ضروری ہے کوئی بھی پالیسی، چاہے وہ کتنی ہی اچھی کیوں نہ ہو، اس وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتی جب تک اسے دیانت داری، اہلیت اور خلوص کے ساتھ نافذ نہ کیا جائے۔ بیوروکریسی ہی پالیسیوں کو حقیقت کا روپ دیتی ہے اگر بیوروکریسی اپنے فرائض کی بجا آوری میں سستی، بدعنوانی یا غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کرے گی تو حکومت کے بہترین ارادے بھی ناکام ہو جائیں گے۔ اس کے برعکس، ایک فعال، ذمہ دار اور عوام دوست بیوروکریسی حکومتی اقدامات کو تقویت دے سکتی ہے پس ضرورت اس امر کی ہے کہ بیوروکریسی بحیثیت مجموعی بالعموم اور جو افسران نئے آئے ہیں انہیں بالخصوص محنت، دیانتداری، اخلاص اور عوامی جذبے کے خدمت سے سرشار ہو کر بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لئے حکومت کا دست و بازو بننا چاہئے تبھی ہم ترقی اور خوشحالی کی منزل تک بآسانی پہنچ سکتے ہیں۔

روس اور افغان طالبان کے درمیان گرمجوشی کی وجوہات کیا؟

اظہار خیال — ہارون رشید

200 سے اوپر حشر اٹھاتا بجلی کا ایک یونٹ

برملا — نصرت جاوید

گھمبیر سازش 5 جولائی 1977 بلیک ڈے (2)

قلم ضرار

نواز لیگ، ایک باشعور جماعت

شہر یاراں

مخصوص نشستیں ملنے کے بعد دو تہائی کا جشن

تاثرات — سید مجاہد علی

عہد ساز مدیر آغا مرتضیٰ پویا

خیالات



عمران خان مائنس فارمولا

تجزیہ — سلمان عابد



جب تک عمران خان اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ مفاہمت کا راستہ اختیار نہیں کریں گے ان کے لیے ریلیف ممکن نظر نہیں آ رہا۔ بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کے بقول اسٹیبلشمنٹ سمیت پی ٹی آئی کے سیاسی مخالفین اور پی ٹی آئی میں شامل کچھ عناصر اسٹیبلشمنٹ کی خواہش پر بانی پی ٹی آئی عمران خان کو سیاست سے مائنس کرنا چاہتے ہیں اور

میں بشریٰ بی بی، علیمہ خان، بیرسٹر گوہر اور علی امین گنڈاپور گروپ نمایاں ہیں۔ پی ٹی آئی کا مسئلہ یہ

حاجی میر علی مدد جتک: عوامی خدمت تبدیلی اور ترقی کا علمبردار

تحریر: محمد یوسف بنگلزئی

بلوچستان کی سیاست میں جب بھی استقامت، خدمت اور قربانی کی بات ہوتی ہے تو حاجی میر علی مدد جتک کا نام فخر سے لیا جاتا ہے۔ وہ نہ صرف پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما ہیں بلکہ اپنے حلقہ انتخاب پی بی 45 کوئٹہ کے عوام کے لیے ایک سایہ دار درخت کی مانند بھی ہیں۔ ایک انتہائی ملنسار اور عوام دوست رہنما کے طور پر وہ اپنی پہچان رکھتے ہیں۔ ان کا تعلق پاکستان پیپلز پارٹی سے ہے اور وہ اپنی انتھک کاوشوں اور عوام کے ساتھ گہرے رابطے کی بدولت حلقے میں گہری جڑیں قائم کر چکے ہیں۔ وہ نہ صرف اپنے حلقے میں بلکہ کوئٹہ شہر اور بلوچستان بھر میں ایک مخلص اور دیانتدار سیاست دان کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ ان کی عوام دوستی کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ وہ ہر وقت اپنے حلقے کے لوگوں کے لیے دستیاب رہتے ہیں۔ مسائل سننے اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنے میں وہ کوئی کسر نہیں چھوڑتے۔ ان کا دفتر اور رہائش گاہ ہمیشہ عوام کے لیے کھلی رہتی ہے، جہاں لوگ بلا جھجک اپنے مسائل لے کر آتے ہیں۔ مقامی سطح پر عوامی تقریبات میں ان کی شرکت، لوگوں سے ان کا والہانہ انداز میں ملنا اور ان کے دکھ درد میں شریک ہونا، انہیں ایک عام سیاست دان سے ہٹ کر عوامی رہنما بناتا ہے۔ یہ خصوصیات انہیں عوام کے دلوں میں گھر کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ وہ عوامی شکایات پر فوری کارروائی کرتے ہیں اور ہر ممکن حد تک حکومتی سطح پر ان کے حل کے لیے کوشاں رہتے ہیں۔ حالیہ بجٹ میں سریاب اور حلقہ پی بی پینتالیس کے لیے غیر معمولی ترقیاتی سکیمات کا شامل ہونا حاجی علی مدد جتک کی سب سے بڑی کامیابیوں میں سے ایک ہے۔ ان کی کاوشوں سے بجٹ میں شامل ہونے والے یہ منصوبے حلقے کی تقدیر بدلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ان سکیمات میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت، پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے منصوبے، تعلیمی اداروں کی اپ گریڈیشن، اور صحت کی سہولیات میں بہتری شامل ہے۔ خاص طور پر، سریاب جیسے گنجان آباد علاقے کو طویل عرصے سے بنیادی سہولیات کی کمی کا سامنا تھا۔ حاجی علی مدد جتک کی بدولت اب یہاں کے باسیوں کو بہتر انفراسٹرکچر، صفائی کے بہتر انتظامات اور دیگر شہری سہولیات میسر آئیں گی۔ یہ منصوبے نہ صرف مقامی لوگوں کے معیار زندگی کو بہتر بنائیں گے بلکہ علاقے کی معاشی ترقی کو بھی فروغ دیں گے۔ ان ترقیاتی منصوبوں کے نتیجے میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور مقامی کاروبار کو بھی فروغ ملے گا حاجی علی مدد جتک کا تعلق پاکستان پیپلز پارٹی سے ہے، جو ملک کی ایک بڑی سیاسی جماعت ہے۔ یہ وابستگی انہیں ایک مضبوط نظریاتی پلیٹ فارم فراہم کرتی ہے، جس پر کھڑے ہو کر وہ عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرتے ہیں۔ پیپلز پارٹی کا منشور ہمیشہ غریب اور متوسط طبقے کے حقوق کے تحفظ اور سماجی انصاف کی فراہمی پر مبنی رہا ہے، اور حاجی علی مدد جتک بھی اسی نظریے پر عمل پیرا ہیں ان کی سیاسی بصیرت اور عوامی مسائل پر گہری گرفت انہیں پارٹی کے اندر بھی ایک نمایاں مقام دلاتی ہے۔ وہ بلوچستان کی سیاست میں پیپلز پارٹی کی آواز کو بلند کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ میر علی مدد جتک نے ہمیشہ اصولوں، قربانی، اور عوامی خدمت کی سیاست کو ترجیح دی۔ ان کی سیاست کا محور نہ اقتدار ہے، نہ مفادات صرف عوام، ان کی خدمت اور ان کے حقوق کا تحفظ ہے۔

دالبندین میں منشیات کا بڑھتا رجحان، نوجوانوں کا مستقبل خطرے میں

طلباء وطالبات، نوجوانوں، عام شہریوں کے لئے خطرے کی گھنٹی بجادی ہے، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان کھڑا کردیا ہے، والدین، شہری پریشان

چھوٹے چھوٹے نشے کے اڈے گلی محلوں میں قائم ہیں، بعض منشیات فروش جدید طریقے اختیار کرکے موٹر سائیکلوں کے ذریعے ہوم ڈیلیوری منشیات گھروں کی تک پہنچا رہے ہیں

دالبندین (نامہ نگار) دالبندین میں منشیات کا بڑھتا ہوا رجحان نوجوان نسل خطرے میں، عوامی مطالبہ فوری کارروائی دالبندین میں منشیات کے عادی افراد کی تعداد روز بروز بڑھتی جا رہی ہے، جو ہمارے معاشرے کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ اب چھوٹے چھوٹے نشے کے اڈے گلی محلوں میں قائم ہیں، اور بعض منشیات فروش جدید طریقے اختیار کر کے موٹر سائیکلوں کے ذریعے منشیات گھروں کی دہلیز تک پہنچا رہے ہیں۔ اس صورتحال نے طلباء و طالبات، نوجوانوں اور دیگر عام شہریوں کے سامنے سنگین خطرے کی صورت حال کھڑی کر دی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ منشیات کے عادی افراد کا شہر کے مختلف علاقوں میں کھلم کھلا گھومنا قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ سابق ایس پی اور موجودہ ڈی ایس پی عابد شیر زئی نے اس وبا کے خاتمے کے لیے اقدامات کیے تھے، گلی محلوں میں منشیات کے چھوٹے اڈوں کو ختم کیا، متعدد منشیات فروشوں کو گرفتار کیا اور بعض نشے کے عادی افراد کا علاج کروا کر انہیں بحالی کی راہ دکھائی۔ ان اقدامات نے عوام میں امید کی نئی کرن روشن کی تھی۔ علاقائی عمائدین اور صحافیوں کا موقف ہے کہ پولیس، لیویز فورس، ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس فورس کو مشترکہ عملی منصوبہ بندی کے تحت کارروائیاں تیز کرنا ہوں گی۔ عوامی حلقوں نے انتظامیہ اور پولیس سے اپیل کی ہے کہ گلی محلوں اور نشے کے چھوٹے اڈوں کی خفیہ نشاندہی کے لیے موبائل ٹیمیں تشکیل دی جائیں۔ گرفتار منشیات فروشوں اور ڈیلروں کے خلاف فوری مقدمات درج کیے جائیں۔ نشے کے عادی افراد کے علاج و بحالی کے لیے مستند اداروں کے ساتھ رابطہ کیا جائے۔ قبائلی عمائدین، علما کرام اور کمیونٹی لیڈرز کو شامل کر کے شعور بیدار کرنے والی مہم چلائی جائے۔ عوامی نمائندوں کا کہنا ہے کہ اگر آج سنجیدہ اقدامات نہ کیے گئے تو آنے والی نسلیں اس لعنت میں پھنس کر رہ جائیں گی۔ ہم قانون نافذ کرنے والے اداروں سے گزارش کرتے ہیں کہ بروقت اور سخت اقدامات سے دالبندین کو منشیات سے پاک بنایا جائے، تاکہ نوجوان نسل و اور بچوں کا مستقبل محفوظ ماحول میں پروان چڑھ سکیں۔

نصیر آباد، ڈی سی منیر احمد کاکڑ قطر چیریٹی کی جانب سے سیلاب متاثرین میں گھر تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

منیر احمد کاکڑ نے قطر چیریٹی کے تیار 125 تیار گھروں کا افتتاح کر دیا

قطر کی عوام نے مشکل کی گھڑی میں پاکستانی عوام کا ساتھ دیا ان کے مشکور ہیں

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے قطر چیریٹی کی جانب سے تحصیل لانڈھی میں سیلاب متاثرین کے لیے تعمیر کیے گئے 125 تیار گھروں کا افتتاح کرکے متاثرہ خاندانوں کے حوالے کر دیے۔ اس موقع پر قطر چیریٹی پاکستان کے کنٹری ڈائریکٹر امین عبدالرحمان اور پروجیکٹس کوآرڈینیٹر سلمان نذر بھی موجود تھے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے کہا کہ سال 2022 کا تباہ کن سیلاب آج بھی ہماری یادوں میں زندہ ہے جب لاکھوں لوگ اس کی تباہ کاریوں سے متاثر ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ قطر کی عوام نے مشکل کی اس گھڑی میں پاکستانی عوام کا ساتھ دیا جس پر ہم ان کے مشکور ہیں۔ آج تحصیل لانڈھی کے سیلاب متاثرین کو قطر چیریٹی کی جانب سے دو کمروں، کچن، بیت الخلاء، پانی کی ٹینکیاں اور دیگر بنیادی سہولیات سے مزین 125 گھر فراہم کیے جا رہے ہیں جو بے گھر افراد کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں۔ ڈپٹی کمشنر نصیر آباد نے قطر چیریٹی پاکستان کے کنٹری ڈائریکٹر امین عبدالرحمان اور دیگر مہمانوں کے ہمراہ ربن کاٹ کر گھروں کا افتتاح کیا اور متاثرین میں گھروں کی چابیاں تقسیم کیں۔

لیبر یونین بھی ہر فورم پر اپنا مثبت کردار ادا کر رہی ہے، منیر مسوری

سبی (اے این این) پاکستان مسلم لیگ ن لیبر یونین کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن لیبر یونین صوبے بھر میں ملازمین کو درپیش مسئلہ مسائل کے حل سمیت مشکلات کا ازالہ کرنے کے لئے ہر فورم پر جدوجہد کو یقینی بنا کر اپنا مثبت کردار ادا کر رہی ہے ہم گورنر بلوچستان و پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی صدر شیخ جعفر خان مندوخیل کی قیادت میں متحد ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا قبل ازیں پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس صوبائی صدر لیبر ونگ مسلم لیگ ن بلوچستان منیر احمد بگٹی ہوا اجلاس میں جنرل سیکرٹری خان موسیٰ خان تنگ سمیت دیگر صوبائی عہدیداروں نے شرکت کی

پشین، تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن، غیر قانونی تعمیرات مسمار

ناپ تول میں کمی پر متعدد نانبائیان اور منی پیٹرول پمپ مالکان گرفتار

ناقص صفائی، سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی پر دکانداروں پر جرمانہ

پشین (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر پشین نعمت اللہ ترین نے جمعرات کے روز پشین شہر اور ڈسٹرکٹ سیشن کورٹ کے اطراف میں تجاوزات کیخلاف بھرپور آپریشن کیا، غیر قانونی تجاوزات اور تعمیرات کو مسمار کیا گیا جس کے نتیجے میں مجموعی طور تقریباً ایک کلو میٹر کا راستہ کلیئر ہو گیا۔ اسی اثناء اسسٹنٹ کمشنر نعمت اللہ ترین نے مختلف پٹرول پمپس، ملک شاپس اور تندوروں کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے ناپ تول کو چیک کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے خلاف ورزی پر دو پیٹرول پمپوں کو سیل کر دیا جبکہ سات افراد کو گرفتار کرکے متعدد دکانداروں کو جرمانہ کیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نعمت اللہ ترین نے کہا کہ سرکاری قیمت اور پیمانوں کو مسلسل چیک کیا جا رہا ہے جبکہ غیر قانونی منی پٹرول پمپس کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ شہر کے تمام علاقوں میں اشیا خورونوش کی سرکاری قیمتوں پر سو فیصد عملدرآمد کروایا جا رہا ہے، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس روزانہ کی بنیاد پر چیکنگ کر رہے ہیں اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔ادارہ غلط اور مشکوک اشتہار والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جانے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی سروس بک

میری سروس بک جاری کردہ محکمہ صحت بنام بھنو مسیح ولد منشی لورالائی میں گم ہوگئی ہے ملنے پر فون نمبر 03342379275 پر مطلع کریں
ملک امانت حسین لورالائی........

اطلاع عام

پلاٹ نمبر B-334 رقبہ 300 گز واقع زرغون ہاؤسنگ اسکیم اس وقت محمد ولد عمیر کے نام ہے ٹرانسفر بشریٰ بلوچ زوجہ عرفان الٰہی کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر QDA سے رابطہ کریں
R.No...........61666

عاق نامہ

میں تحمل ولد یوسف مسیح اپنی بیٹی ربقہ زوجہ مرسلان سرفراز کو بوجہ نافرمانی، اخلاقی فعل، بری صحبت، لڑائی جھگڑے اور دیگر وجوہات کی بنا پر اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آج کے بعد جو کوئی بھی ربقہ سے لین دین کاروبار یا رشتہ کرے گا وہ اپنے نفع و نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا آج سے میرا اور میرے اہل خانہ کا ان سے کوئی تعلق واسطہ نہیں المشتہر تحمل ولد یوسف مسیح
R.No...........61672

اطلاع عام

دکان نمبر 29/90 رقبہ 196 مربع فٹ واقع فروٹ اینڈ سبزی مارکیٹ سرکی روڈ کوئٹہ اس وقت سردار غلام سرور خان ولد نذر محمد کے نام ہے ٹرانسفر عبدالرحیم ولد عبدالرحمن خان کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
R.S.No.............61670

ضرورت سٹاف

ہمیں اپنے ادارے کیلئے سٹاف کی ضرورت ہے جس میں بیوٹیشن، اسٹیچنگ، کٹنگ انسٹرکٹر، آفس بوائے، آفس اسسٹنٹ اور کلرک کی پوسٹ کیلئے خواہشمند حضرات فون نمبر 03310380071 پر رابطہ کریں
R.S.No.............61671

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5540270200883 بنام نادان ولد اختر محمد سنجاوی میں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03362389164 پر مطلع کریں
ملک امانت حسین لورالائی........

پی ایچ ای منصوبوں کا جلد تکمیل تک پہنچنا ضروری ہے، کمشنر نصیر آباد

منصوبوں کی تکمیل میں جتنی دیر ہوگی انکے برے اثرات عوام پر مرتب ہونگے

نصیر آباد (خ ن+ نامہ نگار) کمشنر نصیر آباد ڈویژن معین الرحمن خان کی زیر صدارت محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ محکمہ لوکل گورنمنٹ اور محکمہ اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ نصیر آباد ڈویژن احمد نواز جتک ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ محمد کاظم لونی محمد احسن بشیر حفیظ الرحمن ہاشمی شکیل انصاری میٹر کھوسہ سب ڈویژنل افیسر بھی امجد ارباب ہنگلزئی ایگزیکٹو انجینئر اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ جہانزیب ہنگلزئی اے ڈی ایل جی لوکل گورنمنٹ جعفر آباد احمد حسن چانڈیو ایس ڈی او اسد محمد رحمت اللہ جمالی یاسین جمالی محمد اسماعیل سمیت دیگر آفیسران موجود تھے جنہوں نے اپنے اپنے محکموں کے جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے فرداً فرداً بریفنگ دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر نصیر آباد ڈویژن معین الرحمن خان نے کہا کہ دیگر منصوبوں کے ساتھ ساتھ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے منصوبوں کا جلد از جلد معیار کے مطابق تکمیل تک پہنچنا انتہائی ضروری ہے کیونکہ ان منصوبوں کی تکمیل میں جتنی دیر ہوگی ان کے برے اثرات عوام پر مرتب ہونگے آبنوشی کی فراہمی انہی منصوبوں سے جڑی ہوئی ہے تمام پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ایگزیکٹو انجینئرز منصوبوں کی تکمیل کے ساتھ ساتھ لوگوں کو آبنوشی کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کریں سخت گرمیوں کی وجہ سے پانی کی طلب میں غیر معمولی اضافہ دیکھا جا رہا ہے اس لیے آبنوشی کی فراہمی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی لوگوں کی شکایات کا تدارک کرنا انتہائی ضروری ہے اجلاس کے موقع پر کمشنر معین الرحمن خان نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ کی وہ اسکیمات ہیں جن سے تمام گلی محلوں اور وارڈز کے مکین مستفید ہو سکتے ہیں بالخصوص نالی اور چھوٹی گلیوں میں سولر لائٹس سیوریج اور ٹف ٹائلز کے منصوبے مفاد عامہ میں ہیں اس لیے ضروری ہے کہ ان منصوبوں کو معیار کے مطابق مکمل کیا جائے ٹف ٹائلز کی کوالٹی کی جانچ پڑتال کے بعد ہی گورنمنٹ کنٹریکٹرز کو استعمال کرنے دیا جائے

ماتمی جلوسوں کے روٹس پر صفائی کیلئے اقدامات شروع کر دیے، سلیم خان

تمام جلوس روٹس سے جھاڑیاں اور رکاوٹیں ہٹا دی گئی ہیں، چیف میونسپل آفیسر

نصیر آباد (نامہ نگار) چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی سلیم خان ڈومکی نے کہا ہے کہ محرم الحرام اور عاشورہ کے دوران ماتمی جلوسوں کے روٹس پر صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی نے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات شروع کر دیے ہیں انہوں نے کہا کہ محرم کے تقدس اور عزاداروں کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے جلوسوں کے تمام راستوں پر میونسپل عملہ اور مشینری کی مدد سے صفائی ستھرائی کا عمل جاری ہے تمام جلوس روٹس سے جھاڑیاں اور رکاوٹیں ہٹا دی گئی ہیں جبکہ کچرا کنڈیوں کو روزانہ کی بنیاد پر اٹھایا جا رہا ہے تاکہ بدبو اور گندگی سے عوام کو دشواری نہ ہو۔ چیف آفیسر سلیم خان ڈومکی نے مزید بتایا کہ جلوس گزرنے والے راستوں پر روزانہ کی بنیاد پر میونسپل کمیٹی کی فائر بریگیڈ کے ذریعے پانی کا چھڑکاؤ کیا جا رہا ہے تاکہ گرد و غبار کا خاتمہ ہو اور عزاداروں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جا سکے۔

جعفر آباد، ڈی سی خالد خان محرم الحرام کے موقع پر جلوس کے روٹس کا جائزہ لے رہے ہیں

پی ایچ ای نوشکی کے انجینئر عبدالحئی کا کلی بکرہ لانڈھی کا دورہ

(ل (نامہ نگار) پی ایچ ای نوشکی کے انجینئر عبدالحئی نے آج کلی بکرہ لانڈھی کا دورہ کیا جمعیت علمائے اسلام کے رہنما ایم پی اے نوشکی حاجی میر غلام دستگیر بادینی کے فنڈز سے منظور آبنوشی اسکیم کے جگہ کا معائنہ کیا اور معلومات مرتب کریں اس موقع پر اہلیان بکرہ لانڈھی کی بڑی تعداد موجود تھے یاد رہے کہ بکرہ لانڈھی گذشتہ کئی سالوں سے پانی کی سہولت سے محروم ہیں کلی کا آدھا حصہ نقل مکانی کر چکے ہیں بقیہ کلی بھی نقل مکانی کے لیے سوچوں میں گم تھے انہیں اب خوشخبری مل چکی ہیں آج پی ایچ ای کے انجینئر نے باقاعدہ طور پر اسکیم کی جگہ کا معائنہ کیا جس سے اہلیان میں خوشی کی لہر دوڑ گئی کیونکہ اس شدید گرمی میں کلی کے مکین کئی کلو میٹر دور سے پانی لانے پر مجبور ہیں

مری کور بلوچستان میں 19 اضلاع میں کام کر رہی ہے، ڈاکٹر امین اللہ

ایس پی او سات جبکہ گرین ستار دو اضلاع میں ٹی بی کی روک تھام پر کام کر رہی ہے

خاران (نمائندہ خصوصی) ٹیم لیڈر مری کور (ساوتھ) بلوچستان اور پروجیکٹ منیجر ٹی بی پروگرام ڈاکٹر امین اللہ نے کہا کہ ٹی بی کے تشخیص سے علاج تک مری کور محکمہ صحت حکومت بلوچستان کے ساتھ مل کر ان مریضوں کا علاج مفت کرتے ہیں جو کہ سرکاری ہسپتالوں کے بجائے شام کے وقت پرائیویٹ ڈاکٹروں کے پاس جاتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورے خاران کے موقع پر محکمہ صحت سے تعلق رکھنے والے ضلعی آفیسران ڈی ایچ او ڈاکٹر شیر احمد بلوچ ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی نور احمد کبدانی ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر جاگر انور ایم ایس ڈی ایچ کیو ڈاکٹر آصف ملازئی سے ملاقات اور مختلف سرکاری و پرائیویٹ لیبارٹریز کے معائنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کے دوران کیا اس دوران ان کے ہمراہ ڈسٹرکٹ فیلڈ سپروائزر مری کور سید شعیب شاہ بھی تھے اور جس اضلاع میں یہ پروگرام چل رہا ہیں وہاں پر مری کور کے فیلڈ سپروائزر موجود ہیں انھوں نے کہا کہ مری کور اس وقت بلوچستان میں 19 اضلاع میں کام کر رہی ہیں۔ جن میں مری کور خود براہ راست دس اضلاع میں۔ ایس پی او سات اضلاع میں جب کہ گرین ستار دو اضلاع میں ٹی بی کی روک تھام اور علاج و معالجہ پر کام کر رہے ہیں

پنجگور، میئر میر شکیل کی ہدایت پر نالوں کی صفائی کا آغاز

پنجگور (یو این اے) میونسپل کارپوریشن پنجگور نے میئر میر شکیل احمد قمبرانی کی خصوصی ہدایت پر مون سون سیزن کے پیش نظر نالوں، ڈرینج سسٹم اور گزرگاہوں کی صفائی کا ہنگامی بنیادوں پر آغاز کر دیا ہے۔ میئر پنجگور نے متعلقہ شعبوں کو ہدایت جاری کی کہ گلی کوچوں میں نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنایا جائے اور روڈ کنارے موجود رکاوٹوں کو فوری طور پر ختم کیا جائے تاکہ بارشوں کے دوران شہریوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ ہو۔ اس وقت میونسپل عملہ چتکان تار آفس کے مختلف مقامات پر صفائی کے کام میں مصروف ہے، جبکہ دیگر حساس علاقوں میں بھی یہ عمل جاری رکھا جائے گا۔

گوادر، پی ایچ ای کی ٹیم کا ڈور، فقیر کالونی اور ملحقہ علاقوں میں کارروائی

گوادر (خ ن) ضلعی انتظامیہ کی ہدایات پر عمل درآمد کرتے ہوئے ایکسین پی ایچ ای مومن بلوچ کی زیر نگرانی انجینئر سلمان بلوچ کی قیادت میں پی ایچ ای کی ٹیم نے ڈور، فقیر کالونی اور ملحقہ علاقوں میں بڑے پیمانے پر کارروائی کی۔ اس دوران متعدد غیر قانونی کنکشن اور مین پائپ لائن کے کنکشنز منقطع کر دیے گئے۔ محکمہ پی ایچ ای نے عوام کو متنبہ کیا ہے کہ وہ از خود اپنے غیر قانونی پانی کے کنکشنز ختم کر دیں، تاکہ شہر میں پانی کی فراہمی کے نظام میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ ترجمان پی ایچ ای کے مطابق، شہر بھر میں مزید کارروائیاں بھی جاری رکھی جائیں گی تاکہ پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جا سکے اور عوامی مشکلات میں کمی لائی جا سکے۔

دالبندین نیو بس اڈہ میں سہولیات کا فقدان، مسافر، تاجر پریشان

ٹاؤن کمیٹی پینے کے پانی اور بیٹھنے کیلئے شیڈز کی سہولت یقینی بنائی جائے

دالبندین (نمائندہ خصوصی) دالبندین نیو بس اڈہ میں کھلے آسمان تلے خرید و فروخت، ٹاؤن کمیٹی سے سایہ دار بندوبست کی اپیل دال بندین کا نیو بس اڈہ، جو شہریوں اور مسافروں کی سہولت کے لیے قائم کیا گیا ہے، اس وقت شدید گرمی میں سایہ دار سہولتوں سے محروم ہے۔ بس اڈے کے دونوں جانب دکانیں موجود ہیں، جبکہ ان کے درمیان کا وسیع رقبہ کھلا ہوا ہے، جہاں فی الحال مویشیوں کی خرید و فروخت ہوتی ہے اور گرمیوں کے موسم میں تربوز و خربوزے جیسے موسمی پھل فروخت کیے جاتے ہیں۔ چونکہ یہ علاقہ مکمل طور پر کھلا ہے، اس لیے شدید گرمی کے موسم میں خریداروں، فروخت کنندگان اور راہگیروں کو خاصی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ نہ صرف بیوپاری اور محنت کش طبقہ گرمی سے متاثر ہو رہا ہے بلکہ کھلے آسمان تلے فروخت ہونے والے پھل بھی گرمی سے جلد خراب ہو سکتے ہیں، جو خریداروں کی صحت پر بھی اثر ڈال سکتے ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ چونکہ نیو بس اڈہ دالبندین ٹاؤن کمیٹی کی ملکیت ہے، اور یہاں سے کرایہ جات کی صورت میں آمدنی بھی حاصل ہوتی ہے، اس لیے یہ نہایت ضروری ہے کہ متعلقہ ادارے یہاں بنیادی سہولیات فراہم کریں۔ خاص طور پر سایہ دار شیڈز، پینے کے پانی اور بیٹھنے کے مقامات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ یہ خبر کسی تنقید یا مخالفت کے لیے نہیں بلکہ ایک مثبت جذبے کے تحت شائع کی جا رہی ہے، تاکہ ٹاؤن کمیٹی دالبندین اور مقامی انتظامیہ اس اہم پہلو پر توجہ دے اور مستقبل میں گرمی یا سردی جیسے موسمی حالات کے مطابق بہتر انتظامات ممکن بنائے۔

عیسیٰ خان کے قاتلوں کو قرار واقعی سزا دی جائے، جرگہ عمائدین

ژوب (یو این اے) قوم شیرانی، حریفال، مندوخیل اور کاکڑ قبائل کے عمائدین پر مشتمل ایک اہم قبائلی جرگہ ژوب میں منعقد ہوا، جس کی صدارت الحاج حاجی محمد حسن شیرانی نے کی۔ جرگے میں کچھ عرصہ قبل بیدردی سے قتل کیے گئے معصوم بچے عیسیٰ خان شیرانی کے کیس پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ جرگہ شرکا نے قتل کیس کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تفتیش پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اصل مجرموں کو قانون کے کٹہرے میں لا کر سخت سزا دی جائے تاکہ معاشرے میں ایسے دلخراش اور غیر انسانی واقعات کا سدباب ممکن ہو۔ شرکا نے صوبائی حکومت، آئی جی پولیس، ڈی آئی جی، ایس ایس پی کرائم برانچ اور متعلقہ ایس ایچ او سے مطالبہ کیا کہ وہ عیسیٰ خان کے قتل کیس کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے تمام پہلوؤں کی تحقیقات کریں اور اصل قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچائیں۔

پٹرول، گیس کی قیمتوں میں اضافہ غریب دشمنی پر مبنی ہے، جمعیت

ایک ماہ میں 17 روپے لیٹر اضافہ عوام کے زخموں پر نمک پاشی ہے

حب (نمائندہ مشرق) جمعیت علما اسلام تحصیل حب کے امیر مفتی عبدالولی نے پٹرول اور گیس کی قیمتوں میں حالیہ ہوشربا اضافے کو شدید الفاظ میں مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اضافہ سراسر ظلم، ناانصافی اور غریب دشمنی پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے اس طوفان میں غریب عوام پہلے ہی پس کر رہ گئے ہیں، اب مزید ایک ہی مہینے میں 17 روپے فی لیٹر پٹرول کا اضافہ ان کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔ مفتی عبدالولی نے کہا کہ لاکھوں غریب والدین اپنے بچوں کے پیٹ پالنے اور تعلیم کا بندوبست کرنے کی تگ و دو میں لگے ہیں، ایسے میں پٹرول، گیس اور بجلی کے نرخوں میں مسلسل اضافہ عوام کو فاقوں پر مجبور کر رہا ہے۔ کیا غریب اپنے بچوں کا پیٹ پالے یا حکمرانوں کی عیاشیوں کا بوجھ بلوں کی صورت میں برداشت کرے؟ انہوں نے کہا کہ حکومت عالمی مالیاتی اداروں کے دباؤ میں آ کر اپنی نااہلی کا بوجھ عوام پر ڈال رہی ہے۔ ہر مہینے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر کے حکومت گویا خود اپنی ناکامی کا اعتراف کر رہی ہے۔ یہ کیسی جمہوریت ہے جس میں عوام کی رائے کی کوئی حیثیت نہیں اور فیصلے صرف اشرافیہ کے مفادات کو سامنے رکھ کر کیے جاتے ہیں مفتی عبدالولی نے مطالبہ کیا کہ حکومت فی الفور پٹرول، گیس اور بجلی کی قیمتوں میں اضافہ واپس لے، اور غریب عوام کو ریلیف فراہم کرے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر یہ ظالمانہ پالیسیاں جاری رہیں تو جمعیت علما اسلام عوام کے ساتھ مل کر سڑکوں پر نکلے گی اور پرامن احتجاج کے ذریعے حکمرانوں کو ان کے ہوش ٹھکانے لگائے گی۔

بعدالت زاہر علی ڈومکی تحصیلدار و اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول سبی

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی بھاگیا خان ولد پائند خان قوم براہمانی نے تحریری درخواست شرعی فتویٰ، حلفیہ بیان وغیرہ پیش کرکے بتلایا کہ میرا بھائی متوفی عطر خان ولد پائند خان قوم براہمانی بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے متوفی کے جائز ورثاء بمطابق شرعی فتویٰ صرف ایک بھائی بھاگیا خان ولد پائند خان ظاہر کیا ہے۔ متوفی کی اراضی بحال موضع گوشتر زیر کھاتہ کھتونی نمبر 24/24 قطع 294 رقبہ تعدادی حصہ خود 14/189/272 حصہ درج ریکارڈ ہے۔ متوفی کی اراضی بحق جائز وارث بھاگیا خان ولد پائند خان قوم براہمانی کے نام انتقال وراثت کرنا مطلوب ہے۔ اگر کسی شخص یا ادارہ کو کسی قسم کا عذر و اعتراض ہو تو اندر سات یوم دفتر زیر دستخطی کو پیش کرے بصورت انتقال وراثت درج ہو کر تصدیق کیا جائے گا اشتہار ہذا آج مورخہ 3/7/2025 میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔
سلیم گشکوری سبی........

بعدالت جناب مقبول احمد ناصر اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم / تحصیلدار بوری لورالائی

اشتہار برائے عوام الناس

ہرگاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی حاجی اللہ نور نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا والد حاجی رحمت اللہ ولد ماجان بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ متوفی کے جائز وارثان حاجی اللہ نور، حاجی شاہ نور، سید نور، مولوی ضیاء الحق، خدائے نور، حبیب اللہ، نجیب اللہ، احسان اللہ، بیبلی بی بی، کوثر، ولی بی، باران بی بی بیوہ پسران و دختران حاجی رحمت اللہ ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں متوفی مذکورہ کی جائیداد موضع سپین تنگی، غرنی، پنجہ میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج و تصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر و اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 3/7/025 کو ہمارے دستخط و مہر سے جاری ہوا
ملک امانت حسین لورالائی........

بعدالت جناب مقبول احمد ناصر اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم / تحصیلدار بوری لورالائی

اشتہار برائے عوام الناس

ہرگاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی دنیا خان نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا والد سماعیل ولد اول بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ متوفی کے جائز وارثان گل باران، بارا خان، دنیا خان، تاز بخت پسران و دختران سماعیل ولد اول ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں متوفی مذکورہ کی جائیداد موضع سور خندہ میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج و تصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر و اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 4/7/025 کو ہمارے دستخط و مہر سے جاری ہوا
ملک امانت حسین لورالائی........

بعدالت جان محمد سیلاچی نائب تحصیلدار و اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم سبی

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سائلہ درگان بیوہ چندر لعل ساکن سبی نے ایک قطعہ تحریری درخواست، اسٹام پیپر حلفیہ اقرار نامہ بمعہ تصدیقی سرٹیفکیٹ ہندو پنچایت مجاریہ تعدادی 10 (دس) ممبران مکھی گربخش لعل، ڈاکٹر سدھ رام چند وغیرہ پیش کرکے استدعا کی کہ اس کا شوہر چندر لعل عرف بال چند ولد نارول ذات ہندو بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے جس کی جائیداد غیر منقولہ مکان، دو دکانات وارڈ نمبر 2 موضع میونسپل سبی میں واقع ہیں بمطابق پیش کردہ تصدیقی سرٹیفکیٹ ہندو پنچایت کے متوفی چندر لعل کے پسماندگان میں ایک بیوہ درگان اور چار بیٹے (1) راجیش کمار (2) ہریش کمار (3) سبھاش کمار (4) شنکر یوگیش جائز وارث قرار پائے ہیں جن میں سے راجیش کمار فوت ہوا پسماندگان میں ایک بیٹا ارون کمار جبکہ سبھاش کمار بھی فوت ہو چکا ہے پسماندگان میں صرف ایک بیوہ ریشماں جائز وارث قرار پائے ہیں جن کے نام پر انتقال وراثت درج / منتقل کرنا مطلوب ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا تشہیر کرائی جاتی ہے کہ متذکرہ بالا جائز ورثاء یا انتقال وراثت پر کسی بھی دار، واسطہ دار یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا کوئی عذر و اعتراض ہو تو بعد اشاعت اشتہار اندر سات ایام اپنا عذر و اعتراض زیر دستخطی کو پیش کرے بصورت دیگر انتقال وراثت درج ہو کر تصدیق و منظور کیا جائے گا بعد میں کسی قسم کا کوئی عذر و اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ آج اشتہار ہذا مورخہ 3/7/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا
سلیم گشکوری سبی........

بعدالت جناب فیملی جج (3) کوئٹہ

کیس نمبر 2025/ درخواست گارڈین
عبدالرحمن ولد محمد رضوان سکنہ نواں کلی محلہ شالکوٹی کچھ کالونی 2 کوئٹہ V/S 1 افشاں رضوان W/O محمد رضوان سکنہ نواں کلی محلہ شالکوٹی کچھ کالونی 2 کوئٹہ 2۔ عوام الناس
اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 18/7/2025 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضری عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 3/7/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا
61669

آسامیاں (عارضی) خالی ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں بلوچستان کے تمام اضلاع کے بند سکولوں کو کھولنے اور سکول سے باہر بچوں کو سکولوں میں داخل کرانے اور سکولوں میں اساتذہ کرام کی کمی کو دور کرنے کیلئے محکمہ سکول ایجوکیشن بلوچستان کی منظور شدہ ریکروٹمنٹ پالیسی 2024 (عارضی تعیناتی) کے روشنی میں محکمہ تعلیم (مدارس) میں اساتذہ گریڈ 14 تا 15 کی عارضی آسامیاں کو پر کرنے کیلئے ضلع کچھی کے لوکل / ڈومیسائل اہل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	آسامی کا نام بمعہ گریڈ	بنیادی تعلیمی قابلیت
1	ایلیمنٹری سکول ٹیچر EST (B-15)	بیچلر ڈگری (آنرز) (ایجوکیشن میں) 4 سالہ / BS ایجوکیشن کسی مستند ادارے سے یا بیچلر ڈگری بمعہ بی ایڈ (B.Ed) کسی مستند ادارے سے۔
2	جونیئر انگلش ٹیچر JET (B-15)	بیچلر ڈگری (آنرز) (ایجوکیشن میں) 4 سالہ / BS ایجوکیشن کسی مستند ادارے سے یا بیچلر ڈگری بمعہ بی ایڈ (B.Ed) کسی مستند ادارے سے۔
3	جونیئر انگلش ٹیچر ٹیکنیکل JET (Tec) (B-15)	بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے سے اور ایک سالہ ٹریننگ ڈپلومہ ایگروٹیک ٹیچرز ٹریننگ سینٹر۔
4	جونیئر عربک ٹیچر JAT (B-15)	گریجویشن بمعہ عربی مضمون اور عربک ٹیچر ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) کسی مستند ادارے سے یا شہادت العالیہ (مساوی بیچلر ڈگری) از وفاق المدارس یا تنظیم المدارس یا HEC سے منظور شدہ ادارے سے بمعہ عربک ٹیچر ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) کسی مستند ادارے سے یا سند درس نظامی از منظور شدہ ادارے سے بمعہ عربک ٹیچر ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) کسی مستند ادارے سے۔
5	فزیکل ایجوکیشن ٹیچر PET (B.15)	بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے سے بمعہ فزیکل ایجوکیشن میں ڈپلومہ کسی مستند ادارے سے
6	ڈرائنگ ماسٹر DM (B-15)	بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے سے بمعہ ڈرائنگ ماسٹر سرٹیفکیٹ کسی مستند ادارے سے۔
7	جونیئر ورنا کیولر ٹیچر JVT (B-14)	بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے سے اور پرائمری ٹیچر سرٹیفکیٹ (PTC) / بیچلر آف ایجوکیشن (B.Ed) کسی مستند ادارے سے / ایسوسی ایٹ ڈگری (2 سالہ) ایجوکیشن میں (ADE) / بیچلر ڈگری (آنرز) ایجوکیشن (4 سالہ) کسی مستند ادارے سے۔
8	معلم القرآن M.Q (B-14)	بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے سے یا سند (مساوی B.A) از وفاق المدارس یا تنظیم المدارس یا HEC سے منظور شدہ ادارے سے۔

ضروری ھدایت شرائط وضوابط:۔ (1) صرف مطلوبہ تعلیمی قابلیت رکھنے والے امیدوار درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ (2) ضلع کچھی کے لوکل / ڈومیسائل کے حامل امیدوار درخواست جمع کروانے کے اہل ہونگے۔ (3) عمر کی بالائی حد 55 سال ہے۔ (4) سرکاری ملازمین اپنے محکمہ کے توسط سے درخواستیں ارسال کریں۔ (5) تمام ریکروٹمنٹ خالصتاً حکومت بلوچستان سے منظور شدہ ریکروٹمنٹ پالیسی 2024 (عارضی تعیناتی) کے تحت ہوگی۔ بلوچستان گورنمنٹ اور سیکنڈری ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے دیگر قوانین / پالیسی / نوٹیفکیشن جو ریکروٹمنٹ پالیسی 2024 (عارضی تعیناتی) سے متصادم ہوں، اس ریکروٹمنٹ پر قابل عمل نہ ہونگے۔ (6) آسامیاں متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سے موصول شدہ معلومات کے مطابق مشتہر کی جا رہی ہیں۔ لہٰذا صرف دفتر سے موصول شدہ معلومات کے مطابق درخواست موصول کی جائینگی۔ اور اس میں کسی بھی قسم کا رد و بدل قابل قبول نہ ہوگا۔ (7) تصدیق شدہ خالی آسامیوں کی یونین کونسل فہرست محکمہ تعلیم اور حکومت بلوچستان کی ویب سائٹ www.emis.gob.pk اور www.balochistan.gov.pk پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔ (8) شہری علاقوں کی میرٹ لسٹ میونسپل کارپوریشن اور میونسپل کمیٹی کی حدود کے مطابق ہوگی جبکہ دیہی علاقوں کی میرٹ لسٹ یونین کونسل وار مرتب ہوگی۔ (9) معذور کوٹہ اور اقلیتی کوٹہ کی علیحدہ علیحدہ میرٹ لسٹ ضلع ...

نمبر شمار	نام ایم سی / یو سی	EST B-15 M	EST B-15 F	JET B-15 M	JET B-15 F	JET (Teh) B-15 M	JET (Teh) B-15 F	JAT B-15 M	JAT B-15 F	JDM B-15 M	JDM B-15 F	PET B-15 M	PET B-15 F	JVT B-14 M	JVT B-14 F	M.Q B-14 M	M.Q B-14 F
1	بھاگ	3	1	01	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0
2	ڈھاڈر	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	02	0	0
3	کچھ	1	0	0	2	0	0	0	0	0	1	0	0	2	1	0	0
4	چنڑ	0	0	2	0	0	0	0	0	0	0	1	0	1	0	0	0
5	چھلگری	0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0
6	غازی	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	01	0	1	0	0	0
7	حاجی شہر	0	0	02	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0
8	جلال خان	01	1	01	0	0	0	0	0	0	0	0	0	02	0	0	0
9	کھٹن	02	01	01	0	0	0	0	0	01	01	0	0	1	0	0	0
10	کاموئی	0	0	0	0	0	0	01	0	0	0	0	0	01	0	01	0
11	کوٹ ریکسانی	0	0	03	0	0	0	0	0	0	0	0	0	01	0	0	0
12	محرم	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	2	0	0	0
13	مٹھڑی	0	0	02	0	0	0	01	0	0	0	0	0	0	0	0	0
14	نوشہرہ	01	01	02	0	0	0	0	0	0	0	0	0	4	0	0	0
15	شوران	01	0	05	0	0	0	0	0	01	0	03	0	0	0	0	0
16	سنی	0	0	02	0	0	0	0	0	01	0	0	0	1	0	0	0
17	سانگرئی ا	0	0	01	0	0	0	0	0	01	01	0	0	0	0	0	0
	میزان	9	4	23	02	0	0	2	0	04	03	05	0	16	3	0	0
1	معذور کوٹہ			02	0	0	0	0	0	0	0	0	0	1	0	0	0
2	اقلیت کوٹہ			02	0	0	0	0	0	0	0	0	0	1	0	0	0

Ranking Criteria or Weightage Formula for the post and preparation of final merit list

Merit	Marks
Weightage of prescribed Academic Qualification Note : Marks of the eligible candidates shall be calculated as follows: (i) Matriculation (SSC) = 33% (ii) Intermediate (HSSC) = 33% (iii) Bachelor's Degree = 34 %	100%
Total Merit Marks	100%

نوٹ:۔ ☆ بنیادی اہلیت کیلئے امیدواروں کے مجموعی نمبر 50% ہونگے۔ ☆ 50% نمبر حاصل کرنے والے امیدوار فائنل میرٹ کیلئے تصور شمار ہونگے۔ ☆ ADE/BS (Education)/B.Ed(Hons) ڈگری اکیڈمک اور پروفیشنل دونوں تصور کیے جائینگے۔ ☆ عارضی تعیناتیوں کو جلد از جلد پر کرنے اور میرٹ کو یقینی بنانے کیلئے کوئی ٹیسٹ اور انٹرویو نہیں لیا جائیگا۔ یہ عارضی تعیناتی 18 ماہ کیلئے ہوگی۔ 18 ماہ بعد بہتر کارکردگی کی بنیاد پر کنٹریکٹ کی مدت بڑھائی جا سکتی ہے۔ مذکورہ بالا تعیناتیوں کا جائے تعیناتی سے کسی دوسری جگہ منتقلی (ٹرانسفر) نہیں ہو سکے گا۔ **درخواست دینے کا طریقہ کار:** (1) تمام خواہشمند امیدواران اپنی درخواست بمعہ تعلیمی اسناد / کاغذات متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے دفتر میں جمع کروائیں گے (2) سرکاری و نیم سرکاری، خود مختار ادارے سے وابستہ ملازمین محکمانہ توسط سے درخواست ارسال کریں۔ (3) کوئی بھی فارم آخری تاریخ گزرنے کے بعد قابل قبول نہ ہوگا اور ڈاک کی تاخیر سے جمع ہونے والے فارم کا ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔ **درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ 30 جولائی 2025 ھے۔**

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ضلع کچھی

PRQ No 44/04-07-2025

www.dpr.gob.pk. | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

(عارضی) آسامیاں خالی ہیں

محکمہ سکول ایجوکیشن بلوچستان کی منظور شدہ ریکروٹمنٹ پالیسی 2024ء (عارضی تعیناتی) کی روشنی میں محکمہ اسکول ایجوکیشن میں اساتذہ کے گریڈ 14 تا 15 کی آسامیوں کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر پر کرنے کیلئے ضلع پشین کے لوکل/ڈومیسائل اہل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ ایم سی/یو سی وائز آسامیوں کی تفصیل حسب ذیل ہیں۔

نمبر شمار	آسامی کا نام بمعہ گریڈ	بنیادی تعلیمی قابلیت
1	ایلیمنٹری سکول ٹیچر EST (B-15)	بیچلر ڈگری (آنرز) (ایجوکیشن میں) 4 سالہ/BS ایجوکیشن کسی مستند یونیورسٹی سے یا بیچلر ڈگری بمعہ بی۔ایڈ (B.Ed) کسی مستند یونیورسٹی سے
2	جونیئر انگلش ٹیچر (JET) (B-15)	بیچلر ڈگری (آنرز) (ایجوکیشن میں) 4 سالہ/BS ایجوکیشن کسی مستند یونیورسٹی سے یا بیچلر ڈگری بمعہ بی۔ایڈ (B.Ed) کسی مستند یونیورسٹی سے
3	جونیئر انگلش ٹیچر ٹیکنیکل (JET-Tech) (B-15)	بیچلر ڈگری کسی مستند یونیورسٹی سے اور ایک سالہ ٹریننگ ڈپلومہ گورنمنٹ ٹیچر ٹریننگ سینٹر
4	جونیئر عربک ٹیچر (JAT)(B-15)	گریجویشن بمعہ عربی بطور مضمون اور عربک ٹیچر ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) ایچ ای سی (HEC) سے منظور شدہ یونیورسٹی یا ادارے سے یا الشہادت العالیہ (مساوی بیچلر ڈگری) از وفاق المدارس بمعہ تنظیم المدارس یا HEC سے منظور شدہ ادارے سے بمعہ عربک ٹیچر ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) ایچ ای سی (HEC) سے منظور شدہ یونیورسٹی یا ادارے سے یا سند درس نظامی کسی منظور شدہ ادارے سے بمعہ عربک ٹیچر ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) ایچ ای سی (HEC) سے منظور شدہ یونیورسٹی یا ادارے سے
5	فزیکل ایجوکیشن ٹیچر (PET)(B-15)	بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے سے بمعہ ڈپلومہ فزیکل ایجوکیشن
6	ڈرائنگ ماسٹر (DM)(B-15)	بیچلر ڈگری بمعہ ڈرائنگ سرٹیفکیٹ کسی مستند ادارے سے
7	جونیئر ورنا کیولر ٹیچر (JVT)(B-14)	بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے/یونیورسٹی سے اور پرائمری ٹیچر سرٹیفکیٹ (PTC)/بیچلر آف ایجوکیشن (B.Ed) کسی مستند ادارے سے/ ایسوسی ایٹ ڈگری (2 سالہ) ایجوکیشن میں (ADE)/بیچلر ڈگری (آنرز) ایجوکیشن (4 سالہ) کسی مستند ادارے سے
8	معلم القرآن (MQ)(B-14)	بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے/یونیورسٹی سے یا سند (مساوی بیچلر ڈگری کے) وفاق المدارس، تنظیم المدارس یا محکمہ تعلیم کے کسی مستند ادارے سے

نوٹ: امیدواران کیلئے مطلوبہ پیشہ ورانہ تعلیمی کوائف کا حامل ہونا لازمی ہے۔ تاہم جن مخصوص یونین کونسلز/علاقوں میں پروفیشنل ڈگری رکھنے والے امیدواران دستیاب نہ ہوں تو وہاں دوسرے امیدواران کو زیر غور لائے جائیں گے۔ **ضروری ہدایات شرائط و ضوابط:** (1) ہر آسامی کے لیے صرف مطلوبہ تعلیمی قابلیت رکھنے والے امیدواران درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ (2) متعلقہ ڈسٹرکٹ کے لوکل/ڈومیسائل حامل امیدوار درخواست جمع کروانے کے اہل ہوں گے۔ (3) امیدوار کو گریجویٹ ہونا چاہئے اور عمر کی بالائی حد 55 سال سے زائد نہ ہو۔ (4) سرکاری ملازمین اپنے محکمہ کے توسط سے درخواستیں ارسال کریں۔ (5) تمام ریکروٹمنٹ خالصتاً حکومت بلوچستان سے منظور شدہ ریکروٹمنٹ پالیسی 2024ء (عارضی تعیناتی) کے تحت ہوگی۔ حکومت بلوچستان اور محکمہ اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے دیگر قوانین/پالیسی/نوٹیفکیشن جو ریکروٹمنٹ پالیسی 2024ء (عارضی تعیناتی) سے متصادم ہوں، اس ریکروٹمنٹ پر قابل عمل نہ ہوں گے۔ (6) آسامیاں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر مشتہر کررہی ہے لہٰذا صرف متعلقہ دفتر سے موصول شدہ معلومات کے مطابق درخواستیں جمع کروائیں۔ (7) تصدیق شدہ خالی آسامیوں کی یونین کونسل فہرست محکمہ اسکول ایجوکیشن اور حکومت بلوچستان کی ویب سائٹ www.balochistan.gov.pk اور www.emis.gob.pk پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ (8) شہری علاقوں کی میرٹ لسٹ میٹروپولیٹن، میونسپل کارپوریشن اور میونسپل کمیٹی کی حدود کے مطابق ہوگی جبکہ دیہی علاقوں کی میرٹ لسٹ یونین کونسل وار مرتب ہوگی۔ (9) معذور افراد کوٹہ اور اقلیتی کوٹہ کی علیحدہ علیحدہ میرٹ لسٹ ضلع کی سطح پر مرتب ہوگی معذور افراد محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے جاری کردہ معذور سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کے اہل ہوں گے اور کوئی ایسی معذوری قابل قبول نہ ہوگی جو تعلیمی عمل کو متاثر کرتی ہو۔ (10) میٹروپولیٹن، میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹی، یونین کونسل اور تحصیل کی حدود کا تعین محکمہ لوکل گورنمنٹ کے مروجہ نوٹیفکیشن کے مطابق ہوگا۔ (11) فائنل میرٹ صرف تصدیق شدہ مشتہر خالی آسامیوں کے مطابق مرتب کی جائے گی۔ نیز آسامیوں میں کمی بیشی کا اختیار محکمہ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ بلوچستان کے پاس ہوگا۔ (12) 5% (پانچ فیصد) معذور اور 5% (پانچ فیصد) اقلیتی کوٹہ حکومتی قوانین کے مطابق ضلع وار علیحدہ وار (میل و فی میل علیحدہ علیحدہ) آسامیوں کے مطابق مختص ہیں۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن اور حکومت بلوچستان کی سائٹس www.balochistan.gov.pk اور www.emis.gob.pk پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ (13) سلیکشن کی صورت میں امیدوار ضلعی سلیکشن کمیٹی کو متعلقہ تعلیمی اسناد کی تصدیق شدہ اسناد کی چار (4) کاپیاں اور ایک حلفیہ بیان کہ اس کے تعلیمی/دیگر اسناد و کاغذات بوگس، جعلی یا HEC سے غیر منظور شدہ ادارہ سے ہونے کی صورت میں نااہل تصور ہوگا اور اس کی ملازمت بلا کسی نوٹس کے کسی بھی وقت برخاست کی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور ان کیخلاف قانونی کارروائی کی جائیگی۔ (14) یہ میرٹ لسٹ صرف ایک مرتبہ ریکروٹمنٹ کیلئے موثر ہوگی۔ (15) شادی شدہ خواتین امیدوار صرف اپنے خاوند کے لوکل/ڈومیسائل کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کی اہل ہوں گی، شادی شدہ خواتین امیدواروں کی درخواست والد کے لوکل/ڈومیسائل پر کسی صورت قابل قبول نہ ہوگی۔ خاوند کے لوکل/ڈومیسائل میں نام درج نہ ہونے کی صورت میں NADRA کا جاری شدہ کمپیوٹرائزڈ نکاح نامہ/شوہر کے نام سے منسوب شناختی کارڈ منسلک کرنا ہوگا۔ ورنہ غلط بیانی کی صورت میں کسی بھی وقت نااہل تصور ہوگی۔ (16) امیدوار کی سکونت کا تعین (اول) اسکے لوکل/ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے ایڈریس (دوئم) CNIC پر درج مستقل پتہ کی بنیاد پر کیا جائیگا۔ (17) محکمہ اسکول ایجوکیشن حکومت بلوچستان کسی ایک یا تمام آسامیوں پر منظوری یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

ضلعی سطح پر مرد و خواتین جنرل آسامیاں کی تفصیل

معلم القرآن فیمیل	معلم القرآن میل	جے وی ٹی فیمیل	جے وی ٹی میل	پی ای ٹی فیمیل	پی ای ٹی میل	جے ڈی ایم فیمیل	جے ڈی ایم میل	جے اے ٹی فیمیل	جے اے ٹی میل	جے ای ٹی (ٹیک) فیمیل	جے ای ٹی (ٹیک) میل	جے ای ٹی فیمیل	جے ای ٹی میل	ای ایس ٹی فیمیل	ای ایس ٹی میل	ایم سی/یو سی	سیریل
0	0	1	1	0	0	0	0	0	1	0	0	0	1	0	1	ڈب خانزئی	1
0	0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	فیض آباد	2
0	0	1	1	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	کمالزئی	3
0	0	1	1	0	0	0	0	0	1	0	0	0	1	0	1	کربلا-I	4
0	0	2	3	0	0	0	0	0	0	0	0	0	1	0	0	ملیزئی	5
0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	ملکیار-I	6
0	0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	ملکیار-II	7
0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	حنزئی	8
0	0	3	2	0	0	0	0	0	0	0	0	0	2	0	0	نیلی یاسنزئی	9
0	0	1	3	0	1	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	سرانان	10
0	0	0	3	0	1	0	1	0	2	0	0	0	2	0	2	ایم۔سی پشین	11
0	0	0	2	0	0	0	0	0	0	0	0	0	1	0	0	یارو-I	12
0	0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	0	2	1	0	0	یارو-II	13
0	0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	سرخانزئی	14
0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	1	0	0	شیخلزئی	15
0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	2	0	0	تورہ شاہ	16
0	0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	0	0	1	0	1	ختائی کوال	17
0	0	0	11	0	2	0	1	0	1	0	0	0	4	0	0	ایم۔سی خانوزئی	18
0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	مغلیان	19
0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	بوستان	20
0	0	0	4	0	0	0	0	0	0	0	0	0	2	0	0	پوئی ناصران	21
0	0	5	1	0	0	0	0	0	1	0	0	0	1	0	1	اجرم شادیزئی	22
0	0	3	3	0	0	0	0	0	1	1	0	1	1	0	0	ایم۔سی سرانان	23
0	0	2	3	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	باغ	24
0	0	2	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	ٹٹ	25
0	0	0	4	0	0	0	0	0	0	0	0	0	3	0	1	بہرام خان	26
0	0	0	1	0	1	0	1	0	0	0	0	0	0	0	0	بیلہ	27
0	0	0	5	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	خیو	28
0	0	0	2	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	ککی	29
0	0	0	6	0	0	0	0	0	0	0	0	0	2	0	0	الکئی	30
0	0	0	5	0	0	0	0	0	0	0	0	0	1	0	0	کچ حسنزئی	31
0	0	0	3	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	کرد ویالہ	32
0	0	1	6	0	0	0	0	0	1	0	0	0	1	0	0	منزوزئی	33
0	0	2	2	0	1	0	0	0	0	0	1	2	2	0	0	قلعہ ویالہ برشور	34
0	0	2	2	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	خک ناریں	35
0	1	0	3	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	توتی	36
0	0	1	4	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	ولمہ	37
0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	زیارت	38
0	1	1	0	0	0	0	1	0	0	0	0	0	1	0	0	علیزئی	39
0	0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	0	0	1	0	0	چہاریزئی	40
0	0	1	2	0	0	0	1	0	0	0	0	0	1	0	0	حاجیان شیگرزئی	41
0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	منزرئی-I	42
0	0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	منزرئی-II	43
0	0	0	1	0	1	0	0	0	0	0	0	0	1	0	0	ابراہیم زئی	44
0	0	3	3	0	0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	0	ایم۔سی حرمزئی	45
0	0	0	3	0	1	0	1	0	1	0	0	0	0	0	0	سیمزئی	46
0	0	0	5	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	خطوزئی	47
0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	توخیل بادیزئی	48
0	0	0	6	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	دلسورہ	49
0	0	0	0	0	0	0	1	0	1	0	0	0	2	0	0	فرخیان	50
0	0	0	6	0	0	0	0	0	1	0	0	0	1	0	1	مرغہ کبزئی	51
0	0	0	2	0	0	0	0	0	0	0	0	0	1	0	0	رودملازئی	52
0	2	39	116	0	8	0	8	0	11	1	1	5	39	0	8	**ٹوٹل تعداد**	

ضلعی سطح پر معذور اور اقلیتی آسامیوں کی تفصیل

جے وی ٹی فیمیل	جے وی ٹی میل	جے اے ٹی فیمیل	جے اے ٹی میل	جے ای ٹی فیمیل	جے ای ٹی میل	کوٹہ
2	6	0	1	0	2	اقلیت
2	6	0	0	0	2	معذور

Ranking Criteria or Weightage Formula for the post and preparation of final merit list

Merit	Marks
Weightage of prescribed Academic Qualification **Note:** **Marks of the eligible candidates shall be calculated as follows:** **(I) Matriculation = 33%** **(II) Intermedidate = 33%** **(III) Graduation (Bachelor's Degree) = 34%**	100%
Total Merit Marks:	100 %

نوٹ: (1) بنیادی اہلیت کیلئے امیدوار کو مجموعی طور پر 50% مارکس حاصل کرنا درکار ہوں گے (2) 50% فیصد یا زائد مارکس حاصل کرنے والے امیدواروں کو فائنل میرٹ میں شامل کیے جائیں گے۔ (3) ADE / BS (Education) / B.Ed. (Hons) ڈگری اکیڈمک اور پروفیشنل دونوں تصور کیے جائیں گے (4) عارضی تعیناتیوں کو جلد از جلد پُر کرنے اور میرٹ کو یقینی بنانے کیلئے کوئی ٹیسٹ اور انٹرویو نہیں لیا جائیگا (5) یہ عارضی تعیناتی 18 ماہ کیلئے ہوگی۔ 18 ماہ بعد بہتر کارکردگی کی بنیاد پر کنٹریکٹ کی مدت بڑھائی جاسکتی ہے (6) مذکورہ بالا تعیناتیوں کا جائے تعیناتی سے کسی دوسری جگہ منتقلی (ٹرانسفر) نہیں ہو سکے گا (7) امیدواران کے لئے مطلوبہ پیشہ ورانہ تعلیمی کوائف کا حامل ہونا لازمی ہے۔ تاہم جن مخصوص یونین کونسلوں میں پروفیشنل ڈگری رکھنے والے امیدواران دستیاب نہ ہوں تو وہاں دوسرے امیدواران کو زیر غور لائے جائیں گے۔ **درخواست دینے کا طریقہ کار:** (1) تمام خواہشمند امیدواران اپنی درخواست بمعہ تعلیمی اسناد/کاغذات متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پشین کے دفتر میں جمع کروائیں گے (2) سرکاری و نیم سرکاری/خودمختار اداروں سے وابستہ ملازمین محکمانہ توسط سے درخواست ارسال کریں (3) کوئی بھی فارم آخری تاریخ گزرنے کے بعد قابل قبول نہ ہوگا اور ڈاک اور دیگر ادارہ سے جمع ہونے والے فارم کا ذمہ دار نہ ہوگا۔ **درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ / 23 جولائی 2025 ہے۔**

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پشین

PRQ No 43/04-07-2025

www.dpr.gob.pk. | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

اسسٹنٹ کمشنر بوری کا ساتویں محرم الحرام کے موقع پر امام بارگاہ کا دورہ

سیکورٹی پر مامور لیویز اور پولیس کے جوان ہمیشہ کی طرح الرٹ رہیں، ندیم بلوچ

لورالائی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر بوری ندیم اکرم بلوچ نے ساتویں محرم الحرام کے موقع پر امام بارگاہ کا دورہ کر کے سیکورٹی کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر بوری ندیم اکرم بلوچ نے ساتویں محرم الحرام کے موقع پر امام بارگاہ کا دورہ کیا اور سیکورٹی جائزہ لیا۔ انہوں نے سیکورٹی پر مامور لیویز اور پولیس کے جوانوں کو ہدایت کی کہ ہمیشہ کی طرح الرٹ رہے اور کسی بھی مشکوک شخص کو فوراً گرفتار کریں، دشمن ہمارے درمیان نفرت پھیلا کر ہمیں آپس میں لڑانے کی کوشش کرتا ہے حالانکہ قانون میں مذہبی آزادی سب کو حاصل ہیں۔ انہوں نے سیکورٹی پر مامور لیویز اور پولیس کے جوانوں کو ڈیوٹی کی پابندی پر شاباش دی۔

گستاخ امیر معاویہ رضیؓ کی شان میں گستاخی سزا دی جائے، خالد گجر

اسلام کے بنیادی شعائر پر حملہ ہے جو کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) آل پاکستان گجر ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر خالد گوری گجر جنرل سیکرٹری ابرار احمد گجر انفارمیشن سیکرٹری مولانا امیر بخش گجر و دیگر گجر برادری نے ایک مذمتی بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ حضرت امیر معاویہؓ کے شان میں بدترین گستاخی پر ہم حکومت پاکستان اور تمام متعلقہ اداروں سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ اوستہ محمد میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان اقدس میں کی جانے والی بدترین گستاخی کے مرتکب شخص کے خلاف فی الفور ایف آئی آر درج کی جائے اور آئین پاکستان کے تحت سخت سے سخت سزا دی جائے۔ یہ عمل نہ صرف ایک عظیم المرتبت صحابی رسول کی توہین ہے بلکہ امت مسلمہ کے دلوں کو زخمی کرنے کے مترادف ہے۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ وہ جلیل القدر صحابی ہیں جنہیں نبی کریم نے کاتب وحی کے منصب پر فائز فرمایا۔ ان کی شان میں گستاخی دراصل اسلام کے بنیادی شعائر پر حملہ ہے جو کسی صورت برداشت نہیں کیا جاسکتا۔

مستونگ، سعید احمد آبیزئی دہوار نور احمد فرید احمد و دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

لیویز اہلکار تنویر آبیزئی دہوار کو فوری بازیاب کرایا جائے، سعید آبیزئی

21 جون کے ڈی سی لیٹر کے مطابق تنویر احمد کو ڈیوٹی سے برخاست کیا گیا

مستونگ (این این آئی) مستونگ کے رہائشی آبیزئی قبائل کے معتبرین لاپتہ لیویز اہلکار تنویر احمد آبیزئی دہوار کے والد سعید احمد آبیزئی دہوار، نور احمد آبیزئی دہوار، فرید احمد دہوار، حاجی شیر جان آبیزئی دہوار حسین احمد دہوار شبیر احمد آبیزئی دہوار و دیگر نے سراوان پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تنویر احمد جو کہ مستونگ لیویز فورس میں ملازم اور سیشن کورٹ میں قاضی سراوان کے ساتھ گن مین کی حیثیت سے خدمات سرانجام دے رہا ہے جو کیم جولائی سے ڈیوٹی پر جانے کے بعد واپس گھر نہیں لوٹا جنہیں ہم نے ہر جگہ ڈھونڈا مگر انکا کوئی سراغ نہیں ملا لیویز اہلکار تنویر احمد آبیزئی دہوار کے والد نے مزید کہا کہ کیم جولائی کو میرا بیٹا روٹین کے مطابق وردی اور اسلحہ کے ساتھ صبح ساڑھے 8 بجے گھر سے ڈیوٹی کیلئے چلا گیا چونکہ اس روز مستونگ میں سانحہ پیش آیا، جبکہ ہم نے اپنے فرزند کیلئے دوپہر کو انتظار کیا مگر وہ گھر نہیں آئے رات کو ہم نے انکے موبائل فون پر رابطہ کیا تو اس نے کال اٹینڈ نہیں کیا دوبارہ کال کرنے پر ان کا نمبر بند تھا جو تا حال بند ہے، اگلے روز صبح ہم نے پولیس تھانے میں گمشدگی کا اطلاعی رپورٹ درج کیا علاوہ ازیں ہم نے ڈپٹی کمشنر مستونگ اور لیویز ہیڈ کوارٹر سے رابطہ کرکے معلومات حاصل کرنے کی کوشش کی مگر ہمیں کوئی معلومات نہیں ملی۔ سعید احمد دہوار نے پریس کانفرنس میں مزید کہا کہ ہمیں آج سوشل میڈیا کے ذریعے معلومات ملی اور کہ ڈپٹی کمشنر مستونگ کی جانب سے 21 جون کو ایک لیٹر جاری ہوا ہے 21 جون کے ڈی سی کے لیٹر میں یہ لکھا گیا ہے کہ لیویز اہلکار تنویر احمد آبیزئی 21 جون کو ڈیوٹی سے برخاست کیا گیا ہے ہم ڈپٹی کمشنر مستونگ سے سوال کرتے ہیں کہ اگر تنویر احمد آبیزئی کو ملازمت سے برطرف کیا گیا تھا تو وہ کیسے ڈیوٹی کررہا تھا اور انکی تنخواہ جاری ہے ڈیوٹی سے برطرف اہلکار سے اسلحہ وردی سمیت تمام سرکاری سہولیات واپس لے لی جاتی ہے اور ڈیوٹی ختم کردی جاتی ہے مگر تنویر احمد آبیزئی کو نہ نوٹس دیا گیا نہ ڈیوٹی سے روکا وہ بدستور اپنی خدمات سرانجام دے رہا تھا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ لیویز اہلکار تنویر احمد آبیزئی دہوار کو فوری طور پر بازیاب کرایا جائے بصورت دیگر ہم مجبوراً روڈ بلاک و سخت احتجاج کرینگے۔

سردار جاوید عزیز جان لہڑی سے حاجی میر فرید الحق لہڑی کی ملاقات

نصیرآباد (نامہ نگار) چیف آف لہڑی سردار جاوید عزیز جان لہڑی سے سردار لہڑی ہاؤس کوئٹہ میں ڈسٹرکٹ چیئرمین نصیرآباد حاجی میر فرید الحق لہڑی نے اہم ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران قبائلی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر علاقے کی مجموعی صورتحال، قبائل کے درمیان اتحاد و بھائی چارے کو مزید مضبوط بنانے، نوجوانوں کی فلاح و بہبود پر بات چیت کی گئی۔

نصیرآباد، کمشنر معین الرحمٰن خان منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پانچ جولائی: جب منتخب جمہوری حکومت پر شب خون مارا گیا

تحریر: سید ایوب آغا

5 جولائی 1977 جب ایک آمر نے عوام کی منتخب کردہ جمہوری حکومت پر شب خون مار کر غاصبانہ قبضہ کیا اور وقت کے وزیراعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو کو قتل کے جھوٹے مقدمہ میں گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا تھا، اس قبیح اور بدترین عمل سے پاکستان میں جمہوری سفر کو روک کر ملک کو تاریکی میں ڈبو دیا گیا اور قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کی دشمنی میں ملک کو لاانتہا نقصان پہنچا کر پیچھے دھکیل دیا گیا۔ جمہوری حکومت کا تختہ الٹ کر اقتدار پر قبضہ کرنے کے خلاف ملک بھر میں پیپلز پارٹی کے جیالے اس دن کو یوم سیاہ کے طور پر مناتے ہیں۔ اس روز رات کی تاریکی میں ایک آمر نے قائد عوام کی حکومت بھلے ختم کی ہو مگر قائد عوام کی محبت عوام کے دلوں سے وہ اور اس کے بعد آنے والے آمر آج تک ختم نہیں کر سکے شہید ذوالفقار علی بھٹو کی پاکستان کے لئے خدمات ناقابل فراموش ہیں لیکن ان کا یہ کارنامہ کہ انہوں نے پاکستان کو ایٹمی قوت بنانے کی بنیاد رکھ کر قوم کو ازلی دشمن بھارت کے خلاف توانا بنایا شہید ذوالفقار علی بھٹو کا نام قیامت تک تاریخ میں سنہرے حروف میں لکھا جاتا رہے گا دنیا جانتی ہے کہ ذوالفقار علی بھٹو کا نام آج بھی عوام کے دلوں میں زندہ ہے اور بھٹو کے قاتلوں کا کوئی نام لینے والا بھی نہیں ہے۔ تاریخ ظالم سے خود انتقام لے لیتی ہے۔ ذوالفقار علی بھٹو کا قصور یہ تھا کہ وہ مسلم ممالک اور تیسری دنیا کا ہیرو تھا کیونکہ عالمی سامراج کو اس طرح کے اور خاص کر تیسری دنیا کے وہ رہنما بالکل پسند نہیں آتے جو دنیا کے طاقتور ترین سامراج کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کرتے ہوں پاکستان کے عظیم محسن سابق وزیراعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی عدالتی قتل کہلائی ہے۔ 12 مارچ 1978 کو ذوالفقار علی بھٹو نے جیل سے کہا تھا "میرا خدا جانتا ہے کہ میں نے اس آدمی کا خون نہیں کیا، اگر میں نے اس کا ارتکاب کیا ہوتا تو مجھ میں اتنا حوصلہ ہے کہ میں اس کا (اقبال جرم) کر لیتا۔ ذوالفقار علی بھٹو کے عدالتی قتل کے حوالے سے واقعات و حادثات اب پاکستان کی قومی تاریخ کا حصہ ہیں۔ انصاف کے قتل کے اس تاریخی مقدمے کے دیگر تمام کردار بھی دنیا سے رخصت ہو کر اس آخری عدالت میں پہنچ چکے ہیں جہاں انصاف کا قتل نہیں بلکہ انصاف ہوگا۔ بھٹو پھانسی پا کر تاریخ میں شہید کہلایا۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو عدالتی قتل کے بعد پاکستانی تاریخ کا ایک مضبوط کردار بن چکے ہیں۔

بغیر اجازت لکڑی لے جانے کی اجازت نہیں دی جائے گی، عاطف امیر

بغیر این او سی کے دو گاڑیاں لکڑیوں سمیت محکمہ جنگلات کے حوالے کر دیں

اوتھل (یو این اے) ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی خصوصی ہدایت پر اوتھل کے ایس ایچ او عبدالجلیل سومرو نے ٹمبر مافیا کے خلاف کامیاب کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی لکڑیوں سے بھرے دو ٹرک برآمد کر لیے۔ پولیس ترجمان کے مطابق دوران سنیپ چیکنگ مین آر سی ڈی روڈ اوتھل بازار کے قریب دو مشتبہ ٹرک، رجسٹریشن نمبر TKP-815 اور PT-5028، کو روکا گیا۔ تفتیش پر معلوم ہوا کہ یہ ٹرک غیر قانونی طور پر جنگلات سے لکڑیاں کاٹ کر بغیر کسی اجازت نامے این او سی کے کراچی منتقل کیے جا رہے تھے۔ اوتھل پولیس نے ضابطے کی کارروائی مکمل کرنے کے بعد دونوں گاڑیاں لکڑیوں سمیت محکمہ جنگلات لسبیلہ کے حوالے کر دی ہیں تاکہ مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ ایس ایس پی لسبیلہ کی ہدایت پر جاری اس کارروائی کا مقصد جنگلات کے غیر قانونی کٹا کی روک تھام اور قدرتی وسائل کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔ پولیس حکام نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ ٹمبر مافیا کے خلاف سخت کارروائیاں جاری رہیں گی۔

عبدالحمید مردوئی کی ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی سے ملاقات

فیروز آباد میں بنیادی سہولیات کی کمی اور دیگر اہم مسائل پر تبادلہ کیا

خضدار (بیورو رپورٹ) سیاسی و سماجی رہنما عبدالحمید مردوئی نے ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی سے ایک اہم ملاقات کی، جس میں علاقے فیروز آباد کے عوام کو درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے دوران عبدالحمید نے فیروز آباد میں بنیادی سہولیات کی کمی اور دیگر اہم مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات اٹھانے کی ضرورت پر زور دیا عبدالحمید مردوئی نے ڈپٹی کمشنر کو بتایا کہ فیروز آباد میں تعلیمی اداروں کی شدید کمی ہے، جس کی وجہ سے بچوں کو تعلیم کے حصول کے لیے طویل فاصلے طے کرنے پڑتے ہیں۔ انہوں نے علاقے میں اسکول کی تعمیر اور موجودہ تعلیمی ڈھانچے کو بہتر بنانے کے لیے فنڈز مختص کرنے کا مطالبہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ تعلیم بنیادی حق ہے اور فیروز آباد کے بچوں کو اس سے محروم نہیں رکھا جا سکتا۔ صحت کے شعبے کے حوالے سے بات کرتے ہوئے، اور عبدالحمید نے فیروز آباد میں صحت کی سہولیات کے فقدان کو ایک سنگین مسئلہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ علاقے میں کوئی مناسب ہسپتال یا ڈسپنسری موجود نہیں، جس کی وجہ سے لوگوں کو معمولی بیماریوں کے علاج کے لیے بھی خضدار سفر کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا کہ فیروز آباد میں ایک بنیادی صحت یونٹ قائم کیا جائے اور ایمرجنسی طبی سہولیات کو یقینی بنایا جائے۔

ڈی سی نصیرآباد کا بیسک ہیلتھ یونٹ اور گورنمنٹ اسکول لانڈھی کا دورہ

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد خان کاکڑ نے بیسک ہیلتھ یونٹ لانڈھی اور گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول لانڈھی کا دورہ کیا۔ دورے کے پہلے مرحلے میں انہوں نے بی ایچ یو کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے اسٹاف کی حاضری رجسٹر چیک کی، صفائی ستھرائی کے نظام کا معائنہ کیا اور بی ایچ یو میں موجود ادویات کی دستیابی اور معیار کی جانچ پڑتال کی۔

پنجگور کی تحصیل پروم میں زونگ سروس معطل، عوام کو مشکلات

سولر پینلز کی خرابی سے موبائل ٹاور بند، حکام فوری اقدامات کریں

پنجگور (یو این اے) تحصیل پروم ضلع پنجگور میں زونگ موبائل ٹاور کئی دنوں سے بند پڑا ہے، جس کے باعث مقامی آبادی کو شدید مواصلاتی دشواریوں کا سامنا ہے۔ علاقہ مکینوں نے زونگ کمپنی، متعلقہ حکام اور رکن قومی اسمبلی واجہ پھلین بلوچ سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔ عوامی شکایات کے مطابق تحصیل پروم جو کہ ضلع پنجگور کی سب سے بڑی آبادی والا علاقہ ہے، وہاں زونگ سروس کی بندش سے نہ صرف روزمرہ رابطے معطل ہو چکے ہیں بلکہ ہنگامی صورت حال میں بھی مواصلات ممکن نہیں رہے۔ زونگ کمپنی کے نمائندوں کے مطابق موبائل ٹاور کے سولر پینلز خراب ہو چکے ہیں جس کی وجہ سے بجلی کی فراہمی بند اور سروس معطل ہے۔ علاقہ مکینوں نے مطالبہ کیا ہے کہ زونگ کمپنی فوری طور پر ٹاور کے سولر پینلز کی مرمت یا تبدیلی کا بندوبست کرے تاکہ سروس بحال ہو اور عوام کو مزید پریشانی نہ اٹھانی پڑے۔

زکوٰۃ کے مستحق کے لیے سولر سسٹم پر طاقتور اور سیاسی ورکروں کا قبضہ

دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کا سلسلہ عروج پر ہے غریب عوام پریشانی کا شکار

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) ضلع قلعہ عبداللہ میں انرجی ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے زکوٰۃ کے مستحق کے لیے 362 سولر سسٹم کی فراہمی پر طاقتور اور سیاسی ورکروں کا قبضہ دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کا سلسلہ عروج پر غریب عوام پریشانی کا شکار رپورٹ کے مطابق ضلع قلعہ عبداللہ وہ بدقسمت ضلع ہے جس میں ضلع بھر کے غریب عوام کے حقوق سرکاری وسائل ہمیشہ طاقتور اور سیاسی پارٹیوں کے ورکروں کا قبضہ رہا اور اس ترقیاتی فنڈ زکوٰۃ کو ہمیشہ مال غنیمت سمجھ کر دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے کرپشن کمیشن کے ساتھ طاقتور نظام نے ضلع بھر کے غریب عوام کو اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کرنے پر انہیں اندھا گونگا بہرا بنا کر رکھا ہے ضلع بھر کے مقامی انتظامیہ سیاسی اور طاقتور نظام کے سامنے بے بس ہیں جب کوئی غریب اپنے حقوق کی آواز بلند کرتے ہیں تو انہیں مقامی انتظامیہ یا طاقتور گن مینوں کے نظام سے دبایا جاتا ہے عید سے قبل انرجی ڈیپارٹمنٹ بلوچستان نے ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ کے توسط سے غریب عوام اور زکوٰۃ کے مستحق افراد کے لیے 362 سولر انرجی سسٹم فراہم کیا لیکن یہ سامان ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ تک پہنچنے سے قبل سیاسی ورکروں اور طاقتور نظام کے گن مینوں نے راستے میں ہی دو حصوں کو مکمل غائب کر کے ایک حصے کو آپس میں بندر بانٹ کرلیا

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The DEVELOPMENT OFFICER PEHLLAWAGH DERA BUGTI invites bids from eligible Bidders for supply of following items: **Tender Fee Rs.1500/- and Bid Security 2% for each work.**

S.No	Name of Work's	E/Cost
1	PURCHASE OF SEWING MACHINES FOR UNION COUNCIL QALANDARI **(Total Item(s) Count: 1) TSE-252607774351**	63,000 PKR
2	PURCHASE OF SEWING MACHINES FOR UNION COUNCIL THANGWANI **(Total Item(s) Count: 1) TSE-252607774301**	49,000 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure (TSE-252607774351, TSE- 252607774301) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Last Date and Time of Bid Submission** 21 July, 2025 at 10:00 AM and will be opened on same day at 11:00 AM **Address:** DEVELOPMENT OFFICER PEHLLAWAGH DERA BUGTI **Phone no: 3002989888**

Email: devlopementofficerpelawag1515@gmail.com

DEVELOPMENT OFFICER PEHLLAWAGH DERA BUGTI

AB No.18 /04-7-2025

www.dpr.gob.pk. | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The DEVELOPMENT OFFICER PEHLLAWAGH DERA BUGTI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1500/- and Bid Security 2% for each work.

S.No	Name of Work's	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF (6) Nos, WATER TANKS AT DIFFERENT AREAS UC BINDER THAL **TSE-252607774593**	4,941,792
2	CONSTRUCTION OF (5) Nos OF WATER TANKS AT UC LOPE PATRA **TSE-252607774473**	4,000,000
3	DRILLING AND DEVELOPMENT OF BORE AT KILLI SAHEED AHMED UC LOPE SEHRANI **TSE-252607774403**	2,733,000
4	DRILLING & DEVELOPMENT OF BORE AT KILLI NOROZ KHAN BHAGGI UC KANDELY **TSE-252607773743**	2,841,000
5	DRILLING & DEVELOPMENT OF BORE AT KILLI HAJI MIAN KHAN UC GAZANIGAL **TSE-252607773503**	2,541,000
6	DRILLING & DEVELOPMENT OF BORE AT KILLI ABID HUSSAIN AND KILLI GHULAM ABBAS UC JALWALA **TSE-252607773483**	4,941,000
7	CONSTRUCTION OF PROTECTION BANDH AT UC BAIKER **TSE-252607773173**	4,941,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure (TSE-252607774593, TSE- 252607774473, TSE- 252607774403, TSE-252607773743, TSE- 252607773503, TSE- 252607773483, TSE-252607773173) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Last Date and Time of Bid Submission** 21 July, 2025 at 10:00 AM and will be opened on same day at 11:00 AM **Address:** DEVELOPMENT OFFICER PEHLLAWAGH DERA BUGTI **Phone no: 3002989888**

Email: devlopementofficerpelawag1515@gmail.com

DEVELOPMENT OFFICER PEHLLAWAGH DERA BUGTI

AB No.17 /04-7-2025

TENDER NOTICE

The Assistant Director Local Government Hub invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023, GOB, amended up-to-date from interested contractors / firms for the works listed below; Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 5% for each work **Time Limit 06 Month, Earnest Money 5%.**

S#	NAME OF WORK	E/Cost
1.	LAYING OF TUFF TILES, SEWERAGE AND SOLAR STREET LIGHTS MIR ALAM MARRI MOHALLA HUB. **PSDP NO** 3533 Z2025.0355 **TSE-252607775563**	15.00 M
2.	CONSTRUCTION OF ROOM ADDITIONAL WORK SSD DHAM HUB. **PSDP NO** 3833 Z2025.1626 **TSE-252607775653**	15.00 M

Regulatory, Rules 2014 and Pakistan Engineering Council By-Laws. Basic Eligibility: The Contractor must have fresh valid registration i.e. 2025 registered with Pakistan Engineering Council (PEC) in relevant category code and registration with tax authorities i.e. (NTN, sales tax Department and BRA). The bidders must have completed (3) assignment of similar nature of works in last (3) years according to estimated cost. The bidder must submit their last three years bank statements and turnover according to estimated cost. All pages must be signed, stamped and marked from 1st to last page Further criteria are mentioned in bidding documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single stage – One envelope procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call of 5%** specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Issuance:** Documents will be issued from the date of publication till submission date and time on production of green Challan form amounting Rs: (1000) Non-refundable – (as bidding documents charges) deposited in the account of Assistant Director Local Govt Hub. HB-7938 **Submission:** Last date of Submission will be **(22-07-2025), at 11:00 am) Opening:** The tender document will be opened on **(22-07-2025) at (12:00pm)** (bid will be opened within one hour of the deadline for submission of bids), before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives. **Place:** of issuance, submission, inquiries and opening will be :- Address: **Office of the Assistant Director Local Government Hub at Civic Center 3rd Floor Hub.**

Phone No: 0335-7977979

Eligibility of Bidders: Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be black listed by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required.

ASSISTANT DIRECTOR LOCAL GOVERNMENT HUB

PRQ No.37/04-7-2025

www.dpr.gob.pk. | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

بقیہ 1 دہشت گرد ہلاک

سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق آصف علی زرداری نے کہا کہ دہشت گرد عناصر کے خاتمے اور ملکی دفاع کے لیے ہمارا عزم غیر متزلزل رہے گا۔ صدر مملکت نے بھارتی حمایت یافتہ 30 خوارج کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے فورسز کی بہادری کو سراہا اور کہا کہ فورسز کی کامیاب کارروائیاں خوش آئند ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بھی فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کی جانب سے شمالی وزیرستان کے علاقے حسن خیل میں دراندازی ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم ہاؤس سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے دراندازی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 30 خوارجی دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی ستائش کی اور کہا کہ ملک کی حفاظت کے لیے پاکستان کی بہادر افواج سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑی ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ پوری قوم سکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتی ہے، ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاک افغان سرحد سے فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے 30 دہشت گردوں کو عبرتناک انجام تک پہنچا کر سکیورٹی فورسز نے بڑی کامیابی حاصل کی ہے، فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کا انجام عبرتناک موت ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں اور پشت پناہی کرنے والوں کو کسی صورت نہیں چھوڑیں گے، فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم خاک میں ملانے پر سکیورٹی فورسز کو سلیوٹ کرتے ہیں۔

بقیہ 2 وزیراعظم

(ای سی او) کے رکن ممالک کے ساتھ اجتماعی کاوشوں میں شرکت پر فخر ہے، علاقائی تعاون اور مشترکہ خوشحالی کیلئے ٹیکنالوجی کی ترقی ناگزیر ہے، بڑھتے ہوئے باہمی انحصار اور علم کی وسعت کا نیا دور شروع ہو رہا ہے، ای سی او کے رکن ممالک کو موسمیاتی تبدیلیوں کے گہرے اثرات کا سامنا ہے، پگھلتے گلیشیئرز، شدید گرمی، تباہ کن سیلاب سمیت دیگر چیلنجز درپیش ہیں، ماحولیاتی مسائل سے لاکھوں لوگوں کا غذائی تحفظ اور روزگار خطرے میں ہے، پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے انتہائی متاثرہ 10 ممالک میں شامل ہے، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے پاکستان نے پالیسی وضع کی ہے، بحالی اور تعمیر نو کے چار نکاتی منصوبہ پر توجہ مرکوز ہے، موسمیاتی مسائل اجتماعی اقدامات کے متقاضی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو خانکندی میں کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعظم نے کانفرنس میں شریک رہنماؤں اور ای سی او کے سیکرٹری جنرل کا خیر مقدم کرتے ہوئے آذربائیجان کے صدر الہام علیوف کو 17 ویں ای سی او سربراہ اجلاس کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد پیش کی اور ای سی او ممالک میں تعاون کے فروغ، تنظیم کی انتھک کاوشوں پر خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ بدلتی ہوئی حالیہ عالمی صورتحال میں ٹیکنالوجیکل تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں جس سے باہمی انحصار فروغ پا رہا ہے اور بڑھتے ہوئے عالمی روابط، علاقائی تعاون مسائل کے حل سمیت اقتصادی تقسیم کے خاتمہ اور مشترکہ خوشحالی کے اہداف کے حصول میں معاون ثابت ہو رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس تناظر میں اقتصادی تعاون تنظیم ہماری توقعات کی عکاسی کرتی ہے، پاکستان ای سی او کے برادر ممالک کے قابل فخر شراکت دار کے طور پر مشترکہ اہداف کے حصول کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ 17 ویں ای سی او سربراہی اجلاس کی خصوصی توجہ پائیدار اور ماحولیاتی لچک پر مشتمل مستقبل پر ہے، یہ دونوں عوامل بروقت اور بھرپور توجہ کے حامل اور اہم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے دیگر ممالک کی طرح ای سی او کے رکن ممالک ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات سے متاثر ہو رہے ہیں جن میں گلیشیئرز کا پگھلنا بھی شامل ہے جو درجہ حرارت میں اضافہ کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح سیلاب میں اضافہ اور زرعی پیداوار میں کمی کے مسائل بھی درپیش ہیں، یہ مسائل غذائی تحفظ کے حوالے سے کروڑوں افراد کیلئے غذائی تحفظ کے خطرات پیدا کرتے رہے ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان ماحولیاتی تبدیلی سے متاثر ہونے والے 10 بڑے ممالک میں شامل ہے، 2022 میں ہمیں شدید سیلاب کا سامنا کرنا پڑا، 33 ملین سے زائد افراد متاثر ہوئے، ملک بھر میں بہت زیادہ جانی و مالی نقصان ہوا اور بنیادی ڈھانچہ کو بھی شدید نقصان پہنچا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ہفتے بھی پاکستان کے ایک ضلع سوات میں سیلاب کی وجہ سے کئی قیمتی انسانی جانیں ضائع ہوگئیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور دیگر کئی ممالک کو اس طرح کے نقصانات کا سامنا ہے اور ماحولیاتی مسائل میں اضافہ کی وجہ سے بحران بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ماحولیاتی مسائل میں کمی کے حوالہ سے کردار ادا کرتے ہوئے ماحولیاتی تبدیلی سے متعلق متعدد پالیسی اقدامات کئے ہیں اور ''فور ایف'' منصوبہ پر تیزی سے کام کیا جا رہا ہے جس کے تحت ماحولیاتی لچک، بحالی، ریکوری اور تعمیر نو پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ اس ماڈل کی کامیابی ہم سب کے لئے قابل قدر رہنمائی فراہم کرتی ہے۔

بقیہ 3 شہباز شریف

پاکستان کا پانی روکنے کا بھارتی اقدام جنگ کے مترادف ہوگا، بھارت نے پاکستان پر حملہ کر کے خطے کے امن کو خطرے میں ڈالا، پاک فوج نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں بھارتی جارحیت کا بھرپور جواب دیا۔ آذربائیجان میں اقتصادی تعاون تنظیم کے 17 ویں سربراہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پڑوسی ملک ایران پر بلاجواز اسرائیلی جارحیت کی مذمت کرتے ہیں، اسرائیلی جارحیت میں ہونے والی اموات کی شدید مذمت کرتے ہیں اور برادر ملک ایران سے شہادتوں پر تعزیت کا اظہار کرتے ہیں، اسرائیل بلا روک ٹوک غزہ میں فلسطینیوں کو بھوکا مار رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بھارت نے پہلگام میں ہونے والے افسوسناک واقعہ کے بعد پاکستان پر حملہ کر کے خطے کے امن کو خطرے میں ڈالا، پاک فوج نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں بھارتی جارحیت کا بھرپور جواب دیا۔ وزیراعظم نے بھارتی جارحیت کے جواب میں پاکستان سے اظہار یکجہتی کرنے پر ای سی او ممالک سے اظہار تشکر کرتے ہوئے مزید کہا کہ بدقسمتی سے دنیا غزہ میں انسانوں کی پیدا کردہ بے مثال تباہی کا مشاہدہ کر رہی ہے، ایک ایسا خطہ جو اذیت کی انتہا کو پہنچ چکا ہے، گویا انسانیت جیسے اب وجود ہی نہیں رکھتی جب کہ قحط سایہ فگن ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اقوام متحدہ کے اہلکاروں سمیت انسانی حقوق کے کارکنوں پر اسرائیل بلاخوف و خطر حملے کر رہا ہے، تاکہ غزہ کے بے بس اور بھوکے عوام کی واحد زندگی کی ڈور کو جان بوجھ کر کاٹا جا سکے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بھارت کے غیر قانونی تسلط کا شکار جموں و کشمیر ہو، فلسطین ہو یا ایران، پاکستان دنیا کے کسی بھی حصے میں معصوم لوگوں پر ظلم و بربریت کرنے والوں کے خلاف مضبوطی سے کھڑا ہے۔ انہوں نے سربراہی اجلاس کے شرکا کو بتایا کہ بھارت کا پانی کو پاکستان کے خلاف بطور ہتھیار استعمال کرنا اور سندھ طاس معاہدے کی معطلی ناقابل قبول ہے، پانی 24 کروڑ پاکستانیوں کی لائف لائن ہے۔

بقیہ 4 وزیراعلیٰ

جدت پر مبنی تربیت مکمل کرنے والے باصلاحیت طلباء و طالبات میں اسناد اور انعامات تقسیم کیے۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر نوجوانوں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کا مستقبل ان ہی باہنر اور باصلاحیت نوجوانوں سے جڑا ہے، جنہیں جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جا رہا ہے یہ پروگرام میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے 46 طلباء و طالبات کو لیپ ٹاپس دیے گئے جبکہ تربیت مکمل کرنے والے تمام شرکاء کو باقاعدہ سرٹیفکیٹ بھی جاری کیے گئے تقریب میں پاکستان کی ممتاز سافٹ ویئر اور آئی ٹی کمپنیوں نے اس پروگرام میں تربیت حاصل کرنے والے 50 نوجوانوں کے لیے ملازمتوں اور انٹرن شپس کے مواقع فراہم کرنے کا اعلان کیا، جو اس انیشیٹو کی کامیابی اور افادیت کا واضح ثبوت ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اس پروگرام کا بنیادی مقصد بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید ہنر سے آراستہ کرنا، انہیں روزگار کے بہتر مواقع دینا اور صوبے میں معاشی خود کفالت کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی ترقی اور شمولیت کے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں، اور یہ انیشیٹو صوبے کے روشن مستقبل کی بنیاد ثابت ہو رہا ہے اب تک بلوچستان یوتھ ایمپاورمنٹ اینڈ انگیجمنٹ انیشیٹو کے تحت صوبے بھر سے 6000 سے زائد نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں جدید تربیت دی جا چکی ہے یہ پروگرام نہ صرف نوجوانوں کے لیے ترقی کے نئے دروازے کھول رہا ہے بلکہ بلوچستان کی مجموعی معاشی و سماجی ترقی کا محرک بھی بن رہا ہے۔ بلوچستان میں سڑکوں کے انفراسٹرکچر کی بہتری اور نگرانی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ مواصلات و تعمیرات کے اجلاس میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس (AI) کے ذریعے روڈ نیٹ ورک کی حالت زار کی جانچ اور ڈیجیٹل مانیٹرنگ سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند، سیکرٹری آئی ٹی ایاز خان مندوخیل اور سیکرٹری مواصلات لعل جان جعفر نے شرکت کی اجلاس کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان کو سڑکوں کی حالت جانچنے کے لیے آرٹیفیشل انٹیلیجنس پر مبنی نظام کے خدوخال سے آگاہ کیا گیا بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس جدید نظام کے تحت بلوچستان کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں روڈ نیٹ ورک کی ڈیجیٹل سطح پر نگرانی ممکن ہو سکے گی جو بروقت مرمت اور معیار کے تحفظ میں مددگار ثابت ہوگا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں سڑکوں کی دیکھ بھال ایک بڑا چیلنج ہے اور ان چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ہمیں روایتی طریقہ کار سے ہٹ کر سمارٹ اور ڈیجیٹل حل اپنانا ہوں گے انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لا کر ترقیاتی منصوبوں کی شفاف اور مؤثر نگرانی ممکن بنائی جا سکتی ہے سڑکوں کی خستہ حالی عوام کے لیے شدید مشکلات کا باعث بنتی ہے اس لیے ترقیاتی فنڈز کا درست استعمال اور سڑکوں کی پائیداری کو یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے

بقیہ 5 اسلام آباد ہائیکورٹ

میں اپیلیں ڈسٹرکٹ کورٹس کو بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا، صرف چیف جسٹس کو نوٹ لکھا، جس پر ڈویژن بنچ تشکیل دیا گیا، ڈویژن بنچ نے ہائیکورٹ میں زیر التوا اپیلیں ضلعی عدالتوں کو بھیجنے کا آرڈر کیا، جسٹس سردار اعجاز اسحاق نے ریمارکس دیئے اس فل کورٹ میں مشاورت ہوئی تھی لیکن اپیلیں واپس بھیجنے کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا، 2 جونیئر ججوں کا بنچ بنا کر تمام مقدمات واپس ضلعی عدالتوں کو بھیج دیئے گئے

بقیہ 6 پاکستان

فیصلے سے ظاہر ہوتا ہے سندھ طاس معاہدہ درست اور فعال ہے، بھارت کو یکطرفہ کارروائی کرنے کا کوئی حق نہیں، ثالثی فیصلہ پاکستان کے مؤقف کی توثیق کرتا ہے، ترجمان نے بریفنگ میں کہا پاکستان بھارت پر زور دیتا ہے سندھ طاس معاہدے کو معمول کے طور پر چلائے، افغانستان کیساتھ مزید بہتر تعلقات بنانا چاہ رہے ہیں، پاک افغان تعلقات میں بنیادی مسئلہ دہشتگردی ہے۔

بقیہ 7 علیمہ خان

کا کہنا ہے 27 ویں ترمیم کی بجائے بادشاہت قائم کریں، عوام اپنی آزادی کیلئے نکلیں، غلامی سے بہتر ہے جیل میں ہی رہوں، تحریک کیلئے مکمل پلان تیار کر لیا، نواز شریف کے کھانے گھر سے آتے 100،100 لوگ ملاقات کرتے تھے مگر عمران خان کو مکمل تنہائی میں رکھا گیا، عمران خان جیسی قید ملکی تاریخ میں کسی نے نہیں کاٹی، بچوں سے بات نہیں کرنے دیتے، کتابیں تک نہیں دی گئیں۔

بقیہ 8 انتخابات کی تاریخ

پولنگ 21 جولائی کو خیبر پختونخوا اسمبلی میں ہوگی، الیکشن کمیشن نے 2 اپریل 2024 کو مذکورہ بالا انتخابات سپیکر کی طرف سے مخصوص نشستوں پر منتخب ممبران صوبائی اسمبلی سے حلف نہ لینے اور الیکٹورل کالج نامکمل ہونے کی وجہ سے ملتوی کیے تھے، تاہم نشتر کی سینٹ سے خالی کردہ نشست پر انتخابات کیلئے الیکشن پروگرام بھی جاری کر دیا گیا۔

بقیہ 9 نائب سربراہ

پاکستان کی جانب سے اشارہ دیا گیا وہ جانتا ہے ہمارا اہم دفاعی نظام متحرک ہے، پاکستان کو چین سے بھارتی اہداف کی براہ راست معلومات مل رہی تھیں، بھارت کا فضائی دفاعی نظام مطلوبہ کارکردگی دکھانے میں ناکام رہا، بھارتی نائب آرمی چیف پاکستان چین اور ترکی کی قربت سے بھی خوفزدہ نظر آئے جب ڈی جی ایم او (ڈائریکٹر جنرل ملٹری آپریشنز) سطح کی بات چیت جاری تھی تو پاکستان نے کہا معلوم ہے آپ کا فلاں اہم ویکٹر تیار ہے اور کارروائی کیلئے پرائمڈ ہے، پاکستان کو چین سے براہ راست معلومات مل رہی تھیں۔

بقیہ 10 ترغیبی پروگرام

نے ڈرونز، پرزہ جات کی مقامی تیاری کو فروغ دینے کیلئے 23 کروڑ 40 لاکھ ڈالر مالیت کا نیا ترغیبی پروگرام شروع کرنے کا فیصلہ کر لیا، رائٹرز کی خصوصی رپورٹ کے مطابق بھارتی حکومت کا 3 سالہ منصوبہ ڈرونز، پرزہ جات، سافٹ ویئر، کاؤنٹر ڈرون سسٹم و متعلقہ خدمات کی مقامی سطح پر تیاری پر مرکوز ہوگا، اقدام خاص طور پر پاکستان کے ڈرون پروگرام کا مقابلہ کرنے کیلئے اٹھایا گیا جو چین اور ترکی کی مدد سے چلایا جا رہا ہے۔

بقیہ 11 بارش اور آندھی

خدشہ ہے، محکمہ موسمیات کے مطابق اسلام آباد، لاہور، راولپنڈی، اٹک اور جہلم سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں طوفان کے ساتھ بارش کا امکان ہے، پشاور، دیر، سوات، چترال اور کوہستان سمیت خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں میں بھی گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے، کوئٹہ، ژوب، زیارت اور قلات سمیت بلوچستان کے مختلف شہروں میں بھی بادل برسنے کے امکانات ہیں۔

بقیہ 12 ایمان قتل کیس

نے گرفتار ملزم فیروز کو 2 دن کا جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے پر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں پیش کیا، ڈیوٹی مجسٹریٹ آصف کی عدالت نے پولیس کی جانب سے مزید 7 دن کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا پر ملزم فیروز کے جسمانی ریمانڈ میں 6 دن کی توسیع کر دی۔

بقیہ 13 بڑا حملہ

کی بمباری سے دارالحکومت کے 10 اضلاع کو شدید نقصان پہنچا، حملے کے نتیجے میں گھروں اور گاڑیوں میں آگ بھڑک اٹھی، یوکرینی ایئر فورس کے مطابق روسی حملے میں 539 ڈرونز اور 11 میزائل داغے گئے، روسی افواج نے رات گئے کیف کو نشانہ بنایا، شہر میں دھماکوں کی گونج سنائی دی اور فضا میں زہریلے دھوئیں کے بادل چھا گئے، روس کی جانب سے حملہ ٹرمپ پیوٹن ٹیلی فون گفتگو کے بعد کیا گیا۔

بقیہ 14 درخواست گزاروں

مشکلات کا براہ راست ادراک حاصل کرنا اور ان کے ازالے کے لیے بروقت اقدامات کو یقینی بنانا ہے مختلف علاقوں سے آنے والے شہریوں نے اپنے مسائل، تجاویز اور شکایات وزیر اعلیٰ کے سامنے رکھیں جن میں صحت، تعلیم، پینے کے پانی، سڑکوں، روزگار، اور بلدیاتی خدمات سے متعلق معاملات شامل تھے وزیر اعلیٰ نے ہر شہری کی بات بغور سنی اور موقع پر موجود متعلقہ محکموں کے سیکرٹریز، ڈائریکٹرز اور دیگر افسران کو ہدایات دیں کہ سروس ڈیلیوری کے نظام کو بہتر بنا کر عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے

بقیہ 15 چینی کی قیمت

جبکہ اوسط قیمت 184 روپے 92 پیسے فی کلو ہوگئی، وفاقی ادارہ شماریات نے نئے اعداد و شمار جاری کر دیئے، اعداد و شمار کے مطابق ایک ہفتے میں چینی کی اوسط قیمت میں 2 روپے 32 پیسے فی کلو اضافہ ہوا، ملک میں چینی کی اوسط قیمت 184 روپے 92 پیسے فی کلو ہے

بقیہ 16 چیلنج کر دیا

نشستوں کی تقسیم کو چیلنج کرتے ہوئے پشاور ہائی کورٹ میں درخواست دائر کر دی، درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے جے یو آئی (ف) کو 7 جنرل نشستوں پر 10 مخصوص نشستیں دی گئیں جبکہ صوبائی اسمبلی میں ن لیگ کی بھی 7 نشستیں ہیں اور 8 مخصوص نشستیں دی گئیں۔

بقیہ 17 بلاول بھٹو

بنا رہا ہے، نیا نظریہ پاکستانی اور بھارتی عوام دونوں کیلئے خطرناک ہے، پاکستان کا ماضی صرف ایک ملک کا ماضی نہیں بلکہ خطے کے ماضی کی عکاسی ہے، چیئرمین پی پی پی نے کہا پاکستان ایف اے ٹی ایف کے مکمل مراحل سے گزر کر یہاں تک آیا، ایف اے ٹی ایف نے پاکستان کی دہشتگردی کے خلاف کارروائیوں کو سراہا، بھارت میں ہونے والے دہشتگرد حملوں میں پاکستان ملوث نہیں، پاکستان کو روز کی بنیاد پر دہشتگردی کے واقعات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، بھارت پہلگام حملوں کے ٹھوس شواہد فراہم نہیں کر سکا۔

بقیہ 18 سیاحوں کی گاڑی

ہوگیا، پولیس کے مطابق جاں بحق ہونیوالوں میں 5 خواتین، ایک مرد شامل ہے، لاشیں نکال لی گئیں۔

بقیہ 19 جعفر مندوخیل

بنایا جا سکے۔ اپنے ایک بیان گورنر بلوچستان نے توقع ظاہر کی کہ 8، 9 اور 10 محرم کو عاشورہ کی مجالس اور جلوسوں کی حفاظت کیلئے اضافی نفری تعینات کر کے حفاظتی اقدامات مزید سخت کیے جائیں گے۔ گورنر مندوخیل نے اس بات پر زور دیا کہ ضلعی انتظامیہ اور پولیس افسران کو محرم کے دوران عوام کے تحفظ اور سکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے متحرک اور چوکس رہیں۔ انہوں نے سکیورٹی کے انتظامات پر تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ حفاظتی انتظامات اور خاص طور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی۔

بقیہ 20 عمارت منہدم

2 کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے، کراچی کے جناح اور سول ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی، گرنے والی عمارت سے ملحقہ 2 اور 7 منزلہ عمارتوں کو بھی خالی کرا لیا گیا، علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد بھی امدادی سرگرمیوں میں مصروف رہی، وزیر بلدیات سندھ سعید غنی نے عمارت گرنے کا نوٹس لیتے ہوئے سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کے متعلقہ ڈائریکٹر اور ڈپٹی ڈائریکٹر کو معطل کر دیا گیا، دوسری جانب صدر، وزیراعظم نے ہلاکتوں پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولت فراہم کی جائیں، مستقبل میں حادثات سے بچاؤ کیلئے ترجیحی بنیادوں پر حکمت عملی بنائی جائے۔

بقیہ 21 افغان مہاجرین

کے پروف آف رجسٹریشن (پی او آر) کارڈز میں توسیع زیر غور ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ پی او آر کارڈز کی مدت میں توسیع کیبارے میں حتمی فیصلہ ہونے تک کوئی کارروائی نہ کی جائے اور انہیں ہراساں نہ کیا جائے۔ اعلامیہ کے مطابق اس سلسلے میں وزارت داخلہ، چیف سیکرٹریز اور آئی جی پیز کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔

بقیہ 22 سیلاب کا الرٹ

درجہ حرارت میں مزید اضافے و موسمی تبدیلیوں کے باعث گلیشیئر جھیلوں کے پھٹنے (GLOF) کا خطرہ بڑھ گیا جو متاثرہ وادیوں میں فلیش فلڈ اور گلیشیائی سیلاب کا باعث بن سکتا ہے، محکمہ موسمیات نے کہا بلند درجہ حرارت و موسمی نظام گلیشیئر جھیلوں پر دباؤ بڑھا رہا ہے ہیں

بقیہ 23 سعد رفیق

مار دھاڑ اور ہنگامہ آرائی کیلئے نہیں بنیں، پنجاب میں پیدا ہونے والا حالیہ مسئلہ اسمبلی کے اندر ہی حل ہونا چاہیے، تمام جماعتوں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، رکنیت کی معطلی سپیکر کا آئینی اختیار ہے مگر اراکین کی مستقل رکنیت ختم کرانے کی کوئی کوشش نہ کی جائے، سعد رفیق نے کہا اگر اراکین اسمبلی کو اس طریقے سے باہر نکالنے کی روایت پڑی تو آنے والی اسمبلیاں بھی اسی راستے سے گزریں گی، مفلوج الحال، لاغر جمہوریت پر رحم کیا جائے، اپنی پگڑی کسی اور کے ہاتھ نہ دیں، سیاسی اختلافات کو پارلیمانی دائرے میں حل کیا جانا چاہیے۔

بقیہ 24 تجارتی خسارہ

کر دی، رپورٹ کے مطابق مالی سال 2024 سے 25 میں تجارتی خسارہ بڑھ کر 26 ارب 27 کروڑ ڈالر ہوگیا، دستاویز کے مطابق جون میں بھی تجارتی خسارہ 2 ارب 32 کروڑ ڈالر ریکارڈ کیا گیا، گزشتہ مالی سال ملکی مجموعی برآمدات میں 4.67 فیصد اضافہ ہوا جبکہ مالی سال 2024 سے 25 کے دوران برآمدات 32 ارب 10 کروڑ ڈالر سے زائد رہیں،

بقیہ 25 چیف جسٹس

کے ساتھ ہر ممکن تعاون کو یقینی بنانے اور ان کی مکمل رہنمائی اور کسی بھی قسم کی شکایت کا فوری ازالہ ممکن بنانے کی ہدایت کی ہے۔ تاکہ عدالت عالیہ میں سائلین کو ایک مثالی ماحول فراہم ہو۔ مزید یہ کہ کسی بھی اہلکار کے خلاف غیر مناسب رویے سے متعلق شکایات پر انتہائی سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 26 تجارتی مذاکرات

میں موجود پاکستانی وفد، امریکی تجارتی حکام کے درمیان مذاکرات کامیابی سے مکمل ہو چکے، آئندہ دنوں تجارتی ٹیرف پر مزید پیش رفت متوقع ہے، دونوں ممالک وسیع تجارتی فریم ورک پر معاہدے کی جانب بڑھ رہے ہیں، کچھ بڑے فیصلوں کی

ضرورت ہے، مزید وقت درکار ہوگا، وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کے مطابق پاکستان نے امریکہ سے خام تیل خریدنے کا فیصلہ کر لیا ہے جو تجارتی معاہدہ حتمی شکل اختیار کرے گا پاکستان تیل کو عملی جامہ پہنانے کی طرف بڑھے گا، WTI (ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ) آئل مارکیٹ جو امریکہ کی نمایاں خام تیل مارکیٹ ہے، برنٹ مارکیٹ سے 3 سے 4 ڈالر فی بیرل سستی ہے جو پاکستان کیلئے معاشی طور پر موزوں آپشن ہے۔

بقیہ 27 اشتہاری قرار

2024 میں پی ٹی آئی احتجاج کے دوران پولیس پر تشدد مقدمے کی سماعت کی، دوران سماعت عدالت نے پی ٹی آئی رہنماؤں کے دائمی وارنٹ گرفتاری بھی جاری کر دیئے، پولیس نے عدالت میں رپورٹ جمع کرائی ملزموں نے گرفتاری کے خوف سے خود کو روپوش کر رکھا ہے، گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں، اشتہاری قرار دیا جائے۔

بقیہ 28 مہنگائی

ہفتہ وار مہنگائی میں اضافے کی رفتار میں 0.73 فیصد اضافہ ہو گیا اور سالانہ بنیاد پر بھی شرح 1.52 فیصد سے بڑھ کر 2.06 فیصد ہوگئی، ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 18 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، 6 اشیا سستی اور 27 اشیا کی قیمتوں میں استحکام رہا۔

بقیہ 29 امریکی صدر

پتہ چل جائے گا تجاویز کو حتمی پیکیج قرار دیتے ہوئے ٹرمپ نے امید ظاہر کی نتیجے میں خطے میں جاری تنازع کے خاتمے کی راہ ہموار ہوگی۔

بقیہ 30 ٹرمپ

بہترین امیدوار ہوں، ملک کے 250 ویں یوم آزادی کے موقع پر آئیووا سٹیٹ فیئر گراؤنڈز میں عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا 5 بین الاقوامی جنگیں رکوا کر دنیا میں امن قائم کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا، نوبل امن انعام کیلئے بہترین امیدوار ہوں، پاکستان، بھارت کے درمیان ممکنہ ایٹمی تصادم کو رکوایا، کانگو و روانڈا کے درمیان 30 سال سے خانہ جنگی جاری تھی، 60 لاکھ افراد ہلاک ہوئے اسے ختم کرایا،

بقیہ 31 سرفراز بگٹی

میں بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ ایسے افسران جو اپنی ذمہ داریوں کو خلوص، دیانت اور پیشہ ورانہ قابلیت سے ادا کرتے ہیں، وہ قابل ستائش ہیں اور حکومت ان کی حوصلہ افزائی جاری رکھے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں اچھی طرز حکمرانی کا قیام مضبوط اور فعال ضلعی انتظامیہ کے بغیر ممکن نہیں۔

بقیہ 32 دہشتگرد گرفتار

سکنہ ناور خیل اور آصف نواز ساکن کیسر خیل کے ناموں سے ہوئی جو لکی مروت پولیس کو متعدد سنگین مقدمات میں مطلوب تھے، ریجنل پولیس افسر بنوں سجاد خان نے ایس ایچ او تھانہ شہباز خیل شکیل خان وزیری اور ٹیم کو دہشتگردوں کی گرفتاری پر شاباش دیتے ہوئے بہترین کارکردگی کو جاری رکھنے کا کہا، علاقے میں امن کے قیام تک جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 33 قیدیوں

جیلوں میں سزا یافتہ قیدیوں کیلئے عرش، دیت اور دمن کی ادائیگی کی مد میں 80 لاکھ روپے کی خطیر رقم جاری کر دی ہے اس اقدام کا مقصد ان قیدیوں کو رہائی دلوانا ہے جو مالی وسائل نہ ہونے کی وجہ سے اپنی سزا پوری کرنے کے باوجود جیلوں میں قید تھے۔ یہ رقم ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ بلوچستان حمزہ شفقات نے چیک کی صورت میں وصول کی، جو کہ وفاقی حکومت کی جانب سے ڈائریکٹر ہیومن رائٹس کے توسط سے جاری کی گئی اس موقع پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام نہ صرف عدالتی انصاف کے نظام میں بہتری لائے گا بلکہ ان قیدیوں اور ان کے خاندانوں کیلئے ایک نئی امید کی کرن ثابت ہوگا حکومت بلوچستان اس رقم کو شفاف طریقے سے مستحق قیدیوں میں تقسیم کرے گی تاکہ وہ اپنی قانونی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے بعد جیلوں سے رہائی پا سکیں اور معاشرے میں ایک باعزت زندگی گزار سکیں۔

بقیہ 34 گنڈاپور

صحافیوں سے غیر رسمی بات چیت کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور نے کہا بجٹ پاس نہ کرتے تو حکومت چلی جاتی اور قصور اپنا ہی ہوتا، مخالفین شادیانے بجاتے، اپنے ہی ساتھیوں کا پروپیگنڈا تھا بجٹ پیش نہ کرو اور پھر بجٹ پاس نہ کرنے کا شور شروع کر دیا، پارٹی کو بجٹ کی منظوری پر بیرسٹر سیف نے بریفنگ دی کپتان نے سپیرین اچکزئی کی منظوری پر اطمینان کا اظہار کیا، بجٹ کی منظوری میں صرف دو اراکین نے ووٹ نہیں دیا اور وہ سب کو معلوم ہے کس کے بندے ہیں، وزیر اعلیٰ کے پی کے نے کہا صوبائی اسمبلی کے نئے اراکین کے حلف کے بعد معاملات سامنے آئیں گے، میں آزاد نہیں پی ٹی آئی کا رکن ہوں کیونکہ اپنے کاغذات نامزدگی میں خود کو آزاد نہیں لکھا، سینٹ کے 21 جولائی کے انتخابات پر مشاورت کی جائے گی، گورنر کو کہیں انکار سکتا ہوں چوہدری ہوں جائے، اپنے کاغذات نامزدگی کی بنیاد پر عدالت سے رجوع کرتے جا رہا ہوں تاکہ مخصوص نشستیں دی جائیں۔

بقیہ 35 رضا ربانی

کی ڈالی کیلئے ریفرنس بھیجنا افسوسناک ہے، مطالبہ قابل قبول نہیں، رضا ربانی نے کہا ایوان میں احتجاج پارلیمانی روایت کا حصہ ہے، ماضی میں صدر اور وزیر خزانہ کی تقاریر بھی متاثر ہو چکی ہیں، سپیکر کو معطلی یا دیگر کارروائی کا اختیار قواعد و ضوابط میں موجود ہے سپیکر کا اپنے ہی ارکان کی نااہلی کی درخواست دینا منصب کے شایان شان نہیں۔

بقیہ 36 مسافر طیارے

دوران ایران کی معراج ائیر اور ایران گورنمنٹ کے 8 طیارے 18 اور 20 جون کو مقتا ائیرپورٹ پر منتقل کیے گئے، 7 طیاروں نے جمعرات 3 جولائی کی شام کو مقتا سے کیے بعد دیگرے اڑان بھرنا شروع کی، 2 طیارے ایران کے چاہ بہار ائیرپورٹ پر اترے، ایران گورنمنٹ کے ایک طیارے کو مشہد اور دوسرے کو زاہدان لینڈ کرایا گیا اسی طرح دیگر طیاروں نے بھی ایران کے زاہدان ائیرپورٹ پر لینڈنگ کی، ایوی ایشن ذرائع کے مطابق معراج ائیر کا ایک طیارہ مقتا ائیرپورٹ پر فنی خرابی کا شکار ہے جسے گراؤنڈ کر دیا گیا۔

بقیہ 37 آئینہ دکھا دیا

ایشیا میں بد معاش، انتہا پسند ریاست بن چکا جو خطے کے امن کیلئے شدید خطرہ ہے، انسانی حقوق کی مسلسل سنگین خلاف ورزیاں کرنے والا بھارت بد قسمتی سے پڑوسی ہے اور پڑوسی ملک کیخلاف سرحدی جارحیت اور پانی بند کرنے کی دھمکیاں دے کر بھارت خطے کو ایٹمی جنگ کی طرف دھکیلنا چاہتا ہے، دانیال حسین نے کہا کوئی ابہام نہیں بھارت پاکستان میں دہشتگردوں کی پشت پناہی کر رہا ہے، بھارتی قیادت کھلے عام دہشتگردی کا کریڈٹ لیتی ہے، بھارت میں اختلاف رائے پر لوگوں کو قتل کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 38 نوٹس

سندھ سعید غنی نے عمارت گرنے کا نوٹس لیتے ہوئے سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کے متعلقہ ڈائریکٹر اور ڈپٹی ڈائریکٹر کو معطل کر دیا گیا، دوسری جانب صدر وزیراعظم نے ہلاکتوں پر اظہار افسوس کیا

بقیہ 39 سہولت کی فراہمی

بارے میں شہریوں کو واضح معلومات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈائریکٹر پاسپورٹ بلوچستان فیاض حسین سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ فوری اور شفاف خدمات پر توجہ دیکر ہم عوام کی زندگیوں پر مثبت اثر ڈال سکتے ہیں ہمارا مقصد ایسی خدمات فراہم کرنا ہے جو موثر اور کسٹمر پر مرکوز ہوں کسٹمر سروس کو ترجیح دے کر اور جدید ٹیکنالوجی کا فائدہ اٹھا کر عوام کی زندگی میں آسانیاں پیدا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ اپنے ادارے کی کارکردگی اور اپنی خدمات کا مسلسل جائزہ لیتے رہیں اور بہتر بناتے رہیں، اس کیلئے ہمیں غیر معمولی کسٹمر سروسز کی فراہمی، مسلسل بہتری اور ڈیجیٹل سہولت کی فراہمی پر توجہ مرکوز کرنی ہوگی۔

بقیہ 40 گی کو جدید طرز پر

زرکون، سیکرٹری قانون ڈاکٹر پرویز احمد نوشیروانی اور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ کے سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت سروس ڈیلیوری بہتر طریقے سے انجام دے سکتے ہیں اور اس کے ساتھ صوبے کے محاصل میں اضافے کا ذریعہ بن سکتے ہیں اس لئے ہماری حکومت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت منصوبے چلانے کو ترجیح دیتی ہے کیونکہ ہمارے سامنے ملک اور دنیا کے ترقی یافتہ شہروں نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت ترقی کی ہے اجلاس میں S&GAD آفیسرز کلب کو مخصوص مدت کیلئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل کے تحت چلانے کی تجویز پیش کی گئی تاکہ اس میں جدید طرز پر اصلاحات بروئے کار لائے جا سکیں اسی طرح صنعاء کوئٹہ پروجیکٹ کو وسعت دے کر اسے 9 یونین کونسلز تک پھیلانے اور وہاں سے کچرا اٹھانے کی سہولیات فراہم کرنے کی تجویز بھی زیر غور آئی اجلاس میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ یونٹ داتھارٹی کے سروس رولز سے متعلق اجلاس کے شرکاء کی آپس میں تفصیلی گفتگو ہوئی اور اس پر مزید کام کیلئے ایک سب کمیٹی کے قیام کی سفارش کی گئی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ محکمہ بلدیات کے زیر اہتمام دکانیں اور کمرشل ایریاز کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ موڈ کے تحت نجی شعبے کے حوالے کیا جائے گا، تاکہ ان اثاثوں کو موثر طریقے سے استعمال میں لا کر صوبے کی آمدن میں اضافہ ممکن بنایا جا سکے اس کے ساتھ ساتھ ضلع سبیلہ میں سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لئے بورڈ آف انویسٹمنٹ کے ذریعے پرائیویٹ پارٹنرشپ لانے کی تجویز بھی سامنے آئی جس کے ذریعے صنعتی ترقی اور مقامی روزگار میں بہتری آئے گی اس موقع پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ بلوچستان میں ترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے نجی شعبے کے ساتھ اشتراک ضروری ہے حکومت سرمایہ کاری، روزگار اور بہتر خدمات کی فراہمی کیلئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل کو موثر طور پر اپنانے کے لئے تگ و دو کر رہی ہے تاکہ صوبے کے بڑے شہروں کے نظام زندگی کو جدید طرز پر لایا جا سکے۔

بقیہ 41 پی کے نیپ

س بنیاد پر کہ ان شعبوں میں طلبہ کم اور اساتذہ زیادہ ہیں، ان شعبہ جات کو بند کرنا علمی جبر ہے، جسے کسی فورم پر جائز قرار نہیں دیا جا سکتا۔ یہ اقدام دراصل قومی زبانوں، خاص طور پر پشتو، بلوچی اور براہوی و ان اقوام کے ادبیات و تاریخ اور تمدن کے خلاف سازش ہے۔ پارٹی نے واضح کیا کہ وہ اپنی قومی زبانوں کے تحفظ و فروغ کے لیے تمام جمہوری پارٹیوں اور تنظیموں کے ساتھ مل کر مزاحمت کرے گی۔ بیان میں یہ بھی نشاندہی کی گئی کہ بلوچستان کی 11 سرکاری جامعات شدید مالی بحران کا شکار ہیں، اساتذہ کو تنخواہیں نہیں ملتیں اور طلبہ پر فیسوں کا بوجھ اس قدر بڑھا دیا گیا ہے کہ 16 ہزار طلبہ کی تعداد کم ہو کر صرف 6 ہزار رہ گئی ہے۔ مزید کہا گیا کہ حکومت نے 26-2025 کے بجٹ میں 45 ارب روپے کا سپلیمنٹری بجٹ منظور کرایا، جس کی تفصیلات عوام یا اسمبلی کے سامنے نہیں رکھی گئیں۔ اسی طرح حالیہ صوبائی بجٹ میں 70 فیصد سے زائد اسکیمیں غیر منظور شدہ (Unapproved) ہیں، جبکہ اربوں روپے بلاک الاٹیشن کی مد میں رکھے گئے ہیں۔ ہر ڈپٹی کمشنر اور کمشنر کو بھی اربوں روپے کے فنڈز دیے گئے ہیں، اور مختلف این جی اوز کو بھی خطیر رقوم فراہم کی گئی ہیں۔ اس کا واضح مطلب یہ ہے کہ یہ رقوم کرپشن اور کمیشن کا ذریعہ بنیں گی۔ دوسری جانب تعلیم جیسے اہم اور بنیادی شعبے کو یکسر نظر انداز کیا گیا ہے۔ پورے صوبے کی تمام جامعات کے لیے صرف 8 ارب روپے مختص کرنا تعلیم دشمنی نہیں تو اور کیا ہے؟ حکومت اور اس کے سرپرستوں کی پوری کوشش ہے کہ صوبے کے تعلیمی ادارے بند کر کے نوجوان نسل کو علم، شعور اور آگاہی سے محروم رکھا جائے۔ بیان میں زور دیا گیا کہ دنیا بھر میں اقوام نے اپنی زبان کے ذریعے ترقی کی ہے۔ پشتو محض ایک زبان نہیں بلکہ مزاحمت، فکری آزادی اور تہذیبی بقا کی علامت ہے۔ خوشحال خان خٹک، رحمان بابا اور غنی خان کی شاعری نے پشتو کو مزاحمتی ادب کی زبان بنایا ہے۔ موجودہ ریاستی پالیسیاں دانستہ طور پر پشتو زبان کو تعلیمی اور علمی میدان سے باہر کرنے کی کوشش کر رہی ہیں، جو کہ فکری غلامی کو فروغ دینے کے مترادف ہے۔ بیان کے آخر میں کہا گیا کہ وقت آ گیا ہے کہ پشتو زبان کو صرف بول چال کی حد تک نہ رکھا جائے بلکہ اسے تحقیق، سائنس، تعلیم، میڈیا اور پالیسی سازی کی زبان بنایا جائے۔ پشتو میں نصاب، سائنسی مواد، تراجم، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور تحقیقی جرائد کے ذریعے علم کو عام کیا جائے۔

بقیہ 42 حمایت کا اعلان

چانڈیو نے ٹیلی فونک رابطہ کیا اس موقع پر انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے بلوچستان اور سندھ کے قدرتی وسائل پر قبضہ اور لوٹ مار پر تشویش کا اظہار اور سندھ اور بلوچستان کے قومی حقوق کیلئے مشترکہ جدوجہد پر اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ قومی حقوق کی جدوجہد میں سندھ کے لوگ بلوچستان کے لوگوں کے شانہ بشانہ ہیں، انہوں نے کہا کہ سندھ اور بلوچستان کے حقوق کیلئے ہونے والی جدوجہد میں جیسے سندھ محاذ اور سندھ کی قوم پرست قیادت شامل ہوئی، نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے جیسے سندھ محاذ کے چیئرمین ریاض علی چانڈیو اور دیگر قوم پرست قیادت کا مشترکہ جدوجہد کے عزم پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کیا

بقیہ 43 حصہ اگر ریاستی

رہا ہے اور پرچون فروشوں کو بھی نہیں، دیگر طبقات کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے ترغیبی و تادیبی طریقے موثر بنانے کی ضرورت واضح ہوتی ہے ٹیکس کا فلسفہ یہ ہے کہ ریاست کو اپنے شہریوں کے تحفظ و سماجی کے تقاضوں سے لیکر انہیں سڑکوں، پلوں، شاہراہوں، فراہمی آب، نکاسی، ماحولیاتی ضروریات، امن و امان تعلیم سمیت بیشمار مدوں میں سہولتوں کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے سرمایہ درکار ہوتا ہے جس میں ریاست کے شہری اپنا اپنا حصہ ٹیکس کی صورت میں ادا کرتے ہیں یہ حصہ اگر ریاستی وسائل سے زیادہ فوائد حاصل کرنے والے طبقات زیادہ ادا کرتے ہیں اور کم فوائد حاصل کرنے والے طبقات اپنے وسائل کے اعتبار سے کم ادا کر رہے ہیں تو اسے انصاف پر مبنی کہا جاتا اور فوائد معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچانے کے ذریعے کے طور پر دیکھا جاتا ہے

بقیہ 44 مولانا عبدالواسع

بقیہ 45 معیار زندگی

بقیہ 46 جمال شاہ کاکڑ

بقیہ 47 فخر کرتی

بقیہ 48 بازیابی ممکن

بقیہ 49 کارروائی شروع

بقیہ 50 مذاکرات کیلئے تیار

بقیہ 51 موسم خوشگوار

بقیہ 52 ہوشربا مہنگائی

بقیہ 53 کامرس

بقیہ 54 بھی جاگتی

بقیہ 55 سعودی سفیر

بقیہ 56 نوٹس لیتے

بقیہ 57 اسد قیصر

بقیہ 58 نقش برتاؤ

بقیہ 59 تحسین پیش

بقیہ 60 سڑک کرنے سے گریز

بقیہ 61 طلال چوہدری

بقیہ 62 بحال کریں

بقیہ 63 فیری سروس

بقیہ 64 مولانا رمضان مینگل

بقیہ 65 علی حسن زہری

بقیہ 66 مولانا ہدایت الرحمان

بقیہ 67 بڑی کامیابی

بقیہ 68 کا ایک گلدستہ

بقیہ 69 فلسطینیوں پر فائرنگ

بقیہ 70 پانی کی سطح

بقیہ 71 حنیف عباسی

ایران و عراق جانیوالے زائرین کیلئے پروازوں میں اضافہ، فیری سروس شروع کرنے کا بھی فیصلہ

عاشورہ کے بعد اربعین کیلئے سیکیورٹی صورتحال کا از سر نو جائزہ لیکر زمینی راستے سے سفر کی اجازت دینے یا نہ دینے کا فیصلہ ہوگا

متعلقہ ادارے زائرین کی آڑ میں غیر قانونی طور پر عراق جانے والے افراد کو روکنے کیلئے اقدامات کریں، وزیر داخلہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) حکومت نے ایران و عراق جانیوالے زائرین کیلئے پروازوں میں اضافے کیساتھ فیری سروس بھی شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا، وزیراعظم کی ہدایت پر ایران و عراق جانے والے زائرین کے مسائل کے حل کیلئے قائم خصوصی ٹاسک فورس کا اہم اجلاس وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت ہوا، زائرین کی سہولت و سکیورٹی کیلئے اہم فیصلے کیے گئے، سول ایوی ایشن کی جانب سے دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا ایران جانے والی ہفتہ وار پروازوں کی تعداد 6 سے بڑھا کر 15 کردی گئی، اربعین کے موقع پر عراق کیلئے 107 خصوصی........ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران ملاقات کررہے ہیں

بیڈا ایکٹ کے تحت ملازمین کے خلاف کارروائی کے اختیارات افسران کو تفویض

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری ایجوکیشن سکولز بلوچستان کے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق بیڈا ایکٹ کے تحت مختلف ملازمین کے خلاف کاروائی کا عمل کے اختیارات مختلف افسران کے حوالے کر دیا گیا گریڈ 1 تا 16 کے خلاف کاروائی کے اختیارات ضلع تعلیمی آفسر جبکہ گریڈ 17 کا ڈویژنل ڈائریکٹر اور گریڈ 18 کا ڈائریکٹر گریڈ 19 کا سیکرٹری اور گریڈ 20 کے اختیارات چیف سیکرٹری کو دیے گئے ہے

کوئٹہ: پشتون آباد میں منی پٹرول پمپ میں آتشزدگی سے 2 افراد جھلس گئے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے پشتون آباد میں منی پٹرول پمپ میں آتشزدگی سے 2 افراد جھلس کر زخمی ہوگئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز پشتون آباد میں منی پٹرول پمپ پر اچانک آگ بھڑک اٹھی جس کی اطلاع ملتے پر فائر بریگیڈ کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور آگ پر قابو پالیا آتشزدگی سے جھلس کر 2 افراد زخمی ہوگئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا۔

کے پی حکومت گرانے کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا، بیرسٹر سیف

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات و تعلقات عامہ بیرسٹر سیف نے کہا ہے خیبر پختونخوا حکومت کو گرانے کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا، خیبر پختونخوا میں فارم 45 کی بنیاد پر قائم حقیقی عوامی نمائندہ حکومت ہے، فارم 47 کی طرح کوئی جعلی حکومت نہیں جسے کوئی آسانی سے گرا سکے، وزیر اعلیٰ کی قیادت میں تمام ممبران اسمبلی متحد ہیں، خیبر پختونخوا کا ہر ایم پی اے عمران خان کا سپاہی ہے اور علی امین گنڈاپور کو عمران خان کا پورا اعتماد حاصل ہے، بیرسٹر سیف نے کہا 3 جنرل الیکشن میں عوام نے اپوزیشن جماعتوں کو بار ہا مسترد کیا

گستاخ صحابہ کیخلاف مقدمہ درج کیا جائے، مولانا رمضان مینگل

سیدنا امیر معاویہ کی شان میں کی گئی گستاخی کی مذمت کرتے ہیں، مولانا غلام غوث حقانی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سنی علماء کونسل بلوچستان کے امیر مولانا محمد رمضان مینگل، مولانا غلام غوث حقانی، علامہ ثناء اللہ فاروقی، حافظ قاسم، مفتی کلیم اللہ حیدری، مولوی عبدالحکیم قادری، عبدالولی فاروقی، مولانا عبدالرحیم ساجد نے کہا ہے کہ حکومت نے اوستہ محمد میں گزشتہ شب سیدنا امیر معاویہ کی شان میں گستاخی کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا گیا تاحال اس........ بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

محرم الحرام باطل کے خلاف ڈٹ جانے کا درس دیتا ہے، علی حسن زہری

امام حسین اور ان کے جاں نثار ساتھیوں نے انسانیت کیلئے روشن مثال قائم کی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما، صدر مملکت آصف علی زرداری کے ترجمان اور صوبائی وزیر برائے زراعت و کوآپریٹو میر علی حسن زہری نے شہادت نواسہ رسول اور واقعہ کربلا کے حوالے سے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ محرم الحرام ہمیں ایثار، قربانی، صبر، استقامت اور باطل کے خلاف ڈٹ جانے کا درس دیتا ہے۔ امام حسین اور ان کے........ بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

25 جولائی کو کوئٹہ سے اسلام آباد لانگ مارچ شروع کریں گے، مولانا ہدایت الرحمان

بارڈر ٹریڈ بندش سے 30 لاکھ لوگ بے روزگار ہوئے ہیں گوادر میں تقریب سے خطاب

لاپتہ افراد کی بازیابی سیاسی آزادی کے حصول کیلئے جدوجہد کررہے ہیں، صوبائی امیر جے آئی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ اسلام آباد کے حکمرانوں اور اسٹیبلشمنٹ کا بلوچستان میں عسکری، سیاسی، معاشی مداخلت کے خلاف بلوچستان کے عوام و نوجوان 25 جولائی کوئٹہ سے اسلام آباد لانگ مارچ شروع کریں گے۔ بارڈر ٹریڈ بندش 30 لاکھ لوگوں کو بے روزگار کرنے........ بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: صوبائی دارالحکومت میں ہونیوالی بارش کا منظر

پی آئی اے کو 13 سال پرانے مقدمے میں بڑی کامیابی، 3 ارب 9 کروڑ موصول

رقم پی آئی اے انویسٹمنٹ لمیٹڈ کے حق میں فیصلے کے بعد موصول ہوئی، وزیر دفاع نے تصدیق کردی

فیصلے، عملدرآمد کے مراحل میں 28 سال کا طویل وقت لگا تاہم اب رقم اکاؤنٹ میں منتقل ہو چکی، خواجہ آصف

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کو 13 سال پرانے مقدمے میں بڑی قانونی کامیابی، فیصلے کے تحت پی آئی اے کو مالی معاوضے کی مد میں 3 ارب 9 کروڑ 10 لاکھ روپے موصول ہوگئے، وزیر دفاع خواجہ آصف نے پیشرفت کی تصدیق کرتے ہوئے کہا رقم پی آئی اے انویسٹمنٹ لمیٹڈ کے حق میں فیصلے کے بعد موصول ہوئی، فیصلے، عملدرآمد کے مراحل میں........ بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی تبلیغی جماعت کے امیر ڈاکٹر روح اللہ کے انتقال پر صدیقیہ مرکز میں فاتحہ خوانی کررہے ہیں

خوراک کیلئے قطار لگائے فلسطینیوں پر اسرائیلی فوج کی فائرنگ، 613 شہادتیں

اسرائیل و امریکی حمایت یافتہ امدادی مراکز کی سکیورٹی پر مامور اہلکاروں نے بھوکے فلسطینیوں پر گولیاں برسائیں

اہلکاروں نے گرنیڈز کا بھی استعمال کیا اور ایک دوسرے کیساتھ ہنسی مذاق کرتے محض تفریح کیلئے شہریوں کو نشانہ بنایا

غزہ (بیورو رپورٹ) غزہ میں خوراک کی تقسیم کے مراکز پر اسرائیلی فوج کی اندھا دھند فائرنگ میں 27 مئی سے اب تک 613 فلسطینی شہید ہوچکے، بات اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے نے خصوصی رپورٹ میں بتائی، اقوام متحدہ رپورٹ میں کہا گیا شہید ہونیوالے 613 فلسطینی خوراک کی تقسیم کے مراکز پر قطار میں کھڑے اپنی باری کا انتظار کررہے تھے، خوراک لینے کیلئے آنے والے فلسطینیوں پر براہ راست گولیاں امریکی کنٹریکٹرز نے چلائیں جو اسرائیل، امریکہ کے حمایت یافتہ متنازع امدادی مراکز کی سکیورٹی پر مامور ہیں، اہلکاروں نے گرنیڈز کا بھی استعمال........ بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

مچھ: حادثے کے نتیجے میں 3 خواتین سمیت 5 افراد زخمی

کوئٹہ (آن لائن) بولان کے علاقے میں حادثے کے نتیجے میں 3 خواتین سمیت 5 افراد زخمی ہوگئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بولان کے علاقے مچھ میں دوزان کے مقام پر تیز رفتار ٹرک کار پر الٹنے کے نتیجے میں 3 خواتین سمیت 5 افراد زخمی ہوگئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کررہی ہے۔

گلستان، دو گھرانوں کے درمیان زمینی تنازعہ پر مسلح تصادم، دو افراد جاں بحق

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) گلستان گلی دوتنگی میں دو گھرانوں کے درمیان زمینی تنازعہ پر تصادم فائرنگ سے سید محمد استاد جبکہ دوسری جانب سے بہاؤالدین آکا کا بیٹا جاں بحق ہوگئے فائرنگ سے تین افراد زخمی بھی ہوگئے جنہیں علاج کے لیے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا جبکہ حالات کو کنٹرول کرنے کیلئے لیویز فورس بھاری تعداد میں پہنچ گئی۔

نوشکی: 1 شخص کی نعش برآمد

نوشکی (آن لائن) نوشکی کے علاقے گری سے ایک شخص کی نعش برآمد تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز نوشکی کے علاقے گری سے ایک شخص کی نعش برآمد ہوئی نعش ہسپتال منتقل کردی گئی جس کی شناخت عبدالرشید سکنہ قادر آباد کے نام سے کی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

اوتھل: اسلحہ و ایمونیشن برآمد، 2 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) اوتھل پولیس نے اسلحہ و ایمونیشن برآمد کرکے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی خصوصی ہدایت پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پیر امین اور میر جان کے قبضے سے ایک کلاشنکوف، ایک پسٹل بمعہ راؤنڈز برآمد کرکے قبضے میں لیکر ان کے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

مائننگ پالیسی میں بڑی پیشرفت، امریکہ، چین، روس کو مساوی مواقع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے اربوں ڈالر کے مائننگ معاہدوں کی پیشکش کیلئے "کھلے ہاتھ" کی پالیسی اپنانے کا فیصلہ کرلیا جس کے تحت امریکہ، چین اور روس جیسے حریف ممالک کو مساوی مواقع فراہم کیے جائیں گے، وزارت پٹرولیم نے حال ہی میں امریکی حکام اور کمپنیوں کے ساتھ ایک ویبنار منعقد کیا جس میں مشترکہ منصوبوں کی پیشکش کی گئی

کراچی: لیاری کے علاقے بغدادی میں گرنے والی 6 منزلہ عمارت کے ملبے میں لاشیں دبی ہوئی ہیں

تمپ: نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے 1 شخص ہلاک

واقعہ ملک آباد میں پیش آیا، دیدگ کی نعش ہسپتال منتقل، مزید کارروائی جاری ہے

کوئٹہ (آن لائن) تمپ کے علاقے میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا تفصیلات کے مطابق تمپ کے علاقے ملک آباد میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کرکے دیدگ کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے نعش ہسپتال منتقل کردی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کررہی ہے۔

حب: ڈکیتی کے دوران فائرنگ سے سیکورٹی گارڈ ہلاک

نامعلوم ڈاکو کیش لیکر جانے والی وین سے 70 لاکھ روپے لوٹ کر فرار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) حب میں ڈکیتی کے دوران فائرنگ سے سیکورٹی گارڈ ہلاک ہوگیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز حب انڈسٹریل ایریا میں کیش لے کر جانے والی وین پر نامعلوم ڈاکوؤں نے فائرنگ کرکے سیکورٹی گارڈ کو ہلاک کرکے 70 لاکھ روپے لوٹ کر اپنی گاڑی چھوڑ کر فرار ہوگئے پولیس نے نعش ہسپتال منتقل کرکے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا۔

تربیلا ڈیم میں پانی کی سطح مسلسل بلند، سپل ویز کھولنے کا فیصلہ

سپل ویز کے راستوں میں رہنے والے شہریوں کو محتاط رہنے کی ہدایت کردی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک کے بالائی علاقوں میں لگاتار موسلادھار بارشوں کے باعث تربیلا ڈیم میں پانی کی سطح بلند، ڈیم کے سپل ویز کھولنے کا فیصلہ کرلیا گیا، حکام کی جانب سے سپل ویز کے راستوں میں رہنے والے شہریوں کو محتاط رہنے کی ہدایت کر........ بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی مذاکرات کیلئے معافی نامے ساتھ لیکر آئے، حنیف عباسی

خواجہ آصف سینئر سیاستدان مگر اپنی ہی جماعت کو ہائبرڈ نظام کا طعنہ دیتے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے خواجہ آصف مجھ سے عمر میں کافی بڑے ہیں ان کیساتھ تعلقات کبھی آئیڈیل نہیں رہے وہ اتنے سینئر سیاستدان ہیں مگر اپنی ہی جماعت کو ہائبرڈ نظام کا طعنہ دیتے ہیں، موجودہ نظام ہائبرڈ........ بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

ایف سی بلوچستان کی جانب سے ضلع کوہلو (تدڑی) میں فری میڈیکل کیمپ

خواتین اور بچوں سمیت 144 مریضوں کا طبی معائنہ اور مفت ادویات فراہم کی گئیں

کوئٹہ (پ ر) ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے ضلع کوہلو کے علاقے تدڑی میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا اس کیمپ میں خواتین اور بچوں سمیت 144 مریضوں کا مفت طبی معائنہ، ادویات اور ابتدائی طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔ کیمپ کے انعقاد کا مقصد دور دراز علاقوں کے عوام کو ان کی دہلیز پر مفت اور معیاری صحت کی سہولیات مہیا کرنا تھا۔

دنیا نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت ترقی کی ہے، شعیب نوشیروانی

پی پی پی کے تحت سروس ڈیلیوری بہتر طریقے سے انجام دیے جا سکتے ہیں، زیر صدارت اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (PPP) بورڈ کا ساتواں اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں بلوچستان انویسٹمنٹ بورڈ کے چیئرمین بلال کاکڑ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات (P&D) زاہد سلیم، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات، سیکرٹری خزانہ عمران........ بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

پشتو، بلوچی اور براہوی شعبہ جات کو بند کرنے کا فیصلہ مسترد کرتے ہیں، پی کے میپ

یہ فیصلہ صوبائی حکومت کے پیچھے موجود اداروں کی سازش کا حصہ ہے، مرکزی بیان

مجوزہ حکومتی فیصلہ اقوام، عوام اور علم دشمن اقدام ہے، تاریخ اور تمدن کیخلاف سازش ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکریٹریٹ سے جاری بیان میں جامعہ کوئٹہ کے شعبہ پشتو، بلوچی اور براہوی کو بند کرنے کے حکومتی فیصلے کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے اسے اقوام و عوام دشمن اور علم دشمن اقدام قرار دیا گیا ہے۔ پارٹی نے اس فیصلے کو صوبائی حکومت کے پیچھے موجود اداروں کی سازش کا حصہ قرار دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ محض ا........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

اعلیٰ اثرات کے حامل منصوبوں کو موثر طریقے سے مکمل کیا جائے، چیف سیکرٹری

تمام سیکرٹریز پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت نئے ترقیاتی منصوبوں کے پی سی ون جمع کرائیں، شکیل قادر خان کی ہدایت

زیر صدارت اجلاس میں سٹریٹجک پراجیکٹس میں تیزی، گورننس بہتر اور عوام کو ٹھوس فوائد پہنچانے کیلئے صوبائی حکومت کے عزم کا اعادہ

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں اسٹریٹجک ترقیاتی منصوبوں کی تیاری اور پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اس موقع پر چیف سیکرٹری نے سرکاری اداروں کی کارکردگی، شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنانے کیلئے اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا جبکہ میرٹ کی بنیاد پر تقرریاں، بہتر ترجیحی پروگرام اور کارکردگی کا باقاعدہ جائزہ اداروں جاتی بہتری کیلئے ضروری قرار دیا گیا اجلاس میں فلیگ شپ پراجیکٹس کے نفاذ کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا گیا، جو صوبے کی سماجی و اقتصادی ترقی کے لئے اہم سمجھے جاتے ہیں........ بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

پشین، 2 گروپوں میں تصادم علاقے میں خوف و ہراس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پشین کے علاقے میں 2 گروپوں میں تصادم کے نتیجے میں علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی لیویز کی بھاری نفری علاقے میں پہنچ گئی لیویز ذرائع کے مطابق گزشتہ روز پشین کے علاقے کلی سیم زئی میں 2 گروپوں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس سے علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا تصادم کی وجہ سے دیرینہ رنجش بتائی جاتی ہے تاہم کسی جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

وزیراعظم کی قیادت میں مسلم لیگ نوجوانوں کو آگے لا رہی ہے، جمال شاہ کاکڑ

یوتھ بالخصوص بلوچستان کے حوالے سے وفاقی حکومت سنجیدہ اقدامات کررہی ہے

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) نوجوانوں کو آگے لا رہی ہے، یوتھ بالخصوص بلوچستان کے حوالے سے وفاقی حکومت سنجیدہ اقدامات کررہی ہے، لیپ ٹاپ ہو یا یوتھ قرض کے منصوبے یا یوتھ سکلز ڈویلپمنٹ........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

فتنہ الخوارج کیخلاف سکیورٹی فورسز کی قربانیاں باعث فخر ہیں، سیدال خان ناصر

قوم اپنے محافظوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، قائم مقام چیئرمین سینٹ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے پاک افغان بارڈر پر بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی جانب سے کی جانے والی بروقت، جرات مندانہ اور کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف آپریشن س........ بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

قبائلی عمائدین اے سی تمپ کی بازیابی کیلئے کردار ادا کریں، اہلخانہ کی اپیل

اغواء کاروں سے درخواست کہ وہ انسانی ہمدردی کے ناطے محمد حنیف نورزئی کو بحفاظت رہا کریں

میرے بھائی ایماندار آفیسر انہوں نے ہمیشہ عوامی خدمت کو ترجیح دی، گل داد نورزئی کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر تمپ محمد حنیف نورزئی کے اہل خانہ نے اپیل کی ہے کہ سماجی رہنما، قبائلی عمائدین اور با اثر شخصیات ان کی بازیابی کیلئے موثر کردار ادا کریں انہوں نے اغواء کاروں سے بھی درخواست کی کہ وہ انسانی ہمدردی، بلوچی روایات اور قبائلی اقدار کا احترام کرتے ہوئے محمد حنیف نورزئی کو بحفاظت رہا کریں تربت میں پریس کا........ بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کچلاک، طالب علم کو سزا دینے پر نجی سکول کا ٹیچر قتل

طالب علم کے ماموں شمس اللہ نے سکندر شمیم پر خنجروں سے وار کرکے اسے قتل کردیا، ملزم گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) کچلاک میں بھانجے کو سزا دینے پر ماموں نے نجی سکول کے ٹیچر کو قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز کچلاک کے علاقے کلی لنڈی میں پرائیویٹ سکول کے ٹیچر سکندر شمیم نے ایک طالب علم ابراہیم کو مارا تھا جس کے بعد مذکورہ استاد اور طالب علم کے درمیان راضی نامہ بھی ہوا لیکن گزشتہ روز سکول ٹیچر جب........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کوہلو، آسمانی بجلی گرنے سے 12 سالہ لڑکا جاں بحق

جمعہ کی دوپہر کوئٹہ شہر میں ہونے والی بارش سے موسم خوشگوار، لوگوں کے چہرے کھل اٹھے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور بلوچستان کے مختلف علاقوں میں ہونے والی بارشوں اور آسمانی بجلی گرنے سے ایک 12 سالہ لڑکا جاں بحق اور ایک زخمی ہوگیا کوئٹہ میں بارش سے موسم خوشگوار ہوگیا محکمہ موسمیات کی جانب سے کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں 4 جولائی سے 8 جولائی تک بارشوں کے اسپیل کی پیشنگوئی کی گئی ہے........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

توہین صحابہؓ پر شیعہ علماء کونسل کے مولانا مشرف سومرو گرفتار

سنی علماء کونسل اوستہ محمد نے آج اور کل احتجاجی جلسے کا اعلان کر دیا

اوستہ محمد (آن لائن) صحابہ کرامؓ کے خلاف نازیبا الفاظ استعمال کرنے پر شیعہ علماء کونسل کے مولانا مشرف سومرو گرفتار، ایس ایچ او عبدالرؤف جمالی نے کہا کہ کوئی بھی مذہب یہ اجازت نہیں دیتا کہ کسی کے خلاف غلط بات کرے اور شرانگیزی پھیلائے صحابہؓ کے خلاف نازیبا الفاظ استعمال کرنے پر شیعہ علماء کونسل کے مولانا مشرف سومرو کو پولیس نے گرفتار........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کا سلامتی کونسل میں صدر منتخب ہونا خوش آئند ہے، جمعیت اہلحدیث

یہ اقدام عالمی سطح پر پاکستان کے مثبت کردار کا اعتراف بھی ہے، مولانا ڈاکٹر علی محمد ابوتراب

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی جمعیت اہل حدیث بلوچستان کے امیر مولانا ڈاکٹر علی محمد ابوتراب، ناظم اعلیٰ ڈاکٹر علی جان بلوچ، سینئر نائب امیر مولانا عبدالرزاق خارانی، نائب امیر و سیکرٹری اطلاعات مولانا عصمت اللہ سالم، مفتی سمیع اللہ مفتی سعداللہ ترین مولانا مسعود احمد مولانا عطاء محمد کاکڑ، مولانا ذکریا ذاکر، مولانا حزب اللہ، حاجی جعفر خان عمرانزئی، مولا........ بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

8ویں محرم الحرام کے دوران کوئٹہ میں سیکورٹی انتہائی سخت

شہر کے داخلی راستوں پر گاڑیوں کی تلاشی جاری، اہم مقامات پر سیکورٹی تعینات

کوئٹہ (اے این این) محرم الحرام کے سلسلے میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کے سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر فورسز تعینات اور اندر جانے والوں کی سخت تلاشی لی گئی بازار کے اہم چوکوں اور حساس مقامات پر بھی فورسز تعینات کئے........ بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

سیاسی رہنماؤں کو انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنانا جمہوری اقدار کیلئے خطرناک ہے، اسد قیصر

سابق سپیکر قومی اسمبلی سے ساجد خان ترین سے ملاقات، تحریک تحفظ آئین پر مشاورت، آئندہ کی حکمت عملی پر غور کیا گیا

اتحاد میں شامل تمام جماعتوں کے سربراہان کو ایک جگہ اکٹھا کرکے ملکی سیاسی صورتحال پر ایک سربراہی اجلاس بلانے پر اتفاق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر سے بی این پی مینگل کے رہنما ساجد خان ترین نے ملاقات کی تحریک تحفظ آئین پر مشاورت، آئندہ کی حکمت عملی پر غور، سیاسی انتقامی کارروائیوں کی مذمت کی گئی، بیان کے مطابق ملاقات میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال اور بالخصوص بلوچستان کے حالات پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، اسد قیصر نے بی این پی مینگل کے سربراہ کو ایف آئی اے کے نوٹس، خاندان کے افراد کے خلاف درج ایف آئی آرز کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا سیاسی رہنماؤں کو انتقامی کارروائیوں........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

کچھی کے علاقے میں پولیس کا آپریشن، 13 مغوی مزدور بازیاب

رحیم یار خان (بیورو رپورٹ) کچے کے علاقے میں پولیس نے آپریشن کرکے 13 مزدوروں کو بازیاب کرالیا، ڈی پی او کے مطابق اغوا کار ڈاکوؤں نے بھونگ کے علاقے سے آم کے باغات میں کام کرنے والے 13 مزدوروں کو اغوا کرلیا تھا اور کچے کی طرف لے کر فرار ہوگئے، سرکل بھونگ اور صادق آباد پولیس نے ٹارگیٹڈ آپریشن کے دوران ڈاکوؤں کا محاصرہ کیا تو اغوا کار مغویوں کو چھوڑ کر فرار ہوگئے

جمال شاہ کاکڑ سے جمعیت نظریاتی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات عبدالستار شاہ چشتی ملاقات کررہے ہیں

آج شام 7 بجے تک کولپور و ڈھاڈر شاہراہ پر آمد و رفت بند ہوگی، ڈی سی کچھی

اہل تشیع مکتبہ فکر کے شرکاء کی بڑی تعداد میں کوئٹہ سے کچھی بولان آمد ہوگی، اعلامیہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی کمشنر کچھی کے جاری کردہ اعلامیہ میں عوام الناس کو مطلع کیا گیا ہے کہ آج بروز ہفتہ کو نویں محرم الحرام کے جلوس میں شرکت کیلئے اہل تشیع مکتبہ فکر کے شرکاء کی بڑی تعداد کوئٹہ سے کچھی بولان آمد ہوگی اس سلسلے میں تمام ٹرانسپورٹر حضرات........ بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

دستور گالم گلوچ، گریبان پکڑنے کی اجازت نہیں دیتا، طلال چوہدری

سپیکر پنجاب اسمبلی کا ریفرنس پارلیمانی حرمت کی طرف پہلا قدم ہے، وزیر مملکت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت برائے امور داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے کہا ہے دستور گالم گلوچ اور گریبان پکڑنے کی اجازت نہیں دیتا، پنجاب اسمبلی میں ہنگامہ آرائی، گالم گلوچ ناقابل برداشت ہے، اپوزیشن کے رویے نے سپیکر کو انتہائی اقدام پر مجبور کیا، پی ٹی آئی دور میں پنجاب اسمبلی قائمہ کمیٹیوں کے بغیر چلتی رہیں، سپیکر پنجاب اسمبلی کا ریفرنس........ بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

جدید ٹیکنالوجی کا فائدہ اٹھا کر ہم انتظار کے اوقات کم کرسکتے ہیں، گورنر بلوچستان

تیز رفتار دنیا میں پاسپورٹ اینڈ امیگریشن کی جانب سے اعلیٰ معیار کسٹمر سروس فراہم کرنا خوش آئند ہے، شیخ جعفر خان مندوخیل

ہمارا مقصد ایسی خدمات فراہم کرنا جو موثر اور کسٹمر پر مرکوز ہوں، زونل ڈائریکٹر پاسپورٹ فیاض حسین سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ شفافیت ہی اعتماد کی بنیاد ہے۔ آج کی تیز رفتار دنیا میں ہمارے ڈائریکٹوریٹ آف پاسپورٹ اینڈ امیگریشن کی جانب سے اعلیٰ معیار کی کسٹمر سروس فراہم کرنا خوش آئند ہے مزید آن لائن رسائی، فوری اور شفاف خدمات پر توجہ مرکوز کرکے ہم اپنے صارفین کے ساتھ اعتماد اور اعتبار کا رشتہ پیدا کرسکتے ہیں جدید ٹیکنالوجی کا فائدہ اٹھا کر ہم انتظار کے اوقات کو کم کرسکتے ہیں اور کارکردگی کو بڑھا سکتے ہیں گورنر بلوچستان نے پاسپورٹ کے عملے کو اپنے طریقہ کار میں تیزی پیدا کرنے اور ٹائم لائنز کے........ بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو اے آئی بیسڈ مواصلاتی ڈیجیٹل منصوبے سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے

قائمقام چیئرمین سینیٹ کی جسٹس جمال مندوخیل اور سینیٹر بلال مندوخیل کی والدہ کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) قائمقام چیئرمین سینیٹ سینیٹر سیدال خان نے کوئٹہ میں سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال مندوخیل اور سینیٹر بلال مندوخیل کی رہائش گاہ پر جا کر ان کی والدہ کے انتقال پر دلی افسوس اور گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ انہوں نے مرحومہ کی مغفرت، بلندی درجات اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ قائمقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے اغوا کے بعد بے دردی سے شہید کیے جانے والے معصوم بچے مصور کاکڑ کے والد اور دیگر اہل خانہ سے بھی ملاقات کی

ریاض علی چانڈیو کا حقوق کی جدوجہد میں لشکری رئیسانی کی حمایت کا اعلان

جیئے سندھ محاذ کے چیئرمین کا سابق سینیٹر کو فون ساتھ دینے کی یقین دہانی کرائی

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی سے جیئے سندھ محاذ کے چیئرمین ریاض علی چانڈیو کا رابطہ، بلوچستان کے قدرتی وسائل کے تحفظ اور قومی حقوق کیلئے ہونے والی جدوجہد کی حمایت کا اعلان، سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی سے جمعہ کو جیئے سندھ محاذ کے چیئرمین ریاض علی........ بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

پوری دنیا میں ریاست کا نظام ٹیکسوں پر چلتا ہے، محمد عبدالقادر

اگر پسے طبقے کو ریلیف نہ ملا تو غربت کا خاتمہ کبھی نہیں ہو سکے گا، سینیٹر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران مختلف طبقات سے حاصل ہونے والے محصولات کے اعداد و شمار اس اعتبار سے حوصلہ افزا نہیں کہے جاسکتے کہ اس سے پچھلے مالی سال میں متعارف کرائی گئی تاجر دوست اسکیم کی ناکامی کا اظہار ہو........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی کو پارلیمنٹ سے دور رکھنے کیلئے ہر حربہ استعمال کیا گیا، مولانا عبدالواسع

دھوکے سے پاس کئے گئے مائنز و منرل بل کے خلاف عدالت سے رجوع کیا ہے

جمعیت صوبے کے حق اور عوام کی ملکیت کو کسی بھی صورت چوری ہونے نہیں دے گی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کو پارلیمنٹ سے دور رکھنے کیلئے ہر قسم کی کوششیں کی گئیں، جب یو آئی اسمبلی کے اندر ہوتا یا باہر ملک و صوبے کے حقوق کی جنگ لڑے گی مائنز و منرل بل جو کہ دھوکہ دہی کے بنیاد پر اسمبلی سے پاس کیا گیا ہے جمعیت علماء اسلام........ بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ بورڈ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پی ٹی آئی کے رہنما مذاکرات کیلئے تیار، رکاوٹ صرف عمران خان

تحریک انصاف کی قیادت میں اندرونی اختلافات کھل کر سامنے آنے کے بعد سیاسی منظرنامے میں نئی گنجائش پیدا

جمہوریت کے تسلسل کو یقینی بنانے کی خاطر ضروری ہے تمام فریقین ماضی کے تلخ تجربات سے سبق سیکھیں، لیگی رہنما

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کی قیادت میں اندرونی اختلافات کھل کر سامنے آنے کے بعد سیاسی منظرنامے میں نئی گنجائش پیدا ہوتی نظر آتا ہے، اہم پیشرفت میں کوٹ لکھپت جیل میں قید پی ٹی آئی کے 5 سینئر رہنماؤں نے حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان فوری مذاکرات کی حمایت کرتے ہوئے خط پر دستخط کیے اگرچہ خط میں تاہم ملک کا سیاسی مباحثہ اب بھی عمران خان کی اسٹیبلشمنٹ سے بھی بات چیت کی تائید کی گئی لیکن نمایاں زور سیاسی جماعتوں کے درمیان براہ راست مکالمے پر دیا گیا، حکومت میں شامل ن لیگ، پیپلز پارٹی پہلے........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

ایف سی بلوچستان کی جانب سے ضلع کوہلو (تدڑی) میں فری میڈیکل کیمپ میں ڈاکٹر مریضوں کا معائنہ کررہے ہیں

پاکستان کیساتھ برادرانہ تعلقات کو نئی بلندیوں تک پہنچائینگے، سعودی سفیر

پاکستان اور سعودی عرب کا تعلق صرف سفارتی نہیں بلکہ ایمان، باہمی احترام اور مشترکہ تقدیر پر مبنی ہے، نواف بن سعید المالکی

شاہ سلمان ریلیف کے تحت پاکستان میں صحت کیمپ، یتیموں کی امداد اور فنی تربیت کے مراکز چلائے جارہے ہیں

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت، خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود اور ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز کی قیادت میں ہمیشہ پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ان کا عزم ہے کہ وہ پاکستان کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو نئی بلندیوں تک پہنچائیں گے۔ سعودی سفیر نے یہ بات سعودی سفارت خانے میں منعقد ہونے والی پاکستان میں غذائی تحفظ کے معاون منصوبے کے تیسرے مرحلے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان........ بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار سی پیک کے تناظر میں انتہائی اہم لوکیشن پر واقع ہے، امیر حمزہ زہری

سینٹر فار ڈویلپمنٹ اینڈ اسٹیبلیٹی کے زیر اہتمام سیمینار، صوبائی مشیر بلدیات سمیت دیگر مقررین کا خطاب

گوادر انٹرنیشنل ائیرپورٹ کی تعمیر اور دیگر منصوبوں سے بلوچستان کی عوام میں امید کی کرن پیدا ہوئی ہے

کوئٹہ (این این آئی) سینٹر فار ڈویلپمنٹ اینڈ اسٹیبلیٹی کے زیر اہتمام سی پیک منصوبہ میں ضلع خضدار کا تزویراتی محل وقوع علاقائی تجارت کیلئے ایک محرک جگہ کے عنوان سے ایک سیمینار منعقد جس میں مشیر بلدیات وزیراعلیٰ بلوچستان نوابزادہ امیر حمزہ زہری، کمشنر قلات ڈویژن طفیل بلوچ، ڈاکٹر عرفان اشرف ڈی جی سی ڈی ایس، ماہر الاقوامی........ بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر کو سیاسی جلسوں نہیں، آئینی حدود میں رہنا چاہیے، مینا آفریدی

پشاور (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر اعلیٰ تعلیم مینا خان آفریدی نے کہا ہے کہ گورنر کو سیاسی جلسوں نہیں، آئینی حدود میں رہنا چاہیے، گورنر ہاؤس کو سیاسی اڈہ بنانا آئین کے خلاف ہے، صوبائی وزیر مینا خان آفریدی نے گورنر خیبر پختونخوا کی سیاسی سرگرمیوں پر ردعمل دیتے ہوئے کہا گورنر کا کام آئینی کردار ادا کرنا ہے، سیاسی سرگرمیوں میں مداخلت ناقابل قبول ہے، گورنر ہاؤس کو سیاسی اڈہ بنانا آئین کے خلاف ہے، گورنر غیر جانبدار رہنے کے بجائے اپوزیشن کی زبان بول رہے ہیں

کوئٹہ: سیکورٹی الرٹ کے پیش نظر پولیس اہلکار گھوڑوں پر گشت کررہے ہیں

بیلہ، پورالی ندی میں ڈوب کر 13 سالہ بچی جاں بحق

بختاور نہاتے ہوئے گہرے پانی کی جانب چلی گئی، نعش ورثاء کے حوالے

اوتھل (این این آئی) دریائے پورالی بیلہ میں 13 سالہ بچی نہاتے ہوئے ڈوب کر جاں بحق، ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور نعش کو باہر نکالا تفصیلات کے مطابق جمعہ کے روز تاریخی شہر بیلہ میں دریائے پورالی بیلہ میں 13 سالہ بچی بختاور ولد علی حسن سکنہ بیلہ نہاتے ہوئے گہرے پانی میں جانے سے ڈوب کر جاں بحق ہوگئی ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر نعش کو........ بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کارکن پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، پشتونخوامیپ

ضلع کوئٹہ تحصیل صدر کمیٹی کا اجلاس، پارٹی کے تنظیمی سیاسی امور کا جائزہ، اہم مسائل پر غور

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ ضلع کوئٹہ تحصیل صدر کمیٹی کا اجلاس تحصیل سیکرٹری قیم پیر علیزئی کی صدارت میں منعقد ہوا اجلاس میں پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز ملتان بڑیچ، ملک عمر کاکڑ، گل خلجی، صورت خان کاکڑ، حفیظ ترین........ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

عالم اسلام خطے میں پائیدار امن و سلامتی کی خاطر افغانستان کو تسلیم کرے، جمعیت نظریاتی

معاشی بدحالی کے خاتمے کیلئے بین الاقوامی ڈونرز افغانستان کیلئے ترقیاتی فنڈز بحال کریں، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین

روس کا اقدام خوش آئند دیگر اسلامی ممالک بھی افغانستان کو تسلیم کرنے میں پہل کریں، مولانا عبدالرؤف، عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سینئر نائب امیر مولانا عبدالقادر لونی جنرل سیکرٹری مولانا مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ ڈپٹی مالیات مفتی فدا الرحمان و دیگر نے روس کی جانب سے افغانستان کو تسلیم کرنے کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اسلامی ممالک اور عالمی برادری اسلامی امارات افغانستان کو باضابطہ طور پر تسلیم اور اسلامی امارات افغانستان کی آزادی اور علاقائی سالمیت کا احترام........ بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر